Presented by: Rana Jabir Abbas

# یقین محکم

مُصنّفہ

واعظ و مبلغ حسینیت

## شیخ محمد علی بلتستانوی

(مدیر اعزازی ماہنامہ "معارف اسلام" لاہور)

ناشر

رحمت اللہ بک ایجنسی۔ ناشران و تاجران کتب

بمبئی بازار نزد خوجہ شیعہ اثنا عشری مسجد کھارادر کراچی ۲

jabirabbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

# جدول ولادت و شہادت چہاردہ معصومین علیہم السلام

| اسمائے مقدس | تاریخ ولادت | تاریخ شہادت |
|---|---|---|
| حضرت محمد مصطفےٰ ص | ۱۷ ربیع الاول | ۲۸ صفر |
| حضرت فاطمۃ الزہرا | ۲۰ جمادی الثانی | ۳ جمادی الثانی |
| حضرت علی المرتضےٰ | ۱۳ رجب | ۲۱ رمضان |
| حضرت حسن مجتبیٰ | ۱۵ رمضان | ۲۸ صفر |
| حضرت حسین شہید کربلا | ۳ شعبان | ۱۰ محرم الحرام |
| حضرت زین العابدین | ۱۵ جمادی الثانی | ۲۵ محرم الحرام |
| حضرت محمد باقر | یکم رجب | ۷ ذوالحج |
| حضرت جعفر صادق | ۱۷ ربیع الاول | ۱۵ شوال المکرم |
| حضرت موسیٰ کاظم | ۷ صفر | ۲۵ رجب |
| حضرت علی رضا | ۱۱ ذیقعدہ | ۲۳ ذیقعدہ |
| حضرت محمد تقی | ۱۰ رجب | ۲۹ ذیقعدہ |
| حضرت علی نقی | ۵ رجب | ۳ رجب |
| حضرت حسن عسکری | ۱۰ ربیع الثانی | ۸ ربیع الاول |
| حضرت مہدی | ۱۵ شعبان | بحکم خدا غیبت میں |

جملہ حقوق بحق ناشر محفوظ ہیں!

# اظہارِ تشکر

حُسینیہ تبلیغی چارٹ کی اشاعت کے بعد اپنے محترم و مخدوم علماء کی جانب سے حوصلہ افزائی و سرپرستی ہونے پر میں نے اپنی ۴ برس کی تحقیق کے مطابق "یقینِ محکم" ترتیب دی۔ اس میں اکثر حوالے وہ ہیں جنہیں پڑھ کر میں نے مذہب امامیہ قبول کیا۔ امید ہے کہ مومنین میری اس ادنیٰ خدمت کو شرف قبولیت بخشیں گے اور خطاؤں سے درگذر فرمائیں گے۔

میں اپنے علمائے کرام کا اور "یقینِ محکم" کی اشاعت کے لئے تعاون فرمانے والے مومنین کا شکریہ ادا کرتا ہوں۔

ممنونِ محسنین

محمد علی بٹ

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

یہ کتاب فرزندِ رسولؐ، جگر گوشۂ بتولؑ یعنی
عباسؑ کے مولا، سکینہؑ کے بابا، زینبؑ و اُمِ کلثومؑ کے بے کس بھائی
شاہِ غریب الوطن امامِ مظلوم و بے کفن، پیاسے حسینؑ کے نام سے
منسوب ہے

جنہوں نے کربلا میں وقتِ رخصت یہ وصیت فرمائی تھی۔
"اے میرے شیعو! جب کبھی تم ٹھنڈا پانی پیو تو مجھے یاد کر لینا۔
یا جب کبھی تم کسی بے وطن یا شہید کا حال سنو تو مجھے بلند آواز
سے رونا۔ اے کاش کہ تم روزِ عاشورہ میں سب کے سب مجھے
دیکھتے (کہ) کس طرح میں نے اپنے بچےؑ کے لئے پانی مانگا، پس
انہوں نے مجھ پر رحم کرنے سے انکار کر دیا۔"

سوگوارِ حسینؑ محمد علی پٹیالوی



# فہرست


| نمبر شمار | عنوانات | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| ۱ | مقصدِ تحریر | ۱ |
| ۲ | ثبوتِ ماتم | ۵ |
| ۳ | حضرت رسولِ خدا کے سامنے ماتم | ۵ |
| ۴ | موذنِ رسولؐ بلالؓ نے ماتم کیا | ۸ |
| ۵ | حضرت زہراؑ نے ماتم کیا | ۱۰ |
| ۶ | مقامِ شیخ عبدالحق محدث دہلوی (برائے ثبوتِ ماتم) | ۱۱ |
| ۷ | حضرت عائشہ نے بھی ماتم کیا | ۱۲ |
| ۸ | نکتہ — (زندہ کا ماتم) | ۱۳ |


jabir.abbas@yahoo.com
Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas


۹۔ تکمیلِ شریعت کے بعد ماتم (از حضرت عائشہ) ۱۳
۱۰۔ قرآن مجید میں ثبوتِ ماتم ۱۴
۱۱۔ حضرتِ اویس قرنیؓ ۱۶
۱۲۔ ماتم فعلِ اہلبیتؑ ہے ۱۹
۱۳۔ شبیہ کا جواز ۲۱
۱۴۔ تماثیلِ سلیمانؑ ۲۱
۱۵۔ عقیدۂ توحید اور تماثیل ۲۳
۱۶۔ عہدِ رسالتؐ میں شبیہ ۲۴
۱۷۔ نکتہ (برائے شبیہ) ۲۷
۱۸۔ نکتہ (لفظِ ذوالجناح) ۲۹
۱۹۔ سواریٔ حسینؑ کی نقل بنانا ۲۹





۲۰۔ رضامندیٔ خدا و رسولؐ (از نقلِ سواریٔ حسینؑ) ۳۱
۲۱۔ حضرت شرف الدین بو علی قلندرؒ کے تین مزار ۳۲
۲۲۔ شبیہ کو بوسہ دینا ۳۳
۲۳۔ شبیہ پر پھول ڈالنا ۳۵
۲۴۔ اپنے سر پر خاک ڈالنا ۳۵
۲۵۔ کالے کپڑے ۳۷
۲۶۔ بر سرِ عام مخدرات کے نام لینا ۴۰
۲۷۔ مسئلۂ تقیہ ۴۲
۲۸۔ تقیہ کب جائز ہے ۴۳
۲۹۔ فرقِ تقیہ و منافقت ۴۴
۳۰۔ تقیہ منافیٔ ایمان نہیں ۴۴


jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas




۳۱۔ مجبوراً کفر کرنا بھی جائز ہے (قرآنِ مجید سے ثبوت) ۴۵

۳۲۔ مسلمان جاسوس اور تقیہ ۴۸

۳۳۔ حنفی مفتیوں کا فتویٰ (دلیلِ جوازِ تقیہ) ۴۹

۳۴۔ حضرت یوسفؑ اور تقیہ ۵۰

۳۵۔ شبِ ہجرت کا واقعہ (جوازِ تقیہ) ۵۲

۳۶۔ تقیۂ ابراہیم ۵۳

۳۷۔ ملتِ ابراہیم ۵۴

۳۸۔ مسئلہ متعہ ۵۴

۳۹۔ قرآن میں ذکرِ متعہ ۵۷

۴۰۔ فرمانِ مرتضویؑ (بابت متعہ) ۵۸

۴۱۔ ارشادِ حضرت جابر بن عبداللہ انصاریؓ (بابت متعہ) ۵۹





۴۲۔ صحابی عمران بن حصین کا بیان (بابت متعہ) ۶۰

۴۳۔ نکاحِ دائمی اور متعہ ۶۱

۴۴۔ وضو میں پاؤں کا مسح ۶۲

۴۵۔ جرِ جوار کی تردید (یعنی آیۂ وضو پر گرامر کی بحث) ۶۲

۴۶۔ مذہب شیخ محی الدین ابنِ عربی (بابت آیۂ وضو) ۶۴

۴۷۔ امام حسنؑ اور حسینؑ اَرْجُلِکُمْ پڑھتے تھے ۶۶

۴۸۔ قرأتِ صحابیٔ رسولؐ انس بھی "اَرْجُلِکُمْ" ہے ۶۶

۴۹۔ وجوبِ مسح کا مزید ثبوت ۶۷

۵۰۔ حضرت رسولِ خدا نے پاؤں کے مسح کا حکم دیا ۶۹

۵۱۔ رسولِ خداؐ مسح کرتے تھے ۷۱

۵۲۔ حضرت علی مرتضیٰؑ بھی مسح ہی کرتے تھے ۷۲


jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas




۵۳۔ امام محمد باقرؑ بھی مسح کرتے تھے ۷۳

۵۴۔ حافظ ابنِ حجر عسقلانی کا عُذر ۷۴

۵۵۔ ایک عجیب عُذر کا جواب ۷۵

۵۶۔ طریقۂ نمازِ رسولؐ ۷۷

۵۷۔ بسم اللہ بلند آواز سے پڑھنا ۷۸

۵۸۔ جہرِ بسم اللہ مذہبِ علیؑ ہے ۷۹

۵۹۔ جہرِ بسم اللہ مذہبِ آلِ محمدؐ ہے ۷۹

۶۰۔ سرقۂ تسمیہ (شامی حکمران کا واقعہ) ۸۰

۶۱۔ آلِ محمدؐ "تامین" کے مخالف ہیں ۸۲

۶۲۔ نماز میں قنوت ۸۳

۶۳۔ رفع یدین ۸۴





۶۴۔ جمع بین الصلوتین ۸۴

۶۵۔ سجدہ گاہ کا ثبوت ۸۶

۶۶۔ "خُمرہ" کیا چیز ہے؟ ۸۷

۶۷۔ اِرسال الیدین یعنی ہاتھ کھلے چھوڑ کر نماز پڑھنا ۸۸

۶۸۔ اِمام مالک کا فتویٰ (ہاتھ کھولنے اور باندھنے کے متعلق) ۹۲

۶۹۔ تاویلِ فرنگی محلی کا جواب (متعلقہ اِرسال) ۹۳

۷۰۔ ہاتھ باندھنے کے متعلق امام مالک کا حکم ۹۵

۷۱۔ ہاتھ کھولنے کا مزید ثبوت ۹۶

۷۲۔ مسئلہ تراویح ۹۷

۷۳۔ نمازِ تہجد اور جماعت ۱۰۰

۷۴۔ وقتِ افطارِ صوم ۱۰۲


jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas




۷۵۔ تکبیراتِ جنازہ اور اذان کا مسئلہ ۱۰۳

۷۶۔ "حَیَّ عَلٰی خَیْرِ الْعَمَل" ۱۰۳

۔۔ "اَلصَّلٰوۃُ خَیْرٌ مِّنَ النَّوْم" ۱۰۴

۷۸۔ تکبیراتِ جنازہ (تعداد) ۱۰۵

۷۹۔ قیاس کا مسئلہ۔ اہلبیتؑ کا فیصلہ ۱۰۶

۸۰۔ مذہبِ اہلبیتؑ میں اختلاف نہیں ۱۰۷

۸۱۔ مسئلہ آمد حضرت شہر بانوؑ ۱۰۷

۸۲۔ تحقیق مسئلہ عقدِ اُمِّ کلثومؑ ۱۱۱

۸۳۔ مسئلہ بنات ۱۲۱

۸۴۔ احوالِ مصاحفِ قرآن ۱۲۹

۸۵۔ واقعہ دروازۂ سیدہؑ ۱۳۲





۸۶۔ مسئلہ جہاد ۱۳۵

۸۷۔ غزوۂ اُحد ۱۳۶

۸۸۔ خیبر ۱۳۹

۸۹۔ غزوۂ حُنین ۱۴۰

۹۰۔ حدیثِ قرطاس ۱۴۵

۹۱۔ علامہ شبلی نعمانی کے عذر (متعلقہ قرطاس) مع تردید ۱۴۹

۹۲۔ مسئلہ فدک ۱۵۹

۹۳۔ وراثتِ انبیاءؑ ۱۵۹

۹۴۔ پیغمبرِ اسلام خود وارث ہوئے ۱۶۴

۹۵۔ فدک رسولؐ کا ذاتی مال تھا ۱۶۶

۹۶۔ ہبہ نامہ فدک ۱۶۸


jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas




| | |
|---|---|
| ۹۷۔ دعویٰ وراثت | ۱۷۰ |
| ۹۸۔ اُن لوگوں کو مولا علیؑ نے کیسا سمجھا؟ | ۱۷۸ |
| ۹۹۔ حکومت اور خلافتِ رسولؐ کا فرق | ۱۸۳ |
| ۱۰۰۔ خلافتِ علیؑ منصوص ہے | ۱۸۷ |
| ۱۰۱۔ دعوتِ ذُوالعشیرہ | ۱۸۸ |
| ۱۰۲۔ ہارونِ محمدیؐ | ۱۹۰ |
| ۱۰۳۔ تبلیغِ سُورۂ برأت | ۱۹۵ |
| ۱۰۴۔ لفظِ "بعدی" اور ولی کا معنی | ۱۹۷ |
| ۱۰۵۔ علیٌّ ولیُّ اللّٰہ | ۱۹۹ |
| ۱۰۶۔ قرآن میں اعلانِ ولایتِ علیؑ | ۲۰۱ |
| ۱۰۷۔ ترجمہ آیۂ ولایت | ۲۰۲ |





| | |
|---|---|
| ۱۰۸۔ "وَصِیُّ رَسُولِ اللّٰہ" | ۲۰۳ |
| ۱۰۹۔ حدیثِ غدیر | ۲۰۵ |
| ۱۱۰۔ حدیثِ غدیر صحیح ہے | ۲۰۹ |
| ۱۱۱۔ لفظِ مولیٰ کا معنیٰ | ۲۱۰ |
| ۱۱۲۔ دستارِ ولیعہدی | ۲۱۴ |
| ۱۱۳۔ حرث فہری کا واقعہ | ۲۱۵ |
| ۱۱۴۔ خُطبۂ غدیر میں الفاظ "وصی" اور "خلیفہ" | ۲۱۹ |
| ۱۱۵۔ اثنا عشر یعنی بارہ خلفاء | ۲۲۱ |
| ۱۱۶۔ قاتلانِ حسینؑ کا مذہب | ۲۲۷ |
| ۱۱۷۔ عبیداللہ بن زیاد کا مذہب | ۲۳۱ |
| ۱۱۸۔ شمر کا مذہب | ۲۳۲ |


jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas




| | |
|---|---|
| ۱۱۹۔ عمر بن سعد کون تھا؟ | ۲۳۵ |
| ۱۲۰۔ شمر کس مذہب کا راوی ہے؟ | ۲۳۶ |
| ۱۲۱۔ مذہبِ اہلِ کوفہ | ۲۳۹ |
| ۱۲۲۔ تین قسم کے شیعہ | ۲۴۳ |
| ۱۲۳۔ ایمان حضرتِ ابوطالبؑ | ۲۴۸ |
| ۱۲۴۔ اقرارِ نبوت و رسالتؐ (از حضرت ابوطالبؑ) | ۲۵۶ |
| ۱۲۵۔ جعفر کو نماز کا حکم (از حضرت ابوطالبؑ) | ۲۶۳ |
| ۱۲۶۔ مذہبِ آلِ محمدؐ (بابت ایمانِ ابوطالبؑ) | ۲۷۱ |




# مقصدِ تحریر

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی رَسُوْلِہٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہِ الطَّیِّبِیْنَ الطَّاھِرِیْنَ الْمَعْصُوْمِیْنَ۔ اما بعد

مخفی نہیں کہ شیعیانِ اہلِ بیتؑ سے عموماً مذہبِ امامیہ کے متعلق سوالات ہوتے رہتے ہیں۔ جن کے سلسلہ میں حوالوں کی ضرورت پیش آتی رہتی ہے اس لئے ایسی کتاب کی اشد ضرورت محسوس کی جا رہی تھی جو ضروری حوالوں سے مزین ہونے کے ساتھ موجودہ ملکی تقاضوں کے مطابق۔ دل آزاری کے پہلوؤں سے بالکل الگ رہ کر، رواداری کو ملحوظ

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas



رکھتے ہوئے تحریر کی گئی ہو۔ تاکہ غیر شیعہ مسلمان بھائی بھی مذہبِ شیعہ کی
تحقیق و تفہیم کے لئے بلا ہچکچاہٹ مُطالعہ کر سکیں۔

علاوہ ازیں دُوسری کتابیں علمی لحاظ سے تو مفید ہیں لیکن ضخامت و
سائز میں بڑی ہونے کی وجہ سے جیب میں نہیں آسکتیں۔ اگر کسی نے
ضرورت محسوس کرتے ہوئے پاکٹ بُک تحریر کی تو ضخامت و سائز
کے لحاظ سے اُسے "پاکٹ بُک" نہ رہنے دیا۔ نتیجہ یہ کہ جیبی سائز کی کوئی
ایسی کتاب موجود نہ تھی جو ضروری مسائل کے حوالوں سے مزیّن ہونے کی
وجہ سے بوقتِ ضرورت کار آمد ہونے کے ساتھ ساتھ مناظرانہ شدّت
سے الگ رہتے ہُوئے رواداری سے لکھی ہوئی ٹھوس علمی دستاویز ہو تاکہ
غیر شیعہ شائقینِ تحقیق مُسلمان بھائیوں کے لئے بھی مفید ثابت ہو سکے
اِن اُمور کے پیشِ نظر یہ کتاب "یقینِ محکم" تحریر کی گئی ہے۔ اُمید



ہے کہ آپ اسے نہ صرف علمی لحاظ سے مفید بلکہ موجودہ دور کے تقاضوں
کے مطابق، شاطرانہ تلخیوں سے قطعاً محفوظ، روادارانہ انداز سے لکھی
ہوئی تبلیغی پاکٹ بک پائیں گے

اس کتاب کا مطالعہ فرماتے ہوئے آپ یہ کئی جگہ ملاحظہ فرمائیں گے کہ
میں نے بعض نام لکھنے سے گریز کیا ہے کیونکہ میں نے دِل آزاری سے
دُور رہنے کی پُوری کوشش کی ہے تاکہ میرے غیر شیعہ مُسلمان بھائیوں
کے جذبات کو ٹھیس نہ پہنچے اسی لئے بعض واقعات و مسائل کی
تفصیل نہیں لکھی اور محض حوالوں پر اکتفا کیا ہے جہاں تک حوالوں
کا تعلق ہے بفضلِ خدا میرا دعویٰ ہے کہ "یقینِ محکم" کا ایک حوالہ بھی غلط ثابت
نہیں ہوگا۔ اس کتاب پر میں نے جو محنت کی ہے اُس کا اندازہ آپ خود
فرمالیں گے

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas



عموماً کتابوں کی قیمت زیادہ ہوتی ہے اور طباعت و کتابت کے لحاظ سے اچھی بھی نہیں ہوتیں۔ اس روش کے بالکل خلاف "یقینِ محکم" کو آپ نہ صرف طباعت و کتابت بلکہ کاغذ اور جلد کے لحاظ سے بھی معیاری پائیں گے میں اپنی کوشش میں کہاں تک کامیاب ہو سکا ہوں اس کا فیصلہ آپ خود فرمائیں گے۔ وَالسَّلَامُ عَلٰی مَنِ اتَّبَعَ الْھُدٰی

فقیرِ درِ اہل بیتؑ

نوٹ: "یقینِ محکم" میں جن کتابوں کے حوالے تحریر ہوئے ہیں ان میں سے اکثر کتب پنجاب پبلک لائبریری لاہور میں موجود ہیں۔

مصنف



بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

# نبوّتِ ماتم

## حضرت رسولِ خداؐ کے سامنے ماتم

کتاب مؤطا امام مالک (اردو ترجمہ) از علامہ وحید الزماں شائع کردہ ولی محمد اینڈ سنز ملز اسٹریٹ آؤٹ رام روڈ پاکستان چوک کراچی) کتاب الصیام، باب جان بوجھ کر روزہ توڑنے کا کفارہ صفحہ ۱۹۶ حدیث نمبر ۶۰۳ کی عبارت بعینہٖ حسب ذیل ہے:۔

"سعید بن مسیب نے کہا ایک دیہاتی حضورؐ کے پاس سینہ پیٹتا ہوا اور بال اکھاڑتا ہوا آیا۔ کہہ رہا تھا نیکیوں سے دور رہنے والا ہلاک ہو گیا۔ آپؐ نے اس سے پوچھا کیا ہوا کہنے لگا میں نے اپنی بیوی

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas



سے رمضان میں روزے میں ——— فرمایا کیا ایک غلام آزاد کر سکتے ہو کہنے لگا نہیں۔ فرمایا ایک اونٹ یا ایک گائے قربانی کے لئے حرم بھیج سکتے ہو (یہ جملہ عطاء والی روایت میں ہے جسے محدثین نے غلط کہا ہے۔ صحیح یہ ہے کہ دو مہینے کے مسلسل روزے رکھ سکتے ہو) کہنے لگا نہیں فرمایا بیٹھ جاؤ۔ اتنے میں آپ کے پاس کھجوروں کا ایک ٹوکرا آیا۔ فرمایا اسے لے لو اور صدقہ کرو۔ کہنے لگا۔ اے اللہ کے رسولؐ مجھ سے زیادہ کوئی حاجت مند نہیں۔ فرمایا تم ہی کھا لو اور روزے کی قضا کر لو۔"

**نکتہ اوّل** وہ دیہاتی مسلمان تھا اور اس نے حضورؐ کی صحبت بھی پائی۔ لہٰذا صحابی ہوا۔ ظاہر ہے کہ دیہاتی صحابی نے حضورؐ کے سامنے سینہ پیٹا اور بال بھی اکھاڑے لیکن حضورؐ نے



اُسے سینہ پیٹنے سے منع نہیں فرمایا۔ اور محدثینِ اہل سنۃ والجماعۃ بھی اس بات کو تسلیم کرتے ہیں کہ قولی اور فعلی حدیث کے علاوہ حدیث کی ایک قسم "تقریرِ رسولؐ" کہلاتی ہے یعنی حضورؐ کے سامنے کوئی فعل کیا جائے یا کوئی بات کہی جائے اور حضورؐ منع نہ فرمائیں تو اس قول یا فعل کو جائز تسلیم کیا جائے گا اُسے "حدیثِ تقریری" یا "تقریرِ رسولؐ" کہتے ہیں۔ لہٰذا ماتم کرنا یعنی پیٹنا حدیثِ تقریری سے جائز ثابت ہوا۔

**نکتہ ۲** امام اہل سنۃ والجماعۃ مالک کی کتاب موطاء کے مندرجہ بالا حوالہ سے صاف ظاہر ہے کہ وہ صحابی محض ایک روزہ کے ٹوٹنے کی وجہ سے غمزدہ تھا اور اسی غم کی وجہ سے سینہ پیٹ رہا تھا۔ لہٰذا غمِ حسینؑ میں پیٹنا کیوں ناجائز ہونے لگا؟ جبکہ ایک روزہ کے ٹوٹنے کی نسبت واقعۂ کربلا زیادہ دردناک ہے

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

زینبؑ و اُمِ کلثومؑ کی بے ردائی زیادہ غمناک واقعہ ہے۔

**نکتہ ۳** موطا امام مالک سے ثابت ہوا کہ رسولِ خداؐ نے سینہ پیٹنے پر اعتراض نہیں فرمایا۔ بلکہ سینہ پیٹنے والے سے ہمدردی کا اظہار فرمایا۔ لہٰذا ماتم پر اعتراض کرنا سُنّتِ رسولؐ کے خلاف ہے اور ماتم کرنے والوں سے ہمدردی اور حُسنِ سلوک سے پیش آنا محمدِ مصطفٰےؐ کی سُنّت ہے۔

## مؤذنِ رسولؐ، بلالؓ نے ماتم کیا

حضرت رسولِ خداؐ کے مرضِ وفات کا احوال تحریر فرماتے ہوئے شیخ عبدالحق محدث حنفی دہلوی کتاب مدارج النبوۃ مطبوعہ نولکشور کانپور جلد ۲ صفحہ ۵۴۴ سطر ۱۲ میں تحریر فرماتے ہیں:-

"پس بیرون آمد بلالؓ دست برسر زناں و فریاد کناں" یعنی پس



حضرت بلالؓ سر پیٹتے اور فریاد کرتے ہوئے باہر تشریف لائے (یعنی اصحابِ پیغمبرؐ مسجد میں نماز کے لئے حضورؐ کا انتظار فرما رہے تھے اور حضرت بلالؓ حضورؐ کے پاس نماز ہی کے لئے گئے تھے لیکن جب یہ معلوم ہوا کہ حضورؐ تشریف نہیں لائیں گے تو محبتِ رسولؐ میں حضورؐ کی تکلیف کے احساس و غم میں حضرت بلالؓ صحابی سر پیٹتے ہوئے حجرۂ حضرتِ عائشہ سے باہر آئے)

**نکتہ** یہ واقعہ اُس وقت ہوا جب کہ رسولؐ ظاہراً ابھی زندہ تھے لہٰذا حضرت بلالؓ نے زندہ رسولؐ کے لئے ماتم کیا اور فریاد بھی کی۔ مزید قابلِ غور بات یہ ہے کہ جب حضرتِ بلالؓ ماتم کرتے ہوئے مسجد میں آئے تو کسی صحابی نے یہ نہیں کہا کہ (معاذ اللہ) ماتم کرنا تو ناجائز ہے اے بلالؓ تم ماتم کیوں کرتے ہو؟

Presented by: Rana Jabir Abbas
jabir.abbas@yahoo.com
Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas



## حضرتِ زہراؑ نے ماتم کیا

جنگِ اُحد کے احوال میں شیخ عبدالحق محدث دہلوی مدارج النبوۃ مطبوعہ نولکشور کانپور جلد ۲ صفحہ ۱۶۳ سطر ۱۴-۱۵ میں شہادتِ پیغمبرؐ کی افواہ کا ذکر کرتے ہوئے لکھتے ہیں :-

"و فاطمہ زہرا رضی اللہ عنہا ایں آواز شنید دست بر سر زنان از خانہ بیروں دوید"

ترجمہ۔ اور فاطمہ زہراؑ نے یہ آواز سُنی (کہ حضورؐ شہید ہو گئے) سر پیٹتی ہوئی گھر سے باہر (اُحد کی جانب) دوڑیں"

**نکتہ** اگر شہید کا ماتم حرام ہوتا تو رسولؐ کی بیٹی حضرت فاطمہؑ خاتونِ جنت شہادتِ پیغمبرؐ کی آواز سُن کر ہرگز ماتم نہ کرتیں کیونکہ سیدہ طاہرہ شریعت کی عالمہ تھیں۔



## مقامِ شیخ عبدالحق محدث

"مدارج النبوۃ" کے حوالے نہایت اہمیت رکھتے ہیں کیونکہ مدارج النبوۃ کے مصنف شیخ عبدالحق محدث دہلوی اہل سنۃ والجماعۃ کے ایسے جلیل القدر عالم و محدث تھے جن کو علامہ احمد رضا خاں بریلوی نے اپنی تصنیف "برکات الامداد لاہل الاستمداد" کے صفحہ ۱۹ پر "شیخ الشیوخ علماء الہند" اور اپنی کتاب حیات الموات کے صفحہ ۸۵ پر "شیخ محقق، برکت رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فی الہند" تسلیم کیا ہے اور حیات الموات مصنفہ احمد رضا خاں بریلوی کے صفحہ ۸۵ پر "مدارج النبوۃ" کو شیخ عبدالحق محدث کی تصنیف بھی تسلیم کیا گیا ہے۔

نوٹ:- علامہ احمد رضا خاں بریلوی کی کتاب "حیات الموات" اور "برکات الامداد لاہل الاستمداد" نوری کتب خانہ بازار داتا صاحب لاہور

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas



سے مل سکتی ہیں۔

## حضرت عائشہ نے بھی ماتم کیا

مسند امام احمد حنبل مطبوعہ مصر جلد ۶ صفحہ ۲۷۴ میں حضرت عائشہ کے متعلق یوں مرقوم ہے:-

قالت ان رسول الله صلی الله علیه وسلم قبض وهو فی حجری ثم وضعت راسه علی وسادة وقمت التدم مع النساء واضرب وجهی "یعنی (حضرت عائشہ) نے بیان کیا کہ رسولِ خدا کی وفات ہوئی اور وہ میری گود میں تھے۔ پھر میں نے آنحضرت کا سرِ مبارک تکیہ پر رکھ دیا اور میں عورتوں کے ہمراہ ماتم کرتی ہوئی کھڑی ہو گئی اور میں نے اپنا منہ پیٹا۔

نوٹ:- یہ حوالہ اہل سنۃ والجماعۃ کے امام احمد حنبل کی مسند کا



ہے۔ امام احمد حنبل اُن چار اماموں میں سے ایک تھے جن پر حنفی، مالکی، شافعی، حنبلی، اہل سنۃ والجماعۃ کی فقہ کا دارومدار ہے۔ اور امام احمد حنبل ہی کی فقہ پر شیخ عبدالقادر بغدادی عمل کرتے تھے۔ مسند احمد حنبل کے علاوہ حضرت عائشہ کا ماتم کرنا تاریخ کامل ابن الاثیر مطبوعہ مصر الجزء الثانی صفحہ ۱۲۲ سطر ۳۴ تا صفحہ ۱۲۳ سطر ۴، اور تاریخ الامم والملوک ابن جریر طبری مطبوعہ مصر جلد ۳ صفحہ ۱۹۷ سطر ۱۰ تا سطر ۱۳۔

**نکتہ** حضرت رسولِ خدا کے اُمتی شہید زندہ ہیں تو اُن شہیدوں کے آقا و مولا حضرت محمد مصطفٰے بھی زندہ ہیں۔ لہٰذا حضرت عائشہ نے زندۂ جاوید رسولؐ کا ماتم کیا۔

## تکمیل شریعت کے بعد ماتم

شریعت اسلام عہدِ رسالت میں مکمل ہو چکی تھی۔ لہٰذا حضرت

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas



عائشہ نے تکمیلِ شریعت کے بعد ماتم کیا جب کہ رسُولؐ کی وفات ہو چکی تھی۔ ثابت ہوا کہ حضورؐ نے ماتم کو حرام قرار نہیں دیا تھا۔ بصورتِ دیگر حضرت عائشہ پر الزام آئے گا۔ اور یہ الزام درست نہ ہو گا۔ ثابت ہوا کہ زندۂ جاوید کا ماتم جائز ہے شریعت نے حرام نہیں کیا۔

## قرآنِ مجید میں ثبوتِ ماتم

اسحٰقؑ (نبی) کی والدہ اور حضرت ابراہیمؑ خلیلِ خُدا کی زوجہ حضرت سارہؑ نے ابراہیم علیہ السلام کے گھر میں ماتم کیا جیسا کہ قرآن مجید پارہ ۲۶ رکوع ۱۹ سورۃ الذاریات میں حضرت سارہؑ کے متعلق اللہ فرماتا ہے "فَصَكَّتْ وَجْهَهَا" یعنی اُس (معظمہ) نے اپنا مُنہ پیٹا۔ قرآن مجید کی جس آیۂ مقدسہ و مبارکہ میں یہ الفاظ موجود ہیں اُس کا ترجمہ حنفیوں کے شیخ الہند محمود الحسن دیوبندی نے یوں تحریر کیا ہے:-



"پھر سامنے آئی اُس کی عورت بولتی ہوئی پھر پیٹا اپنا ماتھا اور کہنے لگی کہیں بڑھیا بانجھ۔"

ترجمہ شاہ عبدالقادر محدثِ اہلِ سنۃ والجماعۃ میں بھی لفظ "پیٹا" موجود ہے۔

نوٹ:- علامہ محمود الحسن دیوبندی اور عبدالقادر محدث دہلوی نے فَصَكَّتْ کا ترجمہ "پیٹا" تو صحیح تحریر کر دیا۔ لیکن وَجْهَهَا کا ترجمہ "اپنا ماتھا" تحریر کر گئے۔ حالانکہ "وَجہ" کا معنیٰ مُنہ یا چہرہ لکھنا چاہیئے تھا کیونکہ "وُجُوہ" جمع ہے اور "وجہ" اُس کا واحد ہے۔ اگر وجہ کا معنیٰ ماتھا صحیح قرار دیا جائے "وُجُوہ" کا ترجمہ "ماتھے" ہو گا۔ پھر قرآن مجید پارہ ۶ سورۃ المائدہ کی آیتِ وضو میں "فَاغْسِلُوْا وُجُوْهَكُمْ" کا ترجمہ یوں کرنا پڑے گا "پس دھولو اپنے ماتھے" لیکن محض "ماتھے" دھونے سے وضو نہ

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas



ہو گا۔ بلکہ صحیح ترجمہ یوں ہے "پس دھو لو مُنہ اپنے" اسی طرح "فَصَكَّتْ وَجْهَهَا" کا صحیح ترجمہ یہ ہے "پس اُس (عورت) نے پیٹا منہ اپنا"۔ صَكَّتْ کا مصدر صَكٌّ ہے اور صَكٌّ کا معنی غیاث اللغات میں "کوفتن، زدن" اور فیروز اللغات (عربی) مطبوعہ دین محمدی پریس لاہور میں "کوٹنا" لکھا ہے۔ لغات القرآن غلام احمد پرویز جلد ۳ صفحہ ۱۰۳۰ میں صَكٌّ کا معنی یوں لکھا ہے "کسی چیز یا بالخصوص چوڑی چیز کے ذریعے زور سے مارنا"۔

**نکتہ** اللہ سبحانہٗ و تعالیٰ نے قرآن مجید میں حضرت سارہؑ کے پیٹنے کا ذکر فرما کر کہیں بھی یہ نہیں فرمایا کہ انہوں نے یہ فعل (معاذ اللہ) ناجائز کیا۔ نہ ہی یہ فرمایا کہ ماتم آئندہ کے لئے حرام ہے۔ بلکہ حضرت ابراہیمؑ کے گھر میں زوجۂ خلیلؑ کا ماتم ثابت کر کے ملّتِ ابراہیمؑ کے



لئے نمونۂ عمل مہیا فرما دیا۔ اور قرآن مجید پارہ ۱ سورۃ البقرہ رکوع ۱۵ میں یہ بھی فرما دیا "وَمَنْ يَرْغَبُ عَنْ مِلَّةِ إِبْرَاهِيمَ إِلَّا مَنْ سَفِهَ نَفْسَهُ" ترجمہ شاہ عبدالقادر محدث دہلوی: "اور کون پسند نہ رکھے دینِ ابراہیم کا، مگر جو بیوقوف ہوا اپنے جی سے"۔

**حضرت اُویس قرنیؓ** یہ رسولِ خدا کے عاشق صادق تھے۔ اسمِ گرامی اُویس بن عامرؓ تھا۔ انہوں نے جب غزوۂ اُحد میں دندانِ رسولؐ شکستہ ہونے کی خبر سُنی تو اپنے تمام دانت توڑ لئے دیکھئے تذکرۃ الاولیاء شیخ فریدالدین عطار اور "انسان العیون" المعروف سیر مطبوعہ مصر جلد ۲ صفحہ ۲۹۵

**شہادت اویس قرنیؓ** حضرت علی مرتضیٰؑ کی حمایت میں لڑ کر، جنگِ صفین میں حضرت اُویسؓ نے شہادت

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

پائی۔ دیکھئے "تاریخ الخمیس" مطبوعہ مصر جلد ۲ صفحہ ۳۰۹ سطر ۱۹۔ ۲۰ اور "میزان الاعتدال فی نقد الرجال" مصنفہ علامہ ذہبی الدمشقی مطبوعہ مصر صفحہ ۱۳۰ حرف الالف، ترجمہ اُویس بن عامر سطر ۲۳

**نکتہ** محض اپنے سینے پر ہاتھ مارنا یا اپنے جسم کو زخمی کرنا اُتنا شدید ماتم نہیں جتنا اُویس قرنیؓ نے کیا۔ کہ اپنے ایک عضوِ جسم کو ختم ہی کر لیا۔

**نکتہ** عام طور سے یہ اعتراض کیا جاتا ہے کہ "رسولؐ نے یا امام حسینؑ نے کب فرمایا تھا کہ تم ماتم کرنا" اس کا جواب یہ ہے کہ حضرت رسولِ خداؐ نے کب فرمایا تھا کہ اُویسؓ تم اپنے دانت توڑ لینا؟ رسولؐ نے بی بی عائشہ سے کب فرمایا تھا کہ میری وفات پر مُنہ ضرور پیٹنا؟ حضرت بلالؓ سے کب فرمایا تھا کہ تم سر پیٹ لینا

Presented by: Rana Jabir Abbas



اور فریاد کرنا؟ حضرت فاطمہ زہراؑ سے کب فرمایا تھا کہ میری شہادت کی خبر سُن کر پیٹنا؟ آخر یہی کہا جائے گا کہ محبّت و غم میں یہ سب کچھ ہوا۔ کیونکہ رسولؐ نے حرام نہیں کیا تھا۔ اگر حکم دے کر ماتم کروایا جاتا تو محبّت کا پتہ نہ لگتا۔ اور یہ معلوم نہ ہوتا کہ دردِ حسینؑ کس کے دل میں ہے اور کس کے دل میں نہیں۔ چونکہ دلوں کا امتحان مقصود تھا اس لئے حکم دے کر فرض نہیں کیا۔ تاکہ محبّ و غیر محبّ ظاہر ہو جائیں۔

## ماتم فعلِ اہلبیتؑ سے ہے

جیسا کہ حضرت فاطمہ زہراؑ کا ماتم ثابت کیا گیا۔ اور سُنّی شیعہ دونوں فرقے تسلیم کرتے ہیں کہ جناب سیدہ طاہرہ اہلبیتؑ سے ہیں۔ اور فرمانِ رسولؐ (حدیثِ ثقلین) یہ ہے کہ "میں تم لوگوں میں دو گراں قدر چیزیں

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

چھوڑے جاتا ہوں اللہ کی کتاب اور میرے عترت اہلبیتؑ اگر تم ان دونوں سے تمسک رکھو گے (یعنی دونوں کی پیروی کرو گے) تو تم لوگ میرے بعد ہرگز گمراہ نہ ہوگے"۔ شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی نے تسلیم کیا ہے کہ یہ حدیث سُنّی شیعہ ہر دو فریق کے نزدیک صحیح ہے (دیکھیے تحفہ اثنا عشریہ (اردو ترجمہ) مطبوعہ سعیدی کراچی ص۲۱) لہٰذا اہلبیتؑ کی پیروی ہدایت ہی ہدایت ہے۔ پھر حضرت فاطمہؑ کی پیروی کرتے ہوئے ماتم کرنا ہدایت ہی قرار پایا۔

علاوہ ازیں آیہ اِنَّمَا یُرِیْدُ اللّٰہُ لِیُذْھِبَ عَنْکُمُ الرِّجْسَ اَھْلَ الْبَیْتِ وَ یُطَھِّرَکُمْ تَطْھِیْرًا" کی رُو سے حضرت فاطمہ زہرا کو ہر لحاظ سے طہارت کاملہ حاصل ہے۔ اِس لیے یہ گمان ہی نہیں ہو سکتا کہ سیّدہ طاہرہ سے (معاذ اللہ) شریعت کے خلاف فعل صادر ہو۔

لہٰذا فعل حضرت فاطمہؑ زہرا ہونے کی وجہ سے ماتم جائز ہوا۔

جو غیر شیعہ حضرات ازواج رسولؐ کو بھی اہلبیت میں شمار کرتے ہیں اُن کے لیے فعل حضرت عائشہ ہونے کی وجہ سے بھی ماتم جائز ہوگا۔

دُوسری جانب قرآن سے حضرت سارہؑ کا پیٹنا ثابت ہو چکا۔ لہٰذا ماتم قرآن و اہلبیتؑ دونوں کی پیروی ہے۔

# شبیہ کا جواز

**تماثیل سلیمانؑ**

قرآن مجید پارہ ۲۲ سورۃ السبا رکوع ۷ میں اللہ نے حضرت سلیمانؑ کا ذکر یوں فرمایا ہے:-

یَعْمَلُوْنَ لَهٗ مَا یَشَآءُ مِنْ مَّحَارِیْبَ وَ تَمَاثِیْلَ وَ جِفَانٍ کَالْجَوَابِ وَ قُدُوْرٍ رّٰسِیٰتٍ ۔ ترجمہ از علامہ اشرف علی تھانوی :-

jabir.abbas@yahoo.com
Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas



"وہ جنّات اُن کے لئے وُہ وُہ چیزیں بناتے تھے جو اُن کو بنوانا منظور ہوتا۔ بڑی بڑی عمارتیں اَور مُورتیں اَور لگن (ایسے بڑے) جیسے حوض اَور (بڑی بڑی) دیگیں جو ایک ہی جگہ جمی رہیں۔"

نوٹ:۔ قرآنِ مجید کے ترجمہ محمود الحسن دیوبندی میں "تماثیل" کا ترجمہ تصویریں لکھا ہوا ہے اَور اُسی کے حاشیہ پر علامہ شبیر احمد عثمانی نے تسلیم کیا ہے کہ "مجسّم تصویریں" بناتے تھے لیکن یہ تسلیم کرنے کے بعد ایک عُذر لکھا ہے کہ اُس وقت جائز ہوگا۔ اِس عُذر کا جواب زیرِ عنوان "عقیدۂ توحید اَور تماثیل" دیکھیئے۔ علاوہ ازیں حسبِ ذیل کُتب تفسیر میں تسلیم کیا گیا ہے کہ حضرت سلیمانؑ جنات سے تانبے، پیتل اَور شیشے وغیرہ سے مجسّمے بنواتے تھے اَور بعض نے یہ بھی ذکر کیا ہے کہ انبیاءؑ و ملائکہؑ و صالحین کی تصویریں بناتے تھے دیکھیئے:۔



(۱) تفسیر کشاف زمخشری مطبوعہ مصر جلد ۲ تفسیر پارہ ۲۲ سورۃ السبأ صـ ۲۲۲ (۲) تفسیر فتح البیان، صدیق حسن قنوجی بھوپالی مطبوعہ صدیقی دہلی الجزء الثالث صـ ۶۷۳ (۳) تفسیر لباب التاویل (یعنی تفسیر خازن) مطبوعہ مصر جلد ۴، الجزء الخامس تفسیر سورۃ السباء صـ ۲۲۴ سطر ۱۷-۱۸ (۴) اُردو ترجمہ تفسیر ابن کثیر مطبوعہ نور محمد کارخانہ تجارت کتب کراچی جلد ۴ پارہ ۲۲ سورۃ سباء

## عقیدۂ توحید اَور تماثیل

یہ اعتراض کہ "تماثیل" زمانہ سلیمانؑ میں جائز تھیں اَب خلافِ توحید ہیں، درست نہیں کیونکہ حضرت سلیمانؑ اَور حضرت محمد مصطفٰےؐ کا عقیدۂ توحید ایک ہی تھا زمانہ سلیمانؑ میں بھی وُہی خدا تھا جو اَب ہے۔ اُس کے صفات وہی تھے جو اَب ہیں۔ لہٰذا جو بات زمانۂ سلیمانؑ میں توحید کے خلاف یعنی شرک

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas



تھی وُہ اب کیونکر شرک ہوگئی؟ اگر مجسّم تصویریں بنانا توحید کے خلاف یعنی شرک ہوتا تو اللہ کی توحید کے معصوم مبلّغ حضرت سلیمانؑ ہرگز تماثیل نہ بنواتے۔ اور اگر منشائے ایزدی یہ ہوتا کہ شریعت محمدیہ میں تماثیل کو ناجائز قرار دیا جائے تو اللہ ذکرِ تماثیل سلیمانؑ کے ساتھ ہی فرما دیتا کہ اب جائز نہیں لیکن اللہ نے قرآن میں ایسا نہیں فرمایا۔ لہٰذا از روئے قرآن تماثیل جائز ہیں شرعی اصطلاح میں بُت صرف اُس مجسّمہ کو کہا جاتا ہے جسے کوئی معبود سمجھتا ہو۔ ہر شبیہ کو ”بُت“ کہنے سے حضرت سلیمانؑ پر الزام آئے گا۔ لہٰذا ہر شبیہ کو بُت کہنا درست نہیں۔

## عہدِ رسالتؐ میں شبیہ

قرآن مجید کے ترجمہ محمود الحسن دیوبندی کے حاشیہ پر علامہ شبیر احمد عثمانی نے جو عُذر تحریر کیا ہے کہ شریعتِ سلیمانؑ میں جائز ہوں گی یعنی شریعتِ محمدیہ



میں جائز نہیں اُسی عُذر کا جواب پیش کرنے کے لئے اب حدیث پیغمبرؐ سے ثابت کیا جاتا ہے کہ نہ صرف عہدِ رسالتؐ میں بلکہ زوجۂ رسولؐ حضرت عائشہ کے گھر میں مجسّم تصویریں موجود تھیں اور حضرت رسولِ خدا نے وُہ مجسّمے دیکھے بھی تھے لیکن بی بی عائشہ کو منع نہیں فرمایا۔ اور نہ ناجائز قرار نہیں دیا۔ جیسا کہ مشکوٰۃ مترجم مطبوعہ سعیدی کراچی جلد ۲ کتاب النکاح صـ۱۱۸ حدیث نمبر ۳۱۲۵ کی عبارت یُوں ہے:-

”حضرت عائشہ کہتی ہیں کہ رسول اللہ صلعم غزوۂ تبوک یا غزوۂ حنین سے واپس تشریف لائے تو اُن کے گھر کے بڑے طاق میں آپ نے پردہ پڑا دیکھا جس کا ایک کونہ ہوا سے کُھل گیا اور حضرت عائشہؓ کے کھیلنے کی گڑیاں اُس میں نظر آئیں تو رسول اللہ صلعم نے پُوچھا عائشہ یہ کیا ہے؟ عائشہ نے کہا ”یہ میری گڑیاں ہیں“۔ اُن گڑیوں میں نبی صلعم

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas



نے ایک گھوڑا بھی دیکھا جس کے دو پر تھے کاغذ کے یا کپڑے کے، آپؐ نے پوچھا "یہ اُن گڑیوں کے درمیان کیا چیز ہے؟" عائشہ نے کہا "یہ گھوڑا ہے" آپؐ نے دریافت فرمایا "اور اس کے یہ پر کیسے ہیں؟" عائشہ نے کہا "کیا آپ نے سُنا نہیں حضرت سلیمانؑ کے گھوڑے کے پر تھے"۔ عائشہ کا بیان ہے کہ رسول اللہ صلعم یہ سُن کر ہنس پڑے کہ آپؐ کی کچلیاں نظر آنے لگیں" (ابوداؤد)

نوٹ:۔ یہ حدیث مشکوٰۃ میں "سُنن ابوداؤد" سے نقل ہوئی ہے جو اُن چھ کتابوں میں سے ہے جنہیں مذہب اہل سنّۃ والجماعۃ میں صحاح ستّہ چھ صحیح کتابیں تسلیم کیا جاتا ہے۔ یہ حدیث سُنن ابوداؤد (عربی) مطبوعہ مطبعۃ السعادۃ مصر الجزء الرابع باب فی اللعب بالبنات صفحہ ۲۸۹ میں موجود ہے۔ حدیث کا نمبر ۴۹۳۲ ہے۔ اسی حدیث کو مفتی عبدالحیٔ



فاروقی فرنگی محلی لکھنوی نے "تنویر الایمان" میں اور شمس العلماء ڈپٹی نذیر احمد نے کتاب "اُمّہات الاُمّۃ" میں نقل کیا ہے۔

**نکتہ** ظاہر ہے کہ گڑیا مجسّمہ ہوتی ہے بی بی عائشہ کے گھر میں جو مجسّمے موجود تھے اُن میں پر دار گھوڑے کا مجسّمہ بھی تھا۔ جب اُس گھوڑے کے پروں کے بارے میں پیغمبرؐ نے پوچھا تو بی بی عائشہ نے جواب دیا "کیا آپ نے سُنا نہیں حضرت سلیمانؑ کے گھوڑے کے پر تھے"۔ حضرت عائشہ کی اس تشریح سے صاف ظاہر ہے کہ پر دار گھوڑے کا وہ مجسّمہ، حضرت سلیمانؑ کے پر دار گھوڑے[1] کے تصوّر پر بنایا گیا تھا یعنی اسپ سلیمانؑ

---

[1] پر دار گھوڑا پیدا کرنا اللہ کی قدرت سے بعید نہیں۔ وہ ایسا قادرِ مطلق ہے کہ ناقۂ صالحؑ کو پتھر میں سے پیدا کر دیا تھا۔ اور معراج کی شب حضورؐ پر دار براق ہی پر سوار ہوئے۔ پر دار گھوڑوں کا ثبوت صفحہ ۲۸ پر دیکھئے۔

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas



کی شبیہ تھا پردار کو عربی میں "ذوالجناح" کہتے ہیں۔ ثابت ہوا کہ "ذوالجناح"
کی شبیہ حضرتِ عائشہ کے گھر میں موجود تھی۔ حضرت رسُولِ خدا نے وہ شبیہ
دیکھی اور دیگر مجسمے بھی دیکھے لیکن منع فرمانے کی کوئی ضرورت محسوس نہ کی
کیونکہ حضرت رسالتمآبؐ بخوبی جانتے تھے کہ بی بی عائشہ اُس گھوڑے کو
معبود نہیں سمجھتیں۔ پس جب کہ معصوم رسُولؐ نے نہ تو مجسمے رکھنے سے
بی بی عائشہ کو منع کیا اور نہ ہی کسی کے ہاتھ کی بنائی ہوئی اسپ سلیمانؑ
کی شبیہ کو ناجائز قرار دیا۔ نہ ہی بی بی عائشہ کو تشبیہ دینے سے منع فرمایا
بلکہ تبسم فرما کر رضامندی کا اظہار فرمایا تو حدیث کی قسم "تقریرِ رسُولؐ"
کے مطابق شریعتِ محمدیہ میں بھی شبیہ جائز ثابت ہو گئی لیکن شبیہ کو معبود
سمجھنا شرک ہے جب غیر شیعہ کتب کی رُو سے جاندار کی مجسم تصویر

---

لے حضرت سلیمانؑ کے پاس پردار گھوڑوں کا ذکر تفسیر أبی السعود برحاشیہ
تفسیر کبیر فخر الدین رازی الطبعۃ ۱۳۰۸ ہجریہ مطبعۃ الخیریہ مصر الجزء السابع ۹۳
حاشیہ کی سطر ۲۲ سے ۲۳ سورۂ ص کی تفسیر



تک جائز ثابت ہو گئی تو خیال رہے کہ تعزیہ تو صرف عمارت کی شبیہ ہے
اور جاندار گھوڑے کو "بُت" سمجھنا درست نہیں۔

**نکتہ** اسپ امام حسینؑ کی شبیہ کو "ذوالجناح" اسی لئے کہا جاتا ہے
کہ لفظِ "ذوالجناح" سُن کر سلیمانؑ کے پَروں والے گھوڑے
کی شبیہ والی حدیث کی جانب توجہ ہو جائے تاکہ جواز کی دلیل ذہن
میں تازہ ہو جائے اور یاد آجائے کہ شبیہ ذوالجناح دیکھ کر حضور ناراض
نہیں ہوئے تھے۔

**سواریِ حسینؑ کی نقل بنانا** معترضین "بدعت" قرار دینے
سے پہلے اس بات پر غور فرمائیں
حضرت رسول خدا نے خود سواریِ حسینؑ کی نقل بنائی ہے۔ جیسا کہ
کشف المحجوب (جو حضرت علی بن عثمان ہجویری المعروف داتا گنج بخش

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas



لاہور کی تصنیف کہلاتی ہے) کے اُردو ترجمہ بیان المطلوب مطبوعہ فیروز سنز لمیٹڈ باب نمبر ۸ دُوسری فصل صہ ۱۱۸ و صہ ۱۱۹ کی عبارت یُوں ہے :-

"چنانچہ حضرت عُمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے میں ایک روز پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا تو میں نے دیکھا کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ کو اپنی پُشتِ مبارک پر بٹھا کر ایک رسّہ اپنے دہنِ مبارک میں پکڑا ہوا ہے اُس کے دونوں سرے امام حسین رضی اللہ عنہ کے ہاتھ میں تھما رکھے تھے اور وُہ آنحضرتؐ کو چلا رہے تھے اور خود صلی اللہ علیہ وسلم اپنے گھٹنوں کے بَل چل رہے تھے۔ جب میں نے یہ بات دیکھی تو میں نے کہا نعم الجمل جملک یا آبا عبد اللہ" ترجمہ۔ اے حسین



آپ کا اُونٹ بہت ہی اچھا ہے۔ یہ سُن کر رسُول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا "نعم الراکب هو یا عُمر" اے عُمر! سوار بھی تو بہت ہی اچھا ہے"

**نکتہ** حضرت رسُولِ خُدا نے اپنے دہنِ مبارک میں رسّہ پکڑ کر امام حسینؑ کے ہاتھوں میں تھما کر حسینؑ کو پُشتِ مبارک پر بٹھا کر سواریِ حسینؑ کی نقل ہی بنائی تھی حضورؐ کو (معاذ اللہ) حقیقی معنوں میں "اُونٹ" سمجھنا کفر یا دیوانگی قرار پائے گا۔ حضرت عمر نے بھی حقیقی معنوں میں "اُونٹ" نہیں کہا تھا۔ بلکہ بلحاظِ نقل ہی کہا تھا۔ لہٰذا سواریِ حسینؑ کی نقل (یعنی شبیہ ذُوالجناح) بدعت نہیں بلکہ سُنّتِ رسُول ہے۔

**رضامندیٔ خدا و رسُول** جب رسُولؐ نے سواریِ حسینؑ کی نقل بنائی تو حسینؑ کو راضی کرنا ہی

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas



مقصود بغیر تھا اور سواری کی نقل سے حسینؑ راضی ہوئے تو حسینؑ کے نانا محمد مصطفےٰ بھی راضی ہوئے اور جب رسول راضی ہوئے تو خدا بھی راضی ہوا۔ ثابت ہوا کہ سواریٔ حسینؑ کی نقل سے حسینؑ اور خدا و رسولؐ کی رضا حاصل ہوتی ہے۔ پھر بدعت کہنا کیونکر درست ہوگا؟

**نکتہ** بعض متعصب لوگ یہاں تک کہہ دیتے ہیں کہ (معاذ اللہ) سوانگ امام حسینؑ کی شبیہ دیکھنے سے نکاح ٹوٹ جاتا ہے اور ایسا کہتے ہوئے یہ بھی نہیں سوچتے کہ سواریٔ حسینؑ کی نقل حضرت عمرؓ نے بھی دیکھی تھی اور رسولؐ نے حضرت عمرؓ کو منع نہیں کیا کہ میں نے سواریٔ حسینؑ کی نقل بنا رکھی ہے، تم آنکھیں بند کر لو یا واپس چلے جاؤ پھر کسی وقت آجانا کیونکہ نقل دیکھنے سے نکاح کو خطرہ ہے!

## حضرت شرف الدین بو علی قلندرؒ کے تین مزار

صوفیاءِ کرام بخوبی واقف ہیں کہ حضرت شرف الدین بو علی قلندرؒ کے تین مزار پانی پت، کرنال اور بڈھا کھیڑا میں موجود ہیں یقیناً ان میں سے ایک ہی اصل ہے اور باقی دو اس کی نقل یا شبیہ ہیں کیونکہ جسم قلندرؒ ایک تھا۔



## شبیہ کو بوسہ دینا

جو فعل شریعت میں صرف اللہ کے لئے مخصوص ہو وہی فعل اگر غیر اللہ کے لئے کیا جائے تو یقیناً شرک ہوگا۔ جیسے عبادت اللہ کے لئے مخصوص ہے اگر غیر اللہ کی عبادت کی جائے تو شرک ہوگا لیکن بوسہ دینا اللہ کے لئے مخصوص نہیں بلکہ اللہ کو بوسہ دینا ممکن ہی نہیں۔ پھر کسی چیز کو بوسہ دینا اس چیز کی عبادت یعنی شرک کیونکر قرار پائے گا؟ حقیقت یہ ہے کہ کسی چیز کو بوسہ دینا ذریعۂ اظہارِ عقیدت و محبت ہے نہ کہ اس چیز کی عبادت۔ والدین اولاد کو بوسہ دے کر اولاد کی عبادت نہیں کرتے بلکہ یہ فعل مبنی بر محبت ہوتا ہے۔ ازدواجی زندگی میں

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas



میاں بیوی ایک دُوسرے کی عبادت نہیں کرتے بلکہ وہاں بھی بوسہ مبنی برمحبّت ہی سمجھا جاتا ہے۔ قرآن مجید کی جلد اور کاغذ کو بوسہ دینا جلد اور کاغذ کی عبادت نہیں بلکہ اُس جلد اور کاغذ کی کلامِ الٰہی سے نسبت کی وجہ سے اظہارِ محبّت وعقیدت کے لیئے ہی بوسہ دیا جاتا ہے ۔اسی طرح روضۂ رسُول کی جالیوں کو چُومنا نہ تو جالیوں کی عبادت ہے اور نہ ہی رسولؐ کی۔ بلکہ مزارِ رسُولؐ سے نسبت ہونے کی وجہ سے عقیدت مندوں کو وُہ جالیاں محبوب ہیں اور اظہارِ محبّت وعقیدت کے لیئے جالیوں کو بوسہ دیتے ہیں ۔اسی طرح بزرگانِ دین کے مزارات کو بوسہ دیا جاتا ہے۔ تعزیہ روضۂ حسینؑ کی شبیہ اَور ذُوالجناح" سواریٔ حسینؑ کی شبیہ ہونے کی وجہ سے محبُوب ہوتی ہے اور اظہارِ محبّت کے لیئے بوسہ دیا جاتا ہے شبیہ کو معبود نہیں سمجھا جاتا لہٰذا



شبیہ کو بوسہ دینا ہرگز عبادتِ شبیہ نہیں ۔اور نہ ہی اِس فعل کو شرک کہنا درست ہے ۔

## شبیہ پر پھُول ڈالنا

پھُول یا پھُولوں کے ہار ڈالنا بھی اللہ کے لیئے مخصوص نہیں۔ بلکہ اللہ کو (معاذ اللہ) ہار پہنانا یا اُس پر پھُول ڈالنا ممکن ہی نہیں ہے۔ پھر کسی چیز پر پھُول ڈالنا "شرک" کیونکر ثابت ہوگا؟ مہمانوں پر پھُول برسانا، ہار ڈال دینا مزاروں پر پھُولوں کی چادریں چڑھانا شرک نہیں۔ تو شبیہ پر پھُول ڈالنا بھی شرک نہیں ۔

## اپنے سر پر خاک ڈالنا

ترمذی (اُردو) مطبوعہ نور محمد اصح المطابع کراچی جلد دوم صفحہ ۳۸۵ حدیث ۱۶۲۵ کی عبارت یوں ہے

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas



"حضرت سلمٰیؓ فرماتی ہیں کہ میں حضرت اُمّ سلمہؓ کے پاس آئی وُہ رو رہی تھیں میں نے پُوچھا آپ کیوں رو رہی ہیں؟ حضرت اُمّ سلمہؓ نے فرمایا میں نے رسُولؐ اللہ کو (خواب میں) دیکھا کہ آپؐ کے سر اور ڈاڑھی پر گرد وغبار ہے۔ میں نے عرض کیا یا رسُول اللہؐ! کیا بات ہے یہ گرد وغبار کیسا؟ آپ نے فرمایا۔ ابھی ابھی حسینؓ کی شہادت میں حاضر اور شریک ہوا ہوں۔ (یہ حدیث غریب ہے)"

نوٹ :۔ حدیث غریب اُسے کہتے ہیں جو ایک ہی راوی سے مروی ہو۔ چونکہ یہ خواب حضرت اُمّ سلمہؓ ہی کا تھا۔ لہٰذا دُوسرا راوی ممکن ہی نہیں تھا۔ اور حدیثِ غریب قابلِ قبول ہوتی ہے اِسی لئے ترمذی نے نقل کی ہے۔ اِس کی راوی حضرت اُمّ سلمہؓ اُمّ المؤمنین ہیں جو حضورؐ کی صورت مبارک سے بخوبی واقف تھیں اُنہوں نے



روزِ عاشورہ عین شہادتِ حسینؓ کے دن حضورؐ کے سرِ مُبارک اور ریشِ مُقدّس پر گرد وغبار دیکھا۔ لہٰذا شہادتِ حسینؓ کے روز سر کو (خاک ڈال کر) غبار آلودہ کرنا حضورؐ کی متابعت اور سُنّت ہے۔

## کالے کپڑے

حضورؐ صلّی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم سیاہ چادر اور سیاہ عمامہ پہنتے تھے[1] دیکھئے نشر الطیّب فی ذکر النّبی الحبیبؐ مصنّفہ علامہ اشرف علی تھانوی صاحب مطبوعہ تاج کمپنی لمیٹڈ صـ ۱۸۱ سطر ۱۱-۱۲ صـ ۱۸۳ سطر ۱۶

سِلسلہ چشتیہ کے مشہور صُوفی بزرگ بابا فرید یعنی محمد مسعود الدین گنج شکر پاک پٹن والے خود کالے کپڑے پہنتے

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas



جیساکہ "اِرشاداتِ فریدی معروف بہ شلوک فریدی" شائع کردہ ملک چنن الدین کشمیری بازار لاہور، بارِ چہارم صفحہ ۵۹ شلوک نمبر ۶۸ میں بابا فرید صاحبؒ خود فرماتے ہیں :-

"فریدا کالے مینڈے کپڑے کالا مینڈا ویس"

خیال رہے کہ حضرت علی احمد صابر صاحبؒ (کلیر شریف والے) بابا فریدؒ ہی کے بھانجے ہیں۔ حضرت نظام الدینؒ اولیاء" (دہلی والے) کو صوفی حضرات بابا فریدؒ ہی کے مُرید بیان کرتے ہیں۔ اور بابا فرید صاحبؒ کو خواجہ بختیار کاکیؒ (چشتی) کا مُرید کہتے ہیں۔ لہٰذا کالے کپڑوں پر اعتراض کرنا حضرت بابا فرید صاحبؒ ہی پر نہیں بلکہ چشتی، فریدی، نظامی، صابری سلسلوں پر حملہ تصوّر ہوگا۔

علاوہ ازیں کالے کپڑے پر اعتراض کرنے والوں کو یہ سوچنا چاہیئے



کہ حضرت محمد مصطفےٰ رسولِ خدا بھی کالا کپڑا اِستعمال فرماتے تھے کالی کملی کا لحاظ کرنا ہر مسلمان کا فرض ہے۔ اور بیت اللہ شریف کا غلاف بھی سیاہ ہے۔ اُسی طرف سجدہ کیا جاتا ہے۔ حجرِ اسود بھی کالا ہے۔ علاوہ ازیں خود اعتراض کرنے والے مولوی حضرات کالی شیروانیاں پہنتے ہیں اور اکثر مولویوں کی بیویاں کالے بُرقعے پہنتی ہیں۔ وُکلاء حضرات کالے کوٹ اور جج صاحبان کالے "گون" پہنتے ہیں۔ فریدی سلسلہ کے اکثر صوفی اب بھی کالے کپڑے پہنتے ہیں۔ اب معترضین خود غور فرمائیں کہ کالے کپڑوں پر اعتراض کرنے سے کون کون ہستیاں نشانۂ اعتراض بنتی ہیں۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas



# برسرِ عام مُخدّرات کے نام لینا

مذہب اِمامیہ کے پیروکاروں پر عام طور سے یہ اعتراض بھی کیا جاتا ہے کہ "لائق اِحترام بیبیوں کے نام برسرِ عام نوحوں میں کیوں پڑھے جاتے ہیں"؟ اِس اعتراض کے سِلسلے میں یہ بات قابلِ غور ہے کہ "تراویح" میں جب لاؤڈ اسپیکروں پر قرآن پاک پڑھا جاتا ہے تو بی بی مریمؑ کا نام بھی آتا ہے۔ اَور لاؤڈ سپیکر کی بلند آواز کو غیر مُسلم بھی سُنتے ہیں۔ اَور جلوس عید میلادُالنبیؐ میں نعتیں پڑھتے ہوئے رسُولؐ کی والدہ حضرت آمنہؑ کا نام لیا جاتا ہے۔ مثلاً "اَے آمنہؑ کے لال تم پہ لاکھوں سلام"۔ علاوہ ازیں عام جلسوں میں حضرت اِسمٰعیلؑ کی قربانی کا ذکر کرتے ہوئے خود غیر شیعہ علماء حضرت



ہاجرہؑ کا نام لیتے ہیں۔ حالانکہ سب کو معلوم ہے کہ جناب ہاجرہؑ ایک نبیؑ کی زوجہ اَور ایک نبیؑ کی والدہ تھیں۔ عام جلسوں میں تفسیر سُورۂ یُوسفؑ بیان کرتے ہُوئے حضرت زُلیخا زوجۂ یُوسفؑ کا نام لیا جاتا ہے۔ اَور عام جلسوں میں اُمّ المومنین حضرت عائشہ کا نام لیا جاتا ہے۔ علاوہ ازیں اہلسنت و الجماعت کے اِمامِ اعظم "نعمان بن ثابت" کو عام جلسوں میں "ابُوحنیفہ" یعنی حنیفہ کا باپ کہا جاتا ہے۔ اُس وقت "امام اعظم" کی صاحبزادی کا نام آتا ہے اَور خود صوفی حضرات حضرت رابعہ بصری کا نام بھی عام جلسوں میں بیان کرتے ہیں۔ اَور عام اجتماعات میں حضرت فاطمہ زہراؑ کا ذکر بھی کیا جاتا ہے۔ لہٰذا اعتراض درست نہیں۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas



# مسئلہ تقیّہ

تقیّہ جائز ہے لیکن جب جہاد کا موقع ہو یا اسلام کے تحفّظ و بقا کے لئے جان و مال کی قربانی کی ضرورت ہو وہاں تقیّہ نہیں ہے بلکہ ایسے موقع پر، خوشنودیٔ خدا و رسولؐ حاصل کرنے کو اور اسلام کے تحفّظ و بقا کے لئے ہر قسم کی قربانی پیش کرنا ضروری ہے۔ یہی وجہ ہے کہ حضرت امام حسینؑ نے کربلا میں تقیّہ نہیں کیا۔ کیونکہ ایک طرف تو جانوں اور مالوں کی قربانی کا سوال تھا۔ دوسری طرف دین کے نقصانِ عظیم کا خوف، پس سرکارِ سیّد الشہداءؑ نے اپنے فرزندوں بھتیجوں، بھانجوں، بھائیوں اور اصحابِ باوفا کی جانوں کو اسلام کے لئے اللہ کی راہ میں قربان کر کے، تین روز بھوکے پیاسے [illegible] کر



سجدہ کی حالت میں اپنے گلوئے مبارک پر خنجرِ ستم چلوا لینا منظور کیا۔ لہٰذا قربانی کا موقع ہو تو تقیّہ نہیں ہوتا۔

## تقیّہ کب جائز ہے

جب جہاد کا موقع نہ ہو اور اسلام کے لئے مال و جان کی قربانی درکار نہ ہو بلکہ جان و مال دینے سے اسلام کی افرادی و مالی قوت کو نقصان پہنچتا ہو وہاں تقیّہ محض جائز نہیں بلکہ ضروری ہو جاتا ہے کیونکہ مسلمانوں کی جانوں اور ان کے مالوں کو بے موقع اور بے مقصد ضائع کروانا ہرگز مقصودِ اسلام نہیں ہے بلکہ مسلمان کی جان اور اس کا مال اسلام ہی کا سرمایہ ہے یہی وجہ ہے کہ اضطراری کیفیت میں جان بچانے کے لئے سؤر تک کھا لینے کی اجازت دی گئی۔ اسی طرح جان و مال و آبرو کے تحفّظ کے لئے، نرغۂ کفار میں گھرا ہوا مسلمان بحالتِ مجبوری

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

اپنے دین کو چھپا سکتا ہے۔ اور دشمنانِ ایمان کے ظلم سے محفوظ رہنے کے لیے مومن اپنے ایمان کو پوشیدہ رکھ سکتا ہے۔ اسی کو "تقیہ" کہتے ہیں۔

## فرقِ تقیہ و منافقت

خیال رہے کہ تقیہ منافقت نہیں بلکہ منافقت کے بالکل برعکس ہے کیونکہ منافقت اُسے کہتے ہیں کہ دل میں ایمان نہ ہو، لیکن ظاہر کرے اور تقیہ اُسے کہتے ہیں کہ دل میں ایمان ہو لیکن ظاہر نہ کرے۔

## تقیہ منافیٔ ایمان نہیں

ظالموں کے ظلم و ستم سے بچنے کے لئے اپنے ایمان کو چھپانے سے ایمان زائل نہیں ہوتا جیسا کہ حضرت حزقیلؑ کو اللہ نے خود مومن فرمایا حالانکہ وُہ فرعون کے ظلم سے محفوظ رہنے کے لئے اپنے ایمان کو چھپاتے رہے جیسا کہ سورۃ "المومن" میں اللہ خود فرماتا ہے

"وَقَالَ رَجُلٌ مُّؤْمِنٌ مِّنْ اٰلِ فِرْعَوْنَ يَكْتُمُ اِيْمَانَهٗ" ۲۸

ترجمہ علامہ اشرف علی تھانوی :- "ایک مومن شخص نے جو کہ فرعون کے خاندان سے تھے (اور اب تک) اپنا ایمان پوشیدہ رکھتے تھے کہا"

نوٹ :- ثابت ہوا کہ ظالموں کے خوف سے اپنے ایمان کو چھپانے والا مومن، ہرگز "منافق" نہیں بن جاتا۔ اشرف علی تھانوی صاحب کے ترجمہ مندرجہ بالا سے یہ بھی ثابت ہو گیا کہ آل کا معنی "پیروکار" نہیں بلکہ "خاندان" ہے۔

## مجبوراً کفر کرنا بھی جائز ہے

قرآن مجید پارہ نمبر ۱۴، رکوع نمبر ۲۰ سورۃ النحل میں اللہ جل جلالہ فرماتا ہے :- "مَنْ كَفَرَ بِاللّٰهِ مِنْۢ بَعْدِ

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

إِيمَانِهِ إِلَّا مَنْ أُكْرِهَ وَقَلْبُهُ مُطْمَئِنٌّ بِالْإِيمَانِ
وَلَٰكِن مَّن شَرَحَ بِالْكُفْرِ صَدْرًا فَعَلَيْهِمْ غَضَبٌ
مِّنَ اللَّهِ ج وَلَهُمْ عَذَابٌ عَظِيمٌ ○

ترجمہ: جس نے اپنے ایمان کے بعد اللہ سے کفر کیا سوائے اُس شخص کے کہ جو مجبور ہو۔ اور اُس کا دل ایمان سے مطمئن ہو۔ ہاں لیکن جس نے کفر سے سینہ کو کھول دیا (یعنی دل میں بھی کفر آگیا) تو اُن پر اللہ کی جانب سے غضب ہے اور ان کے لیئے عذاب عظیم ہے"

سُورہ نحل کی اِس آیۂ مقدّس میں ایمان کے بعد کفر کرنے والوں کو مغضوب علیہم اور مستوجب عذابِ عظیم قرار دیا ہے لیکن اللہ نے اُن مومنوں کو خود ہی مستثنٰے فرما دیا ہے جن کے دلوں میں ایمان اطمینان ہو اور مجبوراً کفر کریں یعنی مجبوراً کفر کرنے سے ایمان زائل نہ ہوگا اور گنہگار بھی نہ ٹھہریں گے۔ تو تقیہ جائز ہوا۔ اسی طرح حضرت عمّار بن یاسرؓ (صحابئ رسولؐ) نے تقیہ کیا تھا۔ تفصیل کیلئے معترضین اپنی ہی حسب ذیل کتب ملاحظہ فرمالیں:۔

۱۔ تفسیر کبیر فخر الدین رازی مطبوعہ مصر جلد ۲ ص ۴۲۹، ص ۵۲۴ اور جلد ۵ ص ۳۵۵ و ص ۳۵۶ (۲) تفسیر درمنثور سیوطی مطبوعہ مصر جلد ۴ ص ۱۰۷ اور جلد ۲ ص ۱۶۴ (۳) تفسیر بیضاوی مطبوعہ نولکشور ص ۴۵۳ (۴) تفسیر نیشاپوری مطبوعہ مصر (برحاشیہ ابن جریر) جلد ۳ ص ۱۷۰ (۵) تفسیر ابن جریر مطبوعہ مصر جلد ۳ ص ۱۴۰ (۶) تفسیر خازن مطبوعہ مصر جلد ۳ ص ۳۶ (۷) تفسیر ابن کثیر برحاشیہ فتح البیان مطبعۃ الکبری المیریہ بولاق مصر الجزء الثانی ص ۲۱۸ (۸) مواہب لدنیہ قسطلانی مطبوعہ مصر ص ۲۴۷،

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas



(۹) اُردو ترجمہ سُننِ ابنِ ماجہ مطبُوعہ صدیقی لاہور جلد ۲ صفحہ ۳۵۶ (۱۰) روضۃ الاحباب جمال الدین محدّث مطبوعہ انوارِ محمّدی لکھنؤ جلد ۱ صفحہ ۸۹، صفحہ ۹۶ (۱۱) تفہیم القرآن مولانا ابُوالاعلیٰ مودُودی جلد ۲ صفحہ ۵۷۵ حاشیہ ۱۰۹

## مُسلمان جاسُوس اَور تقیّہ

محکمہ جاسُوسی کے لئے تقیّہ ضروری ہے کیونکہ مُسلمان جاسوس کو اپنے فرائض پُورا کرنے کے لئے دُشمنانِ دین سے اپنا دین، اپنا وطن اَور اپنا مقصد ضرور چھپانا پڑتا ہے۔ لہٰذا تقیّہ کی ضرورت اَور اُس کے جواز کا اِنکار درست نہیں۔ یہی وجہ ہے کہ گروہِ صُوفیاء کے پیشوا مشہور تابعی حسن بصری نے کہا "التقیۃ الی یوم القیٰمۃ" یعنی "تقیّہ قیامت تک ہے۔" دیکھئے صحیح بخاری (عربی) مطبوعہ مصر کتاب الاکراہ جلد چہارم صفحہ ۱۲۳ اَور تفسیر ابن کثیر دمشقی بر حاشیہ

http://fb.com/ranajabirabbas



فتح البیان مطبعۃ الکبریٰ المیریہ بولاق مصر الجزء الثانی صفحہ ۲۱۸ سطر ۳۔

علاوہ ازیں معتزلین کے علماء کو بھی مامون رشید کے زمانہ میں "خلقِ قرآن" کے مسئلہ پر "تقیّہ" کی ضرورت پڑی اَور "تقیّہ" کرنا پڑا دیکھئے تاریخ الخلفاء سیُوطی اُردُو ترجمہ مطبُوعہ صدیقی مطبع زمیندار لاہور صفحہ ۱۶۷

## حنفی مُفتیوں کا فتویٰ

فتاویٰ ہندیہ اُردو ترجمہ فتاویٰ عالمگیری مطبُوعہ نولکشور جلد چہارم صفحہ ۲۲۱ سطر ۳۔

یوں ہے کہ "جھُوٹ بولنا حرام ہے لیکن لڑائی وجہاد میں روا ہے تاکہ کافر کو دھوکا دیوے اَور دو شخصوں میں صلح کرانے میں روا ہے۔ اَور اپنی جورو کو راضی کرنے میں روا ہے اَور ظلمِ ظالم دفع کرنے میں روا ہے۔ اور جھُوٹ کے ساتھ تعریض مکروہ ہے اِلّا بضرورت"۔

نوٹ:- اورنگ زیب بادشاہ نے "فتاوی عالمگیری" مُفتیان

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas



اہل سنۃ والجماعۃ سے لکھوائی تھی جیسا کہ بریلوی اہل سُنّۃ والجماعۃ کے پیشوا علامہ احمد رضا خاں بریلوی نے اپنی کتاب "حیاتُ الموات" شائع کردہ نُوری کتب خانہ بازار داتا صاحبؒ لاہور کے صفحہ ۸۵ پر تحریر فرمایا ہے:-

"مولنا شیخ جلیل نظام الدین وغیرہ جامعانِ فتاوی عالمگیری حنفیان" مزید دیکھیئے "اورنگ زیب عالمگیر غازی" مصنفہ شبلی نعمانی مطبوعہ تاج بک ڈپو اُردو بازار لاہور صـ۱۴۱

**نکتہ** جب حنفی مفتیوں کے فتوی کی رُو سے ظلم ظالم دفع کرنے کے لیئے جھوٹ تک روا ہوا اور بقدرِ ضرورت تعریض بھی مکروہ نہ رہی تو تقیہ کیونکر ناجائز ہوگا؟ مزید دیکھیئے تفسیر نعیمی مفتی احمد یار خان بدایونی گجرات جلد دوم صـ۱۹۸ سطر ۴

**حضرت یُوسفؑ اور تقیہ** کسی کی ایذارسانیوں سے محفوظ



رہنے کے لیئے کسی حق بات یا واقعہ کو چُھپانا اگر ناجائز ہوتا تو حضرت یعقوبؑ اپنے فرزندِ عالی مقام حضرت یُوسفؑ کو یہ ہدایت نہ فرماتے کہ "بیٹا اپنے اِس خواب کو اپنے بھائیوں کے رُوبرو مت بیان کرنا پس (یہ سمجھ کر) وہ تمہارے (ایذا رسانی) کے لیئے کوئی خاص تدبیر کریں گے" (دیکھیئے ترجمہ قرآن مجید از علامہ اشرف علی تھانوی سُورہ یُوسفؑ پارہ ۱۲ رکوع ۱۱)

علاوہ ازیں سُورہ یُوسفؑ ہی میں یہ واقعہ بھی موجود ہے کہ حضرت یُوسفؑ نے پانی پینے کا برتن اپنے بھائی بنیامینؑ کے سامان میں خود رکھ دیا اور اس حقیقت کو چھپائے رکھا۔ دُوسرے بھائیوں نے جب یہ کہا کہ بنیامینؑ کا ایک بھائی (یعنی یُوسفؑ) چوری کر چکا ہے (معاذ اللہ) تو حضرت یُوسفؑ نے اُس وقت بھی حقیقت کو پوشیدہ رکھا جیسا کہ قرآن مجید کے الفاظ ہیں "فَاَسَرَّهَا يُوسُفُ فِي نَفْسِهِ وَلَمْ يُبْدِهَا لَهُمْ"

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas



یعنی پس یُوسفؑ نے اِس بات کو اپنے دِل میں پوشیدہ رکھا۔ اور اُس کو اُن پر ظاہر نہ کیا۔

نوٹ: حضرت یُوسفؑ نے خود وہ برتن بِنیامینؑ کے سامان میں رکھنے کے بعد حقیقت کو محض اِس لئے چھپایا کہ اپنے بھائی بِنیامینؑ کو اپنے پاس رکھ لینا چاہتے تھے۔ اور یہ کوئی ناجائز مقصد نہیں تھا۔ لہٰذا ثابت ہوا کہ جائز مقصد کے لئے کِسی حقیقت کو چھپا لینا جائز ہے اِسی کا نام تقیّہ ہے۔

## شبِ ہجرت کا واقعہ

حقیقت تو یہ تھی کہ رسُولِ خدا غارِ ثور کے اندر موجود تھے لیکن اللہ سُبحانہٗ و تعالیٰ نے غارِ ثور کے دروازہ پر مکڑی سے جالا بنوا دیا تاکہ کفّار سے حقیقت پوشیدہ رہے یعنی جو کفّار ظلم کرنے کی نیّت سے رسُولؐ کو تلاش



کر رہے تھے وُہ جالا دیکھ کر حقیقت کے خلاف یہی سمجھیں کہ غار کے اندر کوئی داخل ہی نہیں ہُوا۔ مقصدِ قدرت یہ تھا کہ حقیقت کو چھپا کر حضرت رسُولؐ کو ظلمِ کفّار سے بچا لیا جائے۔ لہٰذا ثابت ہُوا کہ ظلم کو دفع کرنے کے لئے حقیقت کو چُھپا لینا جائز ہے۔

## تقیّہ ابراہیمؑ

حضرت خلیلِ ربِّ جلیلؑ نے ظالم بادشاہ کے ظُلم سے محفوظ رہنے کے لئے اپنی زوجہ حضرت سارہ کے متعلق فرمایا ھِیَ اُختِی "یعنی یہ میری بہن ہے اور اِس حقیقت کو چُھپا لیا کہ وُہ آپؑ کی زوجہ تھیں۔ ثبوت کے لئے دیکھیئے:۔

۱۔ تاریخ الاُمم والملوک ابنِ جریر طبری مطبوعہ مطبعۃ الحسینیہ مصر جلد اوّل صفحہ ۱۳۵ سطر ۲۰ تا ۲۲، صفحہ ۱۳۶ سطر ۱۵ اور سطر ۲۱۔

۲۔ روضۃ الاحباب مطبوعہ تیغ بہادر این آباد جلد اوّل صفحہ ۱۴۱ سطر

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

۱۷ تا ۱۹

لیکن تقیہ کو "جھوٹ" سمجھنے والوں نے تقیۂ ابراہیمؑ کو بھی معاذاللہ "جھوٹ" قرار دے دیا دیکھئے جمع الفوائد من جامع الاصول مطبوعہ میرٹھ جلد ثانی صہ ۳۰۳۔

**ملّتِ ابراہیمؑ** خیال رہے کہ قرآن مجید پارہ ۱ سورۃ البقرہ رکوع ۱۵ میں اللہ نے فرمایا ہے :۔ "اور کون پسند نہ رکھے دین ابراہیمؑ کا ؟ مگر جو بیوقوف ہو اپنے جی سے۔" (دیکھیئے ترجمۂ قرآن مجید شاہ عبدالقادر محدّث دہلوی مطبوعہ تاج کمپنی لمیٹڈ لاہور)

## مسئلۂ مُتعہ

سرکارِ دوجہاں حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم نے مُتعہ



کو اللہ کے حکم سے حلال قرار دیا تھا کسی اُمّتی کے حکم سے حرام نہیں ہو سکتا جبکہ دین عہدِ رسالتؐ میں مکمل ہو چکا اَور وفاتِ پیغمبرؐ کے بعد کوئی اُمّتی شخص دین میں ترمیم یا اضافہ کرنے کا حق نہیں رکھتا! اور کوئی بھی اُمّتی حکمِ رسُولؐ کو منسوخ کرنے کا مجاز نہیں۔ خواہ وُہ حضرت علیؑ ہی کیوں نہ ہوں ؟ حقیقت یہ ہے کہ مُتعہ کو رسُولِ خداؐ نے تو کبھی حرام نہیں کیا بلکہ عہدِ رسالتؐ کے بعد جب کہ وفاتِ رسُولؐ کو کافی عرصہ گزر چکا تھا ایک اُمّتی شخص نے کہہ دیا کہ "مَیں مُتعہ کو حرام کرتا ہُوں" (معاذاللہ) ثبوت کے لیئے، اَور اُس اُمّتی کا نام معلوم کرنے کے لیئے حسب ذیل کتب ملاحظہ فرمائیے :۔

(۱) "صحیح مُسلم مترجم" (از علامہ اہل حدیث وحید الزماں) مطبوعہ صدیقی لاہور ۱۴۲۵ھ۔

(۲) "ازالۃ الخفا" ، ولی اللہ محدّث دہلوی (اُردو ترجمہ) مطبوعہ سعیدی

Presented by: Rana Jabir Abbas
jabir.abbas@yahoo.com
Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas



کراچی مقصد دوم صفحہ ۱۹۵ (۳) "زاد المعاد" حافظِ حدیث ابنِ قیم مطبوعہ مطبعۃ المیمینہ مصر جلد اوّل صفحہ ۲۱۵ (۴) منتخب کنز العمال برحاشیہ مسند احمد حنبل مطبوعہ مصر الجزء السّادس صفحہ ۴۰۴ (۵) "تفسیرِ مظہری" قاضی ثناء اللہ پانی پتی تفسیر سورۃ نساء صفحہ ۷۴ (۶) "تاریخ الخلفا" مصنفہ جلال الدین عبد الرحمٰن بن ابوبکر سیوطی شافعی (اُردو ترجمہ) مطبوعہ صدّیقی لاہور صفحہ ۷۳-۷۴

نوٹ :۔ تفسیرِ مظہری میں ایک نہایت مشہور شخص کی لڑکی کے متعہ کا ذکر موجود ہے۔ اَور کشف المغطّا (شرح مؤطا اِمام مالک) مطبوعہ صدّیقی لاہور کے صفحہ ۳۳۹ پر اہل حدیث کے مشہور عالم وحید الزّماں حیدرآبادی نے اُسی عورت کے متعلق لکھّا ہے کہ وُہ متعہ کو جائز سمجھتی تھی اَور یہ بھی تحریر کیا ہے کہ مشہور صحابیٔ رسُول حضرت عبداللہ بن



عبّاس رضؓ بھی مُتعہ کو جائز سمجھتے تھے اَور کشف المغطّا شرح موطا میں اُسی جگہ یہ بھی تسلیم کیا گیا ہے کہ مُتعہ کرنے پر کوئی حدِ شرعی نہیں یعنی شریعت نے مُتعہ پر سزا نہیں رکھی ۔ پھر مُتعہ کو زنا کیونکر کہا جاسکتا ہے؟ اگر مُتعہ بھی زِنا ہوتا تو حدِّ شرعی ضرور لازم آتی ۔ اَور خود رسُولِ خدا کسی بھی وقت مُتعہ کو ہرگز جائز نہ قرار دیتے حقیقت یہ ہے کہ مُتعہ کی آیت قرآنِ مجید میں موجود ہے دیکھئے پارہ ۵ سُورۃ النساء رکوع ۴ میں قرآنِ مجید کے مقدّس الفاظ یُوں ہیں :۔ فَمَا اسْتَمْتَعْتُمْ بِهٖ مِنْهُنَّ فَاٰتُوْهُنَّ اُجُوْرَهُنَّ فَرِيْضَةً ۔ اِسی آیت کی تفسیر میں اِمام اہلِ سنت والجماعۃ جلال الدین سیوطی شافعی یُوں تحریر فرماتے ہیں :۔

## قرآن میں ذکرِ مُتعہ

"اخرج عبد الرزاق وابو داؤد فی ناسخہ وابن جریر

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas



عن الحکم انہ سئل عن ھذہ الآیۃ امنسوخۃ قال لا۔"
یعنی عبدالرزاق نے اور ابوداؤد نے اپنی ناسخ میں اور ابن جریر نے حکم سے روایت نقل کی ہے کہ حکم سے پُوچھا گیا کہ "کیا یہ آیت منسوخ ہے؟ انہوں نے کہا ہرگز نہیں"۔ (تفسیر درمنثور سیُوطی مطبُوعہ مصر)

ضروری نوٹ:- پارہ ۵ سورۃ النساء رکوع ۴ کی آیت مندرجہ بالا مُتعہ ہی کے متعلق ہے جیسا کہ امام جلال الدین سیُوطی نے تفسیر درّمنثور میں اس آیۃ کی تفسیر میں حضرت علیؑ کا ارشادِ مُبارک یُوں لکھا ہے:-

## فرمانِ مُرتضویؑ

"وقال علی لولا ان ... [2] ... نھی عن المتعۃ مازنی الا شقی"۔

---

[1] تفسیر درمنثور تفسیر جلالین میں بھی ہے۔

[2] یہاں ایک اُمتی شخص کا نام ہے تفسیر درّمنثور دیکھئے۔



ترجمہ:- اور (حضرت) علیؑ نے فرمایا "اگر ..... نے مُتعہ سے منع نہ کیا ہوتا تو سوائے شقی کے کوئی زنا نہ کرتا"۔ یعنی اگر وُہ اُمتی مُتعہ سے نہ روکتا تو لوگ زِنا سے بچے رہتے اور کوئی بدبخت ہی ہوتا جو زنا کرتا یعنی حضرت علیؑ کے نزدیک مُتعہ زنا سے بچانے والی چیز ہے اور مُتعہ سے منع کرنا درست نہیں تھا۔

## ارشاد حضرت جابر بن عبداللہ انصاریؓ

رسُولِ خُدا کے مشہور صحابی حضرت جابر بن عبداللہ انصاریؓ نے فرمایا ہے کہ "ہم نے عہدِ رسُولؐ میں مُتعہ کیا۔ اور اُس کے بعد عہدِ حضرت ..... [1] میں بھی کیا۔ پھر حضرت ..... [2] نے منع کر دیا اور ہم نے مُتعہ کرنا چھوڑ دیا" (دیکھئے مسندِ احمد حنبل مطبُوعہ مصر الجزء الثالث صفحہ ۳۲۵ سطر ۱-۲، صفحہ ۳۵۶ سطر ۷-۸)

---

[1] اسی طرح قولِ ابنِ عبّاس مرقوم ہے (حاشیہ [1] ب دا صفحہ ۵۹ پر دیکھئے)

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas



ص۳۶۳ سطر ۴ تا ۲۶ اور ص۳۸۰ سطر ۲۸ تا ۳۰)

## صحابی عمران بن حصین کا بیان

رسولِ خدا کے صحابی عمران بن حصین نے بیان کیا کہ رسولؐ نے متعہ سے ہرگز منع نہیں فرمایا اور متعہ کی ممانعت کا کوئی حکم نازل نہیں ہوا۔" (دیکھیے مسندِ احمد حنبل مطبوعہ مصر الجزء الرابع ص۴۳۶ سطر ۱۲ تا ۱۳ اور ص۴۳۹ سطر ۱۲-۱۳)

نوٹ: ثابت ہوا کہ غیر شیعہ کی جن روایات میں خیبر وغیرہ میں حرمتِ متعہ کا ذکر کیا گیا ہے وہ صحیح نہیں ہیں بلکہ متعہ سے منع کرنے والے اُس اُمتی کو مخالفتِ قرآن و سنت کے الزام سے بچانے کے لئے وضع کی گئی ہیں کیونکہ متعہ کا جائز ہونا قرآن و حدیث اور ارشادات

---

بقیہ حاشیہ ص۵۹ ؎۱ ب ؎۲ یہاں وہ اُمتی آدمیوں کے نام ہیں مسندِ احمد حنبل میں دیکھیے

حضرت علیؑ و عبداللہ بن عباسؓ اور اقوالِ جابرؓ و عمران بن حصین سے ازروئے کتبِ اہل سنۃ والجماعۃ ثابت ہے

## نکاح دائمی اور متعہ

مرد اور عورت کے جنسی تعلقات پر اسلام نے نکاح کی جو پابندی لگائی ہے۔ اُس کی ایک وجہ یہ ہے کہ بلا کسی پابندی کے جنسی تعلقات قائم کرنے یعنی زنا کی صورت میں یہ معلوم نہیں ہو سکتا کہ اولاد کس کی ہے؟ اس طرح ایک طرف تو قانونِ وراثت ختم ہو جاتا ہے اور دوسری طرف کوئی شخص ایسی اولاد کو اپنی اولاد یقین نہیں کر سکتا! اس طرح وہ بچے باپ کی شفقت اور جائداد سے محروم رہتے ہیں۔ نکاح کی پابندیوں سے قانونِ وراثت بھی محفوظ رہتا ہے، شناختِ نسل بھی ہو جاتی ہے یہ پابندیاں متعہ میں بھی موجود ہیں یعنی اولاد وارث ہوتی ہے۔ عدت

jabirabbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ضروری ہے۔ مدّتِ مُتعہ اور عدّت میں عورت کو اجازت نہیں کہ وُہ دُوسرے مرد سے جنسی تعلقات قائم کرسکے۔

لہٰذا مُتعہ کو ناجائز کہنا یا "زنا" قرار دینا درست نہیں ہے۔

---

# وضو میں پاؤں کا مسح

**جرِ جوار کی تردید**

جو لوگ وضو میں دونوں پاؤں کے مسح کے خلاف اور پاؤں دھونے کے قائل ہیں وُہ قرآن مجید سورۃ المائدہ کی آیتِ وضو پر گرامر کی بحث کرتے ہوئے یہ عُذر کرتے ہیں کہ آیتِ وضو میں برؤُسِکُم میں سین کے نیچے زیر کی وجہ سے جرِ جوار کی ہے جیسا کہ صاحب تفسیر حسینی نے لکھا ہے کہ جرِ جوار کی ہے لیکن

امام اہلِ سنّۃ والجماعۃ فخر الدین رازی نے اِس عُذر کو باطل قرار دیا ہے جیسا کہ تفسیر کبیر مطبوعہ مصر جلد ۳ صفحہ ۳۶۸ میں امام رازی لکھتے ہیں:-

"قلنا ھذا باطل من وجوہ" یعنی ہم کہتے ہیں یہ کئی وجوہ سے باطل ہے" پھر امام رازی نے وجوہ بیان کرتے ہوئے ایک وجہ یہ تحریر فرمائی ہے کہ برؤُسِکُم کی کسرہ با، کی وجہ سے ہے) پھر اسی صفحہ ۳۶۹ پر یُوں لکھا ہے:-

"ان الکسر بالجوار انما یکون بدون حرف العطف وأما مع حرف العطف فلم تتکلم بہ العرب وأما القرأۃ بالنصب فقالوا انہا أیضا توجب المسح"

یعنی جوار کی جر بلا شُبہ، حرفِ عطف چھوڑ کر ہوتی ہے اور حرفِ عطف کے ساتھ قوم عرب کے کلام میں ہرگز نہیں آتی۔ اور

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas



رہی قرأت بالنصب[۱] تو کہتے ہیں[۲] یہ بھی مسح ہی واجب کرتی ہے۔"

نوٹ :۔ مزید اطمینان کے لئے تفسیر خازن (لباب التاویل مطبوعہ مطبعۃ المکتبۃ التجاریۃ الکبریٰ مصر الجزء الثانی ص۱۶ بھی دیکھیے)

## مذہب شیخ محی الدین ابن عربی

فتوحاتِ مکیہ مطبوعہ مصر جلد اوّل ص۴۴۸

[۱] یعنی قرآن مجید سورۃ المائدہ کی آیتِ وضو یَا اَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا اِذَا قُمْتُمْ اِلَی الصَّلٰوۃِ فَاغْسِلُوْا وُجُوْھَکُمْ وَاَیْدِیَکُمْ اِلَی الْمَرَافِقِ وَامْسَحُوْا بِرُؤُسِکُمْ وَاَرْجُلَکُمْ اِلَی الْکَعْبَیْنِ" میں لفظ اَرْجُلَکُمْ کے لام پر زبر پڑھنا۔

[۲] یعنی علماء اہل سنۃ والجماعۃ کہتے ہیں جیسا کہ شیخ محی الدین ابن عربی کا قول بیان کیا گیا۔



سطر ۲ میں ابن عربی خود لکھتے ہیں :۔ فمذھبنا ان النصب فی الکلام لایخرجہ عن الممسوح فان ھذہ الواؤ قد تکون واؤ مع وداوالمعیۃ تنصب تقول قام زید وعمرا"

یعنی پس ہمارا مذہب ہے کہ (اَرْجُلَکُمْ) کے لام پر زبر اُس کو حکم مسح سے خارج نہیں کرتی پس تحقیق یہ واؤ معیّت کا قرار پائے گا اور معیّت کا واؤ نصب دیتا ہے جیسا کہ بولتے ہیں "قام زید وعمرا" یعنی کھڑا ہوا زید ساتھ عمر کے یعنی اسی طرح اَرْجُلَکُمْ بِرُؤُسِکُمْ کے ساتھ حکمِ مسح میں آیا ہے)

اِمامِ اہل سنۃ والجماعۃ فخر الدین رازی اور امامِ اہل سنۃ شیخ محی الدین ابنِ عربی کی تحریر کردہ عربی گرامر کی بحث کے بعد اس امر کی ہرگز گنجائش نہیں رہتی کہ قرآن کی آیتِ وضو میں پاؤں دھونے کا

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas



حکم نکل سکے۔ لہٰذا ثابت ہوا کہ قرآنِ مجید میں، پاؤں کا مسح کرنے کا ہی حکم ہے دھونے کا نہیں۔

## اِمام حسنؑ اور حسینؑ اَرْجُلِکُمْ پڑھتے تھے — محمد مصطفےٰؐ کے وہ محبوب نواسے

جنہوں نے اپنے نانا رسولؐ سے قرآن سُنا اور پڑھا۔ رسولؐ ہی سے وضو سیکھا۔ وہ قرآن کی آیتِ وضو میں "اَرْجُلِکُمْ" پڑھتے تھے یعنی حسنینؑ کی قرأت میں لام پر زبر نہیں بلکہ زیر ہے دیکھئے تفسیر "جامع البیان" علامہ اہل سنت والجماعت ابنِ جریر مطبوعہ دارالمعارف الجزء العاشر ص۵۵ سطر ۱، ۲

## قرأتِ صحابیٔ رسولؐ "انس" بھی اَرْجُلِکُمْ ہے — دیکھئے تفسیر جامع البیان

ابنِ جریر مطبوعہ دارالمعارف مصر الجزء العاشر ص۵۹ سطر ۱-۳

(نوٹ: تفسیر جامع البیان الجزء العاشر ص۶۰-۶۱ میں دیگر حضرات کا بھی اس قرأت کو تسلیم کرنا مرقوم ہے) یہاں اِس بات کی وضاحت بھی ضروری ہے کہ قرآن مجید کے اعراب لگاتے وقت "ارجلکم" کے لام پہ زبر حجاج بن یوسف نے لگائی ہے۔

مشہور صحابیٔ رسولؐ انس بن مالک اور دیگر حضرات کے علاوہ اہل بیت طاہرینؑ میں سے حسنینؑ کی قرأۃ "اَرْجُلِکُمْ" ثابت ہونے کے بعد اس امر میں شک و شبہ کی گنجائش نہیں رہی کہ اللہ نے قرآن کی آیۂ وضو میں پاؤں کا مسح ہی واجب کیا ہے۔ دھونا نہیں۔

## وجوبِ مسح کا مزید ثبوت — تفسیر "فتح البیان" علامہ اہلحدیث نواب صدیق حسن قنوجی بھوپالی

مطبوعہ صدیقی بھوپال الجزء الاوّل تفسیر سورۃ المائدہ ص۶۹۳ سطر ۱۹ تا

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas



۲۲ کی عبارت یُوں ہے :-

"قال القرطبي قد روی عن ابن عباس انه قال الوضوء غسلتان و مسحتان قال وكان عكرمة يمسح رجليه وقال ليس في الرجلين غسل انما نزل فيهما المسح وقال عامر الشعبي نزل جبريل بالمسح قال وقال قتادة افترض الله غسلتين و مسحتين"

یعنی قرطبی نے کہا حضرت ابن عباسؓ (صحابیٔ رسولؐ) سے روایت کیا گیا ہے کہ اُنھوں نے فرمایا "وضو دو دھونے اور دو مسح ہے۔ اور عکرمہ اپنے دونوں پاؤں کا مسح کرتے تھے اور انہوں نے کہا کہ پاؤں کو دھونے کا حکم نہیں محض اُن کے مسح کا حکم نازل ہوا ہے۔ اور عامر الشعبی نے کہا حضرت جبریلؑ مسح کے حکم کے ساتھ نازل ہوئے



اور قتادہ نے کہا اللہ نے ۲ دو دھونے اور ۲ دو مسح فرض کئے ہیں"۔

نوٹ :- اسی سلسلے میں علّامہ صدیق حسن بھوپالی کی اُردو تفسیر ترجمان القرآن مطبوعہ صدیقی لاہور جلد ۳ ص ۸۴۲ سطر ۲ تا ۱۹۔ اور تفسیر جامع البیان ابن جریر طبری مطبوعہ دار المعارف مصر الجزء العاشر ص ۵۸ و ص ۵۹ اور ص ۶۰ بھی ملاحظہ فرمائیے)

۲- تفسیر کبیر فخر الدین رازی مطبوعہ مصر جلد ۳ ص ۳۶۸ سطر ۱۷ اور ۱۸ میں تفسیر قفال سے منقول ہے کہ ابن عباسؓ و انس بن مالک و عکرمہ و شعبی اور حضرت (امام) ابوجعفر محمد بن علی الباقرؑ کے نزدیک دونوں پاؤں کا مسح ہی واجب ہے۔

## حضرت رسول خداؐ نے پاؤں کے مسح کا حکم دیا

عمدۃ القاری شرح صحیح بخاری علّامہ

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

عینی حنفی مطبوعہ دارالطباعۃ العامرہ مصر جلد اول صفحہ ۴۵۶ سطر ۲۸ تا ۳۱ کی عبارت ملاحظہ ہو:۔

"منھا حدیث رفاعہ ابن رافع عن النبی علیہ الصلوٰۃ والسلام انہ قال لا یتم صلاۃ احد حتی یسبغ الوضوء کما امرہ اللہ تعالیٰ فیغسل وجھہ ویدیہ الی المرفقین ویمسح برأسہ ورجلیہ الی الکعبین حسنہ ابو علی الطوسی الحافظ وابو عیسی الترمذی وابوبکر البزار وصححہ الحافظ ابن حبان وابن حزم"

یعنی اِس (وجوبِ مسح کی حدیثوں) میں سے حدیثِ رفاعہ ابن رافع، نبی علیہ الصلوٰۃ والسّلام سے مروی ہے کہ آنحضرتؐ نے فرمایا کسی کی نماز تمام نہیں ہوگی جب تک وہ اللہ کے حکم کے مطابق وضو



نہ کرے پس دھوئے اپنے مُنہ کو اور اپنے دونوں ہاتھوں کو کہنیوں تک اور مسح کرے اپنے سر کا اور اپنے دونوں پاؤں کا ٹخنوں تک"۔

(علاّمہ عینی حنفی لکھتے ہیں کہ) اِس حدیث کو حافظ ابوعلی طوسی، ابوعیسیٰ ترمذی اور ابوبکر بزار نے حَسن مانا اور حافظ ابنِ حبان اور ابنِ حزم نے اِس حدیث کو صحیح تسلیم کیا ہے (نوٹ:۔ اِسی سلسلہ میں شرح معانی الآثار طحاوی مطبع الاسلامیہ لاہور جلد اوّل صفحہ ۲۱ بھی دیکھئے)

## رسولِ خدا مسح کرتے تھے

حسب ذیل کتب اہلِ سُنۃ والجماعۃ میں لکھا ہوا ہے کہ وضو میں حضورؐ اپنے دونوں پاؤں کا مسح فرماتے تھے:۔

۱۔ اصابہ فی تمییز الصحابہ حافظ ابنِ حجر عسقلانی مطبوعہ مصر جلد اوّل صفحہ ۱۹۲ ترجمہ تمیم بن زید (اِس کتاب میں یہ بھی تسلیم کیا گیا ہے کہ

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas



اس روایت کے تمام راوی ثقہ ہیں)

۲۔ تفسیر ابنِ جریر طبری مطبوعہ دارالمعارف مصر جلد ۱۰ صفحہ ۵۸ سطر ۱ تا ۹

۳۔ شرح معانی الآثار طحاوی مطبع الاسلامیہ لاہور جلد اوّل صفحہ ۲۱ سطر ۶-۷

۴۔ نیل الاوطار شوکانی جلد اوّل صفحہ ۱۶۴

۵۔ "کنز العمال" علامہ علی متقی بن حسام الدین مطبوعہ دائرۃ المعارف حیدرآباد دکن جلد ۵ مسند تمیم بن زید المازنی، حدیث نمبر ۲۱۹۳ صفحہ ۱۰۲

۶۔ کنز العمال مطبوعہ دائرۃ المعارف حیدرآباد دکن جلد ۵ مسند علی کرم اللہ وجہہ صفحہ ۱۴۷ حدیث ۲۴۰۳

## حضرت علی مرتضیٰ بھی مسح ہی کرتے تھے

دیکھئے شرح



معانی الآثار طحاوی مطبوعہ مطبع الاسلامیہ لاہور جلد اوّل سطر ۳-۴ صفحہ ۲۱
اور مسند امام اہل سنۃ والجماعۃ احمد حنبل مطبوعہ مصر جلد اوّل صفحہ ۱۱۶

## اِمام محمد باقرؑ بھی مسح کرتے تھے

تفسیر ترجمان القرآن صدیق حسن بھوپالی مطبوعہ صدیقی لاہور جلد ۳ صفحہ ۸۴۲ میں لکھا ہے کہ ابن عمرو علقمہ و امام محمد (باقرؑ) و حسن بصری و جابر اور ابن زید وغیرہم سے پاؤں کا مسح مروی ہے" (یہی بات تفسیر کبیر فخر الدین رازی مطبوعہ مصر جلد ۳ صفحہ ۳۶۸ سطر ۱۷-۱۸ سے بھی ثابت ہے)

نوٹ:۔ مسح کا مزید ثبوت عمدۃ التفسیر حافظ ابن کثیر مطبوعہ دارالمعارف مصر جلد ۴ صفحہ ۹۷ اور تفسیر معالم التنزیل برحاشیہ تفسیر خازن مطبعۃ المکتبۃ التجاریۃ الکبریٰ مصر الجزء الثانی صفحہ ۱۶ میں دیکھئے)

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

## حافظ ابنِ حجر عسقلانی کا عُذر

فتح الباری شرح صحیح بُخاری حافظ ابنِ حجر عسقلانی مطبوعہ مطبعۃ الخیریہ مصر الجزء الاوّل ص۱۸۷ میں حافظ ابنِ حجر نے تسلیم کیا کہ صحابہ میں سے حضرت علیؑ اور ابنِ عبّاس رضؓ اور انس پاؤں دھونے کے مخالف تھے۔" لیکن پھر ابنِ حجر نے یہ دعویٰ کر دیا کہ حضرت علیؑ اور ابنِ عباس رضؓ نے رجوع کر لیا تھا۔" حافظ ابنِ حجر کے اِس عُذر کا مطلب یہ ہوا کہ بابِ علمِ نبیؐ حضرت علیؑ اور عالمِ شریعت صحابی ابنِ عبّاس رضؓ دونوں رسولؐ سے وضو سیکھ کر، ساتھ نمازیں پڑھنے کے بعد (معاذ اللہ) غلط وضو کرتے رہے پھر بعد میں رجوع کر لیا۔" یعنی پہلے تو پاؤں دھونے کی مخالفت غلط کرتے رہے (معاذ اللہ) پھر خود دھونے لگے (معاذ اللہ) حضرت علیؑ کو خود رسولؐ نے اہلبیت ظاہرین میں شمار کیا ہے لہٰذا وہ سُنّت کی مخالفت کر ہی نہیں سکتے۔ بلکہ حضرت علیؑ اور ابنِ عبّاس رضؓ کا پاؤں دھونے کی مخالفت کرنا اِس امر کی دلیل ہے کہ پاؤں دھونا سُنّتِ رسولؐ نہیں بلکہ مسح کرنا واجب ہے جیسا کہ قرأتِ حسنینؑ اور عملِ امام محمد باقرؑ اور عملِ رسولؐ سے ثابت کیا گیا۔ لہٰذا حافظ ابنِ حجر کا دعویٰ درست نہیں۔

## ایک عجیب عُذر کا جواب

بعض لوگ یہ عُذر کرتے ہیں کہ "پاؤں دھونا سُنّت ہے" تو جواباً عرض ہے کہ جب یہ ثابت ہو چکا کہ قرآن مجید میں اللہ نے مسح ہی واجب کیا ہے عکرمہ اور عامر شعبی نے تسلیم کیا کہ جبریلؑ مسح ہی کا حکم لے کر نازل ہوئے حضرت ابنِ عباس صحابیٔ رسولؐ اور قتادہ نے کہا کہ اللہ نے دو مسح فرض کیے ہیں" اور "وضو دو غسل اور دو مسح ہے" پھر

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas



یہ لکھنا کہ پاؤں دھونا سُنّت ہے۔ تو اس کا مطلب یہ ہوگا کہ (معاذ اللہ) رسول ؐ حکمِ خدا کے خلاف عمل کرتے تھے۔ حالانکہ رسول ؐ کی شان اس سے بلند و بالا ہے کہ وُہ قرآن کے خلاف عمل کریں۔ لہٰذا ثابت ہوا کہ وضو میں پاؤں دھونا ہرگز سُنّتِ رسول ؐ نہیں ہے۔ بنا بریں جن روایات میں پاؤں دھونے کا حکم دینا یا دھونا حضور ؐ سے منسوب کیا گیا ہو، وُہ تمام روایات خلافِ قرآن ہونے کی وجہ سے موضوع تسلیم کی جائیں گی۔

ضروری گذارش: یہ رفیع الدین محدّث دہلوی نے اپنے ترجمۂ قرآن میں "دھوؤ" یا "دھولو" کا لفظ ہرگز نہیں لکھا لیکن اِس امر کو ملحوظ رکھا جائے کہ سنہ ۶۷ء سے کم از کم چالیس برس پہلے کا چھپا ہوا ترجمہ رفیع الدین محدّث دیکھا جائے کیونکہ آج کل بعض ناشرین اُصول



کو بالائے طاق رکھتے ہوئے، اپنی جانب سے "دھولو" یا "دھوؤ" کا لفظ اضافہ کر کے ترجمہ رفیع الدین محدّث شائع کر رہے ہیں، یہ ایک شرمناک حرکت ہے جو پیشہ نشر و اشاعت کے اصولِ دیانت و امانت داری کے خلاف ہے۔

خیال رہے اگر وضو صحیح نہ کیا جائے نماز نہیں ہوگی۔

# طریقۂ نمازِ رسول ؐ

## نماز کی ابتدا اور اختتام

رسولِ خدا (سورہ) الحمد سے نماز شروع کرتے تھے اور تکبیر پر ختم کرتے تھے ثبوت کے لئے دیکھئے صحیح بخاری مطبوعہ مصر جلد اوّل کتاب الصلوٰۃ صفحہ ۱۰۰

(۲) صحیح مسلم مترجم مع شرح نووی مطبوعہ مکتبہ سعودیہ کراچی جلد دوم

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas
jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas



صفحہ ۷۴ - ۷۵ (۳) مشکوٰۃ مترجم مطبوعہ سعیدی کراچی جلد اوّل صفحہ ۱۸۳ خیال رہے کہ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم سُورۂ فاتحہ (الحمد) کی پہلی آیت ہے یعنی جزوِ سُورہ ہے ثبوت کے لیے دیکھیے شرح معانی الآثار طحاوی مطبوعہ مطبع الاسلامیہ لاہور جلد اوّل صفحہ ۱۱۷، صفحہ ۱۱۸ اور سُنن کبریٰ بیہقی مطبوعہ حیدر آباد دکن جلد ۲ صفحہ ۴۴، صفحہ ۴۵

## بسم اللہ بلند آواز سے پڑھنا

امام اہل سنۃ والجماعۃ جلال الدین سیُوطی اپنی تفسیر دُرِ منثور مطبوعہ مِصر جلد اوّل صفحہ ۸ میں لکھتے ہیں :۔ "واخرج الدارقطنی والحاکم والبیھقی عن ابی ھریرۃ قال کان رسول اللہ یجھر ببسم اللہ الرحمٰن الرحیم فی الصلوٰۃ۔" ترجمہ "دارقطنی و حاکم و بیہقی نے ابوہریرہؓ سے حدیث نقل کی ہے کہ ابوہریرہؓ نے بیان



کیا کہ رسُولِ خداؐ نماز میں بسم اللہ الرحمٰن الرحیم بلند آواز سے پڑھتے تھے۔

## جہرِ بسم اللہ مذہبِ علیؑ ہے

تفسیرِ کبیر فخر الدین رازی مطبوعہ مصر جلد اوّل صفحہ ۱۵۹ کے الفاظ یہ ہیں :۔

"اِنّ علیا کان مذھبہ الجھر ببسم اللہ فی جمیع الصلوٰۃ"

ترجمہ :۔ "بے شک علیؑ کا مذہب تمام نمازوں میں بلند آواز سے بسم اللہ پڑھنا تھا۔" (مزید دیکھیے سُننِ کبریٰ بیہقی مطبوعہ حیدر آباد دکن جلد ۲ صفحہ ۴۸)

## جہرِ بسم اللہ مذہبِ آلِ محمدؑ ہے

امام شوکانی اپنی کتاب نیل الاوطار (مطبوعہ مع حاشیہ عون الباری) جلد ۲ کے صفحہ ۱۹ میں تسلیم کرتے ہیں کہ "جہرِ بسم اللہ پر آلِ رسُولؐ نے اجماع کیا ہے" یعنی آلِ محمدؐ کے تمام افراد کا اِس بات پر مکمل اتفاق ہے کہ بسم اللہ بلند

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

آواز سے پڑھی جائے۔

**نکتہ** آلِ محمدؐ پر نماز میں درُود پڑھا جاتا ہے۔ اگر نہ پڑھا جائے تو نماز نہیں ہوتی۔ پھر نماز ہی کے مسئلہ میں آلِ محمدؐ کی مخالفت کیونکر درست ہوگی؟ کم از کم نماز میں تو آلِ محمدؐ کی اِتّباع کرلی جائے ہم شیعۂ علیؑ تو ہر معاملہ میں آلِ محمدؐ کی اِتباع ضروری سمجھتے ہیں۔

**سرقۂ تسمیہ** "دراسات اللبیب"[1] مصنفہ علّامۂ اہلِ سنۃ والجماعۃ شیخ محمد مُعین لاہوری مطبوعہ سندھی ادبی بورڈ کراچی ص۹۵ میں مرقوم ہے کہ ایک مرتبہ حاکمِ شام، مدینہ آیا اور اس نے نماز میں بسم اللہ نہیں پڑھی تو مہاجرین اور انصار (اصحابِ رسولؐ) نے اُس کے اِس فعل سے ناواقفیت کا اظہار کیا اور صاف کہہ دیا۔ کہ "اے ....[2] ! تُو نے بسم اللہ پڑھنے کی چوری کرلی"۔

(متعلقہ حاشیہ ص۸۱ کے نیچے)



**نکتہ** چونکہ نماز میں بسم اللہ بلند آواز سے پڑھنا سُنّتِ رسولؐ ہے۔ اور اصحابِ رسولؐ (مہاجرین و انصار) سُنّت سمجھتے تھے۔ جب حاکمِ شام نے بلند آواز سے نہ پڑھی! اور اصحاب نے بسم اللہ نہ سُنی تو چور کہہ دیا! اگر بسم اللہ کو مخفی طور سے پڑھنا سُنّت ہوتا تو مہاجرین و انصار یہ سمجھ لیتے کہ حاکمِ شام نے مخفی طور سے بسم اللہ پڑھ لی۔ پھر "چور" نہ کہتے۔

اسی لیئے ہم شیعۂ علیؑ نماز میں بسم اللہ الرحمٰن الرحیم بلند آواز سے سُنا کر پڑھتے ہیں کہ کہیں مہاجرین و انصارِ مدینہ کے فتویٰ کی زد میں آکر "چور" نہ بن جائیں! اور تارکِ سُنّتِ رسولؐ ہونے سے بھی محفوظ رہیں۔

---

حاشیہ متعلقہ صفحہ ۸۰

[1] یہاں اس کا نام لکھّا ہوا ہے "دراسات اللبیب" ہی میں دیکھ لیا جائے۔

[2] یہ دراسات اللبیب کی عربی عبارت کا ترجمہ لکھّا گیا ہے۔

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

نوٹ :۔ نماز میں بسم اللہ بلند آواز سے پڑھنے کا مزید ثبوت حسبِ ذیل کتبِ اہلِ سُنۃ والجماعۃ میں دیکھیے :۔

۱۔ دار قطنی مطبوعہ فارُوقی دہلی ص۱۱۴ اور ص۱۱۶ (۲) ازالۃ الخفا ولی اللہ محدّث دہلوی مطبوعہ سعیدی کراچی مقصد دوم ص۱۶۲ ، (۳) کنز العمال مطبوعہ دائرۃ المعارف حیدر آباد دکن جلد ۴ ص۹۶ حدیث ۲۰۰۴ ، ص۲۰۹ حدیث نمبر ۴۴۷۶ تا ۴۴۸۰ اور ص۲۱۰

## آلِ محمدؑ "تامین" کے مخالف ہیں

امام شوکانی "نیل الاوطار" مطبوعہ مع حاشیہ عون الباری جلد ۲ ص۱۱۶ میں لکھتے ہیں :۔ "وحکی المھدی فی البحر من العترۃ جمیعا ان التامین بدعۃ وقد استدل علی ان التامین بدعۃ بحدیث معاویہ بن الحکم" یعنی مہدی نے البحر میں عترت (آلِ محمدؑ) کا متفقہ بیان لکھا ہے ۔ کہ تامین (یعنی نماز میں سورۃ الحمد کے بعد آمین کہنا) نئی چیز ہے ۔ اور تامین کے نئی چیز ہونے پر حدیثِ معاویہ بن حکم سے استدلال کیا ہے"۔

## نماز میں قنوت

مندرجہ ذیل کتبِ اہلِ سنۃ والجماعۃ میں لکھا ہوا ہے کہ حضرت رسولِ خداؐ نماز میں قنوت پڑھتے تھے :۔ (۱) صحیح مسلم (عربی) مطبوعہ نولکشور جلد اوّل ص۲۳۷ سطر ۱۱ یا المعلم ترجمہ صحیح مسلم علّامہ وحید الزمان مطبوعہ صدیقی لاہور ص۵۴ ، ۵۵ (۲) کتاب "فقہ عمر" مصنفہ ولی اللہ محدّث دہلوی شائع کردہ ادارۂ ثقافتِ اسلامیہ ص۶۸ (۳) سُننِ نسائی مترجم علّامہ وحید الزمان مطبوعہ مکتبۂ ایوبیہ کراچی جلد اوّل باب القنوت فی صلوٰۃ المغرب ص۱۴۷ روایت براء بن عازب (صحابی) (۴) مشکوٰۃ مترجم مطبوعہ

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

سعیدی کراچی جلد اوّل کتاب الصلوٰۃ باب القنوت ص۲۹۰، ص۲۹۱

## رفع یدین

حضرت رسالت مآبؐ نماز میں تکبیر کے ساتھ ہاتھوں کو اُٹھاتے تھے دیکھئے صحیح مُسلِم مترجم مع شرح نووی مطبوعہ مکتبہ سعودیہ کراچی جلد۲ ص۱۰ (۲) سُنن ابوداؤد (عربی) مطبوعہ مطبعۃ السعادۃ مصر الجزء الاوّل باب رفع الیدین ص۲۶۹ سطر۸ (۳) حجۃ اللہ البالغہ (عربی) ولی اللہ محدث مطبوعہ مطبعۃ بولاق مصر ص۱۰ ا سطر۳

## جمع بین الصلوٰتین

حضرت رسُولِ خدا سفر یا بارش کے بغیر بھی دو نمازیں اکٹھی پڑھ لیتے تھے ثبوت کے لئے دیکھئے:- (۱) صحیح بخاری مترجم مطبوعہ سعیدی کراچی جلد اوّل کتاب مواقیت الصلوٰۃ پارہ ۵ ص۲۷۲ حدیث نمبر ۵۳۲

(۲) صحیح مسلم مترجم مع شرح نووی مطبوعہ مکتبہ سعودیہ کراچی جلد دوم ص۲۵۸ یا المعلم ترجمہ صحیح مسلم مطبوعہ صدیقی لاہور ص۷۵۴، ص۷۵۵ (۳) سُنن ابوداؤد (عربی) مطبوعہ مطبعۃ السعادۃ مصر الجزء الثانی ص۵ حدیث نمبر ۱۲۱۰، ۱۲۱۱ (۴) شرح معانی الآثار طحاوی مطبوعہ مطبع الاسلامیہ لاہور جلد اوّل ص۹۵ سطر ۱۸ تا ۲۰ (۵) مؤطا امام مالک (عربی) مطبوعہ نور محمد اصح المطابع کراچی ص۱۲۶

## علّامہ اہلحدیث کا اعتراف

کتاب ہدیۃ المہدی مطبوعہ میور پریس دہلی جلد اوّل ص۱۰۹ میں علّامہ وحید الزّمان حیدرآبادی لکھتے ہیں: "الجمع بین الصلوٰتین من غیر عذر ولا سفر ولا مطر جائز عند اھل الحدیث والتفریق افضل"۔ یعنی دو نمازیں اکٹھی پڑھ

jabir.abbas@yahoo.com
Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas



لینا کسی عُذر، سفر اور بارش کے بغیر اہلِ حدیث کے نزدیک جائز ہے اور الگ الگ پڑھنا افضل ہے۔ (نوٹ:۔ مذہب امامیہ میں بھی اِسی طرح ہے)

## سجدہ گاہ کا ثبوت

صحیح بُخاری مترجم مطبوعہ سعیدی کراچی جلد اوّل کتاب الصلوٰۃ، باب الصلوٰۃ علی الخمرۃ باب نمبر ۲۶۲ کے صفحہ ۲۲۰ پر حدیث نمبر ۳۷۱ یُوں موجود ہے:۔

حَدَّثَنَا اَبُو الْوَلِیْدِ قَالَ نَا شُعْبَۃُ قَالَ نَا سُلَیْمَانُ الشَّیْبَانِیُّ عَنْ عَبْدِ اللّٰہِ بْنِ شَدَّادٍ عَنْ مَیْمُوْنَۃَ قَالَتْ کَانَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یُصَلِّیْ عَلَی الْخُمْرَۃِ۔

ابُوالولید، شعبہ، سلیمان شیبانی، عبداللہ بن شدّاد، حضرت میمونہؓ روایت کرتی ہیں کہ رسُولِ خدا صلی اللہ علیہ وسلّم خمرہ پر نماز



ادا فرمایا کرتے تھے۔

نوٹ:۔ مزید ثبوت کے لئے سُنن کبریٰ البیہقی مطبوعہ حیدر آباد دکن جلد ۲ باب الصلوٰۃ علی الخمرۃ ص۴۲۱ دیکھیئے)

## خُمرہ کیا چیز ہے؟

کتاب مجمع بحارالانوار مصنّفہ علامہ محمد طاہر فتنی مطبوعہ نولکشور جلد اوّل باب الخاء مع المیم ص۳۷۷ سطر ۱۹ میں "خُمرہ" کے معنے یُوں لکھے ہیں:۔

"ج ھی التی یسجد علیھا الآن الشیعہ" یعنی یہ وہی چیز ہے جس پر اب شیعہ سجدہ کرتے ہیں۔"

نوٹ:۔ اہلِ سنّۃ والجماعۃ (بریلوی) کے رہنما علامہ احمد رضا خاں

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas



بریلوی نے اپنی تصنیف "حیات الموات" شائع کردہ نوری کتب خانہ بازار داتا صاحب لاہور کے صفحہ ۸۵ پر علامہ محمد طاہر کا ذکر یوں کیا ہے:-

"فاضل محدّث مولانا محمد طاہر فتنی احمد آبادی صاحب مجمع بحار الانوار"

## اِرسال الیدین یعنی ہاتھ کھُلے چھوڑ کر نماز پڑھنا

مشہور و معروف دیوبندی بزرگ علامہ محمد اسمٰعیل المعروف "شہید" دہلوی مصنفِ "تقویۃ الایمان" اپنی کتاب "تنویر العینین" مطبوعہ دین محمدی پریس لاہور کے صفحہ ۳۱ پر یوں لکھتے ہیں:-

"امّا ماروی من الارسال عن بعض التابعین من نحو الحسن وابراھیم وابن المسیب وابن سیرین کما اخرجہ ابن ابی شیبہ فان بلغ



عندھم حدیث الوضع فمحمول علے انھم یحسبوہ بسنۃ من سنن الھدی بل حسبوہ عادۃ من العادات فمالوا الی الارسال لاصالتہ مع جواز الوضع وان لم یبلغ عندھم حدیث الوضع فمحمول علی انہ لم یثبت عندھم امر الوضع فعملوا بالارسال بناءً علے الاصل اذ الوضع امر جدید یحتاج الی الدلیل"۔

ترجمہ:- البتہ ارسال (یعنی نماز میں ہاتھوں کو کھُلے چھوڑنا) جو حسن بصری وابراہیم وابن مسیّب وابن سیرین جیسے بعض تابعین سے روایت کیا گیا ہے جیسا کہ اُس (ہاتھ کھول کر نماز پڑھنے) کو ابن شیبہ نے نقل کیا ہے۔ تو اگر اُن (تابعین) کو ہاتھ باندھنے کی

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas



حدیث پہنچی تھی[1]۔ تو اِس پر محمول ہے کہ اُنھوں نے اِس (ہاتھ باندھنے) کو ہدایت کی سُنّتوں میں سے سُنّت ہرگز نہیں سمجھا بلکہ اُن (تابعین) نے اِس (ہاتھ باندھنے) کو عادتوں میں سے ایک عادت[2] شمار کیا۔ پس وُہ ہاتھ کھولنے ہی کی جانب مائل رہے اُس کے اصل ہونے کی وجہ سے مع[3] جواز وضع کے۔ اور اگر ہاتھ باندھنے کی حدیث اُن (تابعین) کے پاس پہنچی ہی نہیں۔ تو اس پہ محمول ہے کہ ہاتھ باندھنے

---

[1] (اور اس کے باوجود وُہ ہاتھ کھولتے رہے) [2] یعنی لوگوں کی عادت۔ رسولؐ کی عادت ہوتی تو سُنّت سمجھتے۔

[3]۔ "مع جواز وضع کے" لکھ تو دیا لیکن ثبوت ندارد جب کہ وضع "امرِ جدید" اور "محتاجِ دلیل" ہے پھر جواز وضع کے قائل کیسے ہوئے دیکھیے عربی عبارت میں "امر جدید" کے الفاظ ہیں۔



کا حکم ان کے نزدیک ہرگز ثابت نہیں ہوا۔ پس انھوں نے ہاتھ کھولنے کی تعلیم دی اصل ہونے کی بنا پر جب کہ وضع (یعنی ہاتھ باندھنا) امرِ جدید ہے دلیل کا محتاج ہے۔

نوٹ:- اِسی طرح روضۃ الندیہ کے صفحہ ۶۵ پر مرقوم ہے

۲۔ "تنویر العینین" مطبوعہ دین محمدی پریس لاہور ص۲۱ سطر ۱۸ تا ۲۰ میں علامہ محمد اسمٰعیل دیوبندی دہلوی لکھتے ہیں:- "ویحکی انہ حکم بالارسال مع انہ کان مشھورا فی القرن الاول واتفق علیہ اکثر العلماء فی القرن الآخر وقالوا ایضا ان ھذا الفعل فی ھذہ البلاد تشبیہ بالروافض حیث ترک شیوع مذھب الحنفیہ فلم یبق فاعلہ غیر الشیعہ"

ترجمہ:- اور بیان کیا جاتا ہے کہ حکم تو ہاتھ کھولنے ہی کا ہے۔ ساتھ

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas



ہی یہ کہ یہی حکم قرنِ اوّل (یعنی زمانہ رسولؐ) میں مشہور تھا اور اسی (ہاتھ کھولنے) پر قرنِ آخر کے علماء کی اکثریت نے اتفاق رکھا اور یہ بھی کہتے ہیں کہ اِن شہروں میں یہ فعل (یعنی ہاتھ کھولنا) روافض سے مشابہ ہونے کی وجہ سے، مذہبِ حنفیہ کے پیروکاروں نے چھوڑ دیا پس اس (ہاتھ کھولنے) کے فعل پر باقی نہ رہے سوائے شیعہ کے۔

نوٹ: کسی کی ضد میں شیعوں نے اصل حکم کو نہیں چھوڑا لیکن علاّمہ محمد اسمٰعیل المعروف "شہید" دہلوی دیوبندی کا یہ دعویٰ کہ سوائے شیعہ کے ہاتھ کھولنے کے فعل پر کوئی باقی نہ رہا حقیقت کے خلاف ہے کیونکہ اہلسنت والجماعت میں سے مالکی حضرات ہاتھ کھول کر نماز پڑھتے ہیں۔ امام مالک کا فتویٰ نیچے ملاحظہ ہو:-

**۳۔ اِمام مالک کا فتویٰ** شرح کنز الدقائق مطبوعہ نولکشور



ص۲۵ میں علاّمہ عینی حنفی تحریر فرماتے ہیں "قال مالک العزیمۃ فی الارسال والرخصۃ فی الوضع والاخذ" یعنی امام مالک نے فرمایا پختہ حکم تو ہاتھ کھولنے کا ہے۔ اور ہاتھ باندھنے کی اجازت ہے۔"

**نکتہ** مذہب اہلِ سنۃ والجماعۃ کی رُو سے ائمہ اربعہ (ابوحنیفہ۔ احمد حنبل شافعی۔ مالک) میں سے کسی کی فقہ پر عمل کرے۔ تو صحیح ہے۔ اِس لحاظ سے اِمام مالک کا حکم ہونے کی وجہ سے ہاتھ کھول کر نماز پڑھنا مذہبِ اہلِ سُنّۃ والجماعۃ میں صحیح ثابت ہے۔ لہٰذا ہاتھ کھولنے پر اعتراض کرنا خود مذہبِ اہلِ سنۃ والجماعۃ کی مخالفت ہے۔

**تاویلِ فرنگی محلّی کا جواب** مُفتی عبدالحیٔ فاروقی فرنگی محلّی لکھنوی نے فتاویٰ عبدالحیٔ مطبوعہ یوسفی پریس لکھنؤ جلد اوّل ص۱۸۶ میں یہ تو تسلیم کر لیا کہ اِرسال (یعنی ہاتھ کھولنے

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas



کی روایات آتی ہیں لیکن پھر یہ تاویل کی ہے کہ ارسال سے مراد ہاتھوں کو باندھنے سے پہلے ذراسی دیر لٹکانا ہے"۔ جواباً عرض ہے کہ امام مالک اور اُن کے اہلِ سنۃ والجماعۃ مقلّدین نے تو ارسال کے یہ معنے نہیں سمجھے اور مشہور تابعین حسن بصری، ابراہیم، ابنِ مسیّب اور ابنِ سیرین وغیرہم نے بھی ہاتھ کھول کر ہی نمازیں پڑھیں جیسا کہ "تنویر العینین" سے نقل ہوا۔ اور علامہ اسمٰعیل دہلوی کی تحریر سے ہاتھ باندھنا امرِ جدید اور محتاج دلیل ثابت ہو چکا۔ پھر اس تاویل کی گنجائش کہاں رہی؟

علاوہ ازیں "تنویر العینین" کی عبارت میں ارسال کے ذکر کے ساتھ "شیعہ" اور "روافض سے تشبیہ" کے الفاظ ثابت کر رہے ہیں کہ وہی ارسال مراد ہے جس پر شیعہ عمل کرتے ہیں مفتی عبدالحیٔ صاحب کی تاویل والا ارسال ہرگز مراد نہیں۔ لہٰذا تاویل فرنگی محلی درست نہیں۔



## ہاتھ باندھنے کے متعلق امام مالک کا حکم

موطا امام مالک (عربی) مطبوعہ نور محمد اصح المطابع کراچی ص۱۴۲ کے حاشیہ کشف المغطا میں مولانا اشفاق الرحمٰن کاندھلوی لکھتے ہیں:۔ قال مالك فی وضع الیمنی علی الیسری قال لا اعرف ذلك فی الفریضة وکان یکرهه ولکن فی النوافل اذا طال القیام فلا باس بذلك یعین به نفسه" یعنی دہنا ہاتھ بائیں پر رکھنے (ہاتھ باندھنے) کے بارے میں امام مالک نے فرمایا کہ فریضہ (یعنی فرض نماز) میں میں اس (ہاتھ باندھنے) سے واقف تک نہیں ہوں[1] اور امام مالک اس کو مکروہ جانتے تھے۔ ہاں لیکن نوافل میں جب قیام طول پکڑ جائے[2] تو حرج نہیں کہ اپنی جان کی مدد کے لئے ہاتھ

---

[1] یعنی امام مالک فرض نماز میں ہاتھ نہیں باندھتے تھے
[2] شاید یہ ضرورت تراویح میں پڑتی ہوگی

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas
jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas



باندھ لئے جائیں"۔

ہاتھ باندھنے کے متعلق حاشیۂ موطا رکے اُسی صفحہ پر یہ لکھا ہے:

اجازها مالك فى النفل ولم يجزها فى الفرض" یعنی امام مالک نے ہاتھ باندھنے کی اجازت نفل میں دی ہے اور فرض میں اس کی اجازت نہیں دی"۔

اِن تمام توضیحات کے بعد مفتی عبدالحیٔ فرنگی محلی والی تاویل کی کہاں گنجائش ہے؟

## ہاتھ کھولنے کا مزید ثبوت

شرح صحیح مسلم نووی مطبوعہ نولکشور جلد اوّل صـ۱۷۳ سطر ۶ (۲) کبریتِ احمر بر حاشیہ الیواقیت والجواہر صـ۵۱ (۳) نیل الاوطار امام شوکانی مطبوعہ مع حاشیہ عون الباری جلد ۲ صـ۷۲ (۴) تیسیر الوصول



الیٰ جامع الاُصول مطبوعہ نولکشور صـ۳۲۷ سطر ۵ تا ۱۸ (۵) جمع الفوائد من جامع الاصول ابن اثیر مطبوعہ مطبعۃ الخیریہ میرٹھ صـ۴۳ سطر ۳۰ تا صـ۴۴ سطر اوّل میں ملاحظہ فرمائیے۔

---

# مسئلہ تراویح

چونکہ غیر شیعہ حضرات پُوچھتے رہتے ہیں کہ شیعہ تراویح کیوں نہیں پڑھتے؟ اس لئے وضاحت کی ضرورت ہوئی حقیقت یہ ہے کہ لفظ "تراویح" زبانِ رسُول سے ثابت نہیں یہ لفظ بھی بعد میں بنا، اور حضرت رسُولِ خدا تو ماہِ رمضان کی راتوں میں نمازِ شب یعنی تہجد کے علاوہ "تراویح" نام کی کوئی نماز نہ پڑھتے تھے۔ جیسا کہ صحیح بخاری اُردو ترجمہ

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas



مطبوعہ نور محمد اصح المطابع کراچی پارہ ۸ جلد اوّل کتاب الصوم "نماز تراویح کا بیان" ص۴۴۸، حدیث ۱۸۵۷ کی عبارت یُوں ہے :-

"ابو سلمہ بن عبدالرحمٰن سے روایت ہے کہ انہوں نے حضرت عائشہ سے پوچھا کہ رسُولِ خدا صلّی اللہ علیہ وسلّم کی نماز رمضان میں کِس طرح ہوتی تھی؟ انہوں نے کہا کہ آپؐ رمضان میں اَور غیر رمضان میں گیارہ رکعت سے زیادہ نماز نہ پڑھتے تھے۔"

(نوٹ: ایسی ہی روایت صحیح مسلم مترجم مطبوعہ مکتبہ سعودیہ کراچی جلد دوم ص۲۲۷ میں موجود ہے)

## علّامہ وحید الزمان کا اعتراف

کتاب "ہدیۃ المہدی" مطبوعہ میور پریس دہلی جلد اوّل کے ص۱۰۹ پر علّامہ اہلحدیث وحید الزمان حیدر آبادی لکھتے ہیں "وکذلک



صلوٰۃ التراویح فی رمضان سنۃ عند اھل الحدیث وھی التہجد" ترجمہ:- اور اسی طرح نماز تراویح رمضان میں سُنّت ہے اہل حدیث کے نزدیک، اور یہ تہجّد ہے:-

نوٹ:- جب علامہ اہل حدیث نے تسلیم کر لیا کہ تراویح تہجد ہی ہے پھر رمضان کی قید کیوں لگائی؟ جبکہ تہجد غیر رمضان میں بھی سُنّت ہے جیسا کہ بخاری کی روایت کی رُو سے بی بی عائشہ کا بیان ہے کہ رسُولِ خداؐ رمضان اور غیر رمضان میں گیارہ رکعت ہی پڑھتے تھے" یعنی حضورؐ غیر رمضان میں بھی تہجد پڑھتے تھے۔ لہٰذا تہجد کی نماز غیر رمضان میں بھی سُنّت ہے۔

علّامہ وحید الزمان اہلحدیث نے رمضان کی قید شاید اس وجہ سے لگائی ہے کہ اُن کے نزدیک تہجّد کا نام رمضان میں تبدیل ہو کر "تراویح" ہو جاتا ہے اور جونہی رمضان ختم ہوا پھر تراویح سے تبدیل ہو کر تہجّد ہو

jabirabbas@yahoo.com
Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas



جاتا ہے لیکن علامہ موصوف نے یہ نہیں لکھا کہ نام کو تبدیل کرنا کس حدیث کی رُو سے ضروری ہے؟

**نمازِ تہجد اور جماعت** تمام مسلمان جانتے ہیں کہ نمازِ تہجد با جماعت نہیں پڑھی جاتی۔ یہی وجہ ہے کہ اُس کی جماعت کا حکم دینے والے اُمتی شخص نے خود ہی اُس کی جماعت کو "اچھی نئی چیز" کہا جیسا کہ صحیح بخاری پارہ نمبر ۸ کتاب الصوم باب "فضل من قام رمضان" میں اور مشکوٰۃ (اُردو ترجمہ) مطبوعہ نور محمد اصح المطابع کراچی جلد اوّل ص۲۳۹ حدیث نمبر ۱۲۱۶ میں مرقوم ہے

**نکتہ** جب اُس اُمتی شخص نے محض اپنی رائے سے ایک قاری کے پیچھے جمع ہونے (یعنی تہجد کو با جماعت پڑھنے) کا حکم دے کر اُس کو "نئی چیز" تسلیم کر لیا تو ہم اُسے "سُنّتِ مؤکدہ" کیونکر تسلیم کر لیں؟



اگر رسولِ خُدا نے تہجد کی جماعت کا حکم دیا ہوتا تو اُس اُمتی کو "نئی چیز" کہنے کی ضرورت ہی نہ پڑتی۔

**مزید تفصیل** حسب ذیل کتب میں موجود ہے:۔ (۱) "الفاروق" مصنفہ شمس العلماء شبلی نعمانی مطبوعہ منصور پریس لکھنؤ حصہ دوم باب اولیات ص۴۶۳ (۲) اُردو ترجمہ تاریخ الخلفاء طبع دہلی مطبوعہ صدیقی لاہور ص۷۳-۷۴ (۳) حیوٰۃ الحیوان علامہ دمیری جلد اوّل ص۱۴۳ (۴) کتاب سیرت "محمد رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلّم" مصنفہ محمد رضا مصری مطبوعہ مصر طبعۂ ثالث ص۱۲۹ سطر ۱۲ (۵) تاریخ ابو الفداء مطبوعہ مصر جلد اوّل ص۱۷۴ (۶) "انتقاد الرّجیح" صدیق حسن بھوپالی ص۶۲ و ص۶۳

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas
jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas



# وقتِ افطارِ صوم

۱۔ قرآنِ مجید پارہ ۲ سورۃ البقرہ میں اللہ فرماتا ہے "ثُمَّ اَتِمُّوا الصِّیَامَ اِلَی الَّیْلِ" ج

ترجمہ: "پھر پورا کرو روزوں کو رات (ہونے) تک"۔ لہٰذا جب تک رات نہ ہو جائے افطار درست نہیں۔ خیال رہے کہ اللہ سبحانہٗ وتعالیٰ نے "اِلَی المغرب" نہیں فرمایا "اِلَی الَّیل" فرمایا ہے۔

۲۔ کتاب "فقہ عمرؓ" مصنفہ ولی اللہ محدث دہلوی[1]، صفحہ ۱۱۰ روایت نمبر ۳۵۶ میں مرقوم ہے کہ حضرت[2]...... اور حضرت[3]...... نمازِ مغرب

[1] شائع کردہ ادارۂ ثقافت اسلامیہ [2] و [3] کتاب "فقہ عمرؓ" میں اس مقام پر دو صحابیوں کے نام لکھے ہوتے ہیں وہیں دیکھ لیے جائیں۔



کے بعد روزہ افطار کرتے تھے۔ خیال رہے کہ یہ دو بڑے صحابیوں کا ذکر ہے معلوم ہوا کہ اُن دونوں صحابیوں نے "اِلَی الَّیل" کا مفہوم یہ سمجھا کہ نمازِ مغرب کے بعد روزہ افطار کیا جائے۔ اب یہ فیصلہ خود کر لیا جائے کہ نمازِ مغرب کے بعد روزہ افطار کرنے والوں کے روزے مکروہ ہوئے یا نہیں؟ اور وہ دونوں جو نمازِ مغرب کے بعد افطار کرتے تھے، اُن کا فعل سُنّتِ رسولؐ کے مطابق تھا یا خلاف؟ حقیقت تو یہی ہے کہ وہ جانتے تھے کہ نمازِ مغرب کے بعد افطار کرنا ہی سُنّتِ رسولؐ ہے اور مکروہ نہیں۔

# تکبیراتِ جنازہ اور اذان کا مسئلہ

"حَیَّ عَلٰی خَیْرِ الْعَمَل" یہ الفاظ عہدِ رسالتؐ میں اذان میں

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas



پڑھے جاتے تھے لیکن بعد میں ایک اُمتی شخص نے منع کر دیا۔ ثبوت کے لئے دیکھیے (۱) نیل الاوطار امام شوکانی جلد اوّل صـ۳۳۹ (۲) صحیح مُسلم مترجم مطبُوعہ سعودیہ کراچی جلد دوم صـ۱۰ سطر ۱۷ تا ۲۱ (۳) کنز العمال مطبُوعہ حیدر آباد دکن جلد ۴ صـ۲۶۶ حدیث ۵۴۸۹

(نوٹ: ہم شیعیانِ علیؑ نے اس اُمتی کے حکم پر عمل نہیں کیا)

## "اَلصَّلٰوۃُ خَیْرٌ مِّنَ النَّوْم"

یہ الفاظ صُبح کی اذان میں کہنے کا حکم کس نے دیا؟ یہ بات حسبِ ذیل کُتب دیکھنے سے معلوم ہو جاتی ہے:-

(۱) "الفارُوق" مصنّفہ شمس العلماء شبلی نعمانی مطبُوعہ منصور پریس لاہور حصّہ دوم باب اولیات صـ۶۶۳ (۲) "روضۃ الاحباب" مصنّفہ جمال الدین محدّث مطبُوعہ امین آباد لکھنؤ صـ۳۰۷ (۳) اُردو ترجمہ "ازالۃ الخفاء" ولی اللہ محدّث

---

عہ اللہ بزرگ و برتر ... ہیں۔ عہ۲ جو شارع نہیں تھا۔



دہلوی مطبُوعہ سعیدی کراچی مقصد دوم صـ۱۵۸ (۴) "نیل الاوطار" امام شوکانی مطبُوعہ مع حاشیہ عون الباری "جلد اوّل صـ۳۳۸ (۵) "تحقیقِ عجیب" مصنفہ مفتی عبدالحیؒ فارُوقی فرنگی محلی لکھنوی صـ۵ (۶) "مؤطا" امام مالک (عربی) مطبُوعہ نور محمد اصح المطابع کراچی بابُ الاذان صـ۵۷ سطر ۵ تا ۷

## تکبیرات جنازہ

نماز جنازہ میں چار سے زیادہ تکبیریں کہنے سے کس نے منع کیا؟ یہ حسبِ ذیل کُتب میں دیکھیے:-

(۱) تاریخ الخلفاء سیوطی (اُردو) مطبُوعہ صدیقی لاہور صـ۱۴۳-۱۴۲ (۲) الفارُوق، شبلی نعمانی مطبُوعہ منصور پریس لاہور باب اولیات صـ۶۶۳ (۳) تاریخ ابوالفداء (عربی) مطبُوعہ مصر جلد اوّل صـ۱۷۴

---

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas



# قیاس کا مسئلہ

صحیح مسلم مترجم شرح نودی مطبوعہ مکتبہ سعودیہ کراچی جلد دوم صفحہ ۲۷۴ سطر ۱۰ تا ۱۲ میں علامہ اہلحدیث وحید الزمان حیدر آبادی (مترجم صحیح مسلم) یُوں لکھتے ہیں: "شرع وہی ہے جو نبیؐ سے ثابت ہو، نہ رائے اور قیاس کسی کا، علی الخصوص جب مخالفِ نبی ہو اگرچہ سارا جہان اُس کا قائل کیوں نہ ہو۔"

## اہلبیتؑ کا فیصلہ

کتاب "دراسات اللبیب" مُصنّفہ شیخ محمد معین لاہوری مطبوعہ سندھی ادبی بورڈ کراچی صفحہ ۲۴۵ میں لکھا ہے کہ ائمہ اثنا عشرؑ (یعنی ائمہ اہلبیتؑ) قیاس کے قائل نہیں! اور حضرت امام جعفر صادقؑ نے ایک بڑے مشہور شخص



سے فرمایا کہ "مجھے یہ اطلاع پہنچی ہے کہ تُو قیاس کرتا ہے پس قیاس مت کیا کر پس تحقیق سب سے پہلے جس نے قیاس کیا۔ ابلیس ہے۔"

## ائمہ اہلبیتؑ میں اختلاف نہیں

ائمہ اہلبیتؑ کے متعلق دراسات اللبیب کے صفحہ ۵۱ پر یوں مرقوم ہے:- "ومذهب بعضهم مذهب الكل كما لا يخفى على من أحاط ببعض خصائص احوالهم"

(ائمہ اہلبیتؑ میں سے بعض کا مذہب اُن سب کا مذہب ہوتا ہے (ان میں اختلاف نہیں) جیسا کہ اس شخص پر مخفی نہیں جو اُن کے حال کی بعض خصوصیات سے پُوری واقفیّت رکھتا ہے۔"

## مسئلہ آمدِ حضرت شہربانوؑ

حضرت شہربانوؑ کی آمد کا جو قصّہ مذہبِ امامیہ کی مخالفت کی غرض

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas



سے وضع کر کے مشہور کیا گیا ہے اُس کے متعلق اہلِ سنۃ والجماعۃ کے مشہور و معروف مؤرخ "شمس العلماء" شبلی نعمانی اپنی کتاب "الفاروق" مطبوعہ نقوش پریس حصہ دوم ص۱۴۱ میں یُوں لکھتے ہیں :-

"اس غلط قصہ کی حقیقت یہ ہے کہ زمخشری نے جس کو فنِ تاریخ سے کچھ واسطہ نہیں ربیع الابرار میں اس کو لکھا اور ابنِ خلکان نے امام زین العابدینؑ کے حال میں یہ روایت اس کے حوالہ سے نقل کر دی لیکن یہ محض غلط ہے! اوّلاً تو زمخشری کے سوا طبری، ابن الاثیر، یعقوبی اور بلاذری، ابنِ قتیبہ وغیرہ کسی نے اِس واقعہ کو نہیں لکھا! ورنہ زمخشری کا فنِ تاریخ میں جو پایہ ہے وُہ ظاہر ہے! اس کے علاوہ تاریخی قرائن اس کے بالکل خلاف ہیں حضرت عُمر رضی اللہ عنہ کے عہد میں یزدگرد اور خاندانِ شاہی پر مسلمانوں کو مطلق قابو نہیں حاصل ہوا۔ مدائن کے معرکہ



میں یزدگرد مع تمام اہل وعیال دارالسلطنت سے نکلا اور حلوان پہنچا جب مسلمان حلوان پر بڑھے تو وُہ اصفہان بھاگ گیا اور پھر کرمان وغیرہ میں پھرتا پھرا مرو میں پہنچ کر سنہ ۳۰ھ میں جو حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کی خلافت کا زمانہ ہے مارا گیا اُس کی آل اولاد اگر گرفتار ہوئے ہوں گے تو اسی وقت گرفتار ہوئے ہوں گے۔ مجھ کو شبہ ہے کہ زمخشری کو یہ بھی معلوم تھا یا نہیں کہ یزدگرد کا قتل کس عہد میں واقع ہوا۔"

نوٹ :- "الفاروق" مصنفہ شبلی نعمانی کی مندرجہ بالا عبارت نے ثابت کیا کہ حضرت عمر کے عہد میں حضرت شہربانو ہرگز تشریف نہیں لائی تھیں لیکن علامہ شبلی نعمانی نے جو عہدِ عثمانی کے متعلق لکھا کہ یزدگرد کی آل اولاد اگر گرفتار ہوئے ہوں گے تو اسی وقت گرفتار ہوئے ہوں گے یہ محض ایک بے ثبوت قیاس ہے یہی وجہ ہے کہ علامہ شبلی نعمانی اس کی

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas



تائید میں کوئی حوالہ تحریر نہ کر سکے بلکہ علّامہ کو خود اس کا یقین نہ تھا جیسا کہ اُنہی کے الفاظ "اگر گرفتار ہوئے ہونگے" ظاہر کر رہے ہیں۔ لہٰذا علّامہ شبلی کے اِس بے ثبوت قیافہ کی کچھ اہمیّت نہیں ہے جبکہ اس کے خلاف تاریخی ثبوت بھی موجود ہے کہ حضرت شہربانوؑ عہدِ حکومت مولا علیؑ میں تشریف لائی تھیں۔

## حضرتِ شہربانو کس طرح تشریف لائیں

"روضۃ الصفا" مصنفہ علّامہ خاوند شاہ مطبوعہ بمبئی جلد سوم صہ۹ سطر۴ میں "ذکرِ احوال علیؑ بن الحسینؑ" میں یُوں مرقوم ہے:-

" امیر المؤمنین علیؑ حریث ابن جابر حنفی را بحکومت بعضی از بلادِ مشرق فرستاد و حریث دو دختر یزدجرد را بدست آورده بخدمت آنحضرتؑ آورد



و حضرت مقدس امیر المؤمنین علیؑ شہربانو را بقرۃ العین حسینؑ داد و دیگری را کہ مسماۃ بگیہان بانو بود بہ محمد ابن ابی بکر ارزانی داشت" یعنی حضرت امیر المؤمنین علیؑ نے حریث ابن جابر حنفی کو بعض بلادِ مشرق کے انتظام کو بھیجا۔ اور حریث کو یزدجرد کی دو لڑکیاں مل گئیں تو انہوں نے حضرت علیؑ کے پاس پہنچا دیں۔ اور حضرت مقدّس امیر المؤمنین علیؑ نے شہربانوؑ کو قُرّۃ العین امام حسینؑ کی زوجیّت میں دے دیا۔ دُوسری کو جن کا نام گیہان بانو تھا حضرت محمدؒ ابن ابی بکر کو عنایت فرما دیا۔

## تحقیقِ مسئلہ عقدِ اُمّ کلثوم

جس اُمّ کلثوم کا عقد حضرت عُمر سے ۱۷ھ میں ہوا وہ حضرت

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas
jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas



علیؑ کی دختر نہ تھی۔ اس امر کے دلائل حسبِ ذیل ہیں:-

**دلیل ۱:** "الفاروق" شبلی نعمانی مطبوعہ نقوش پریس لاہور حصہ دوم ص ۵۳۹ اور تاریخ ابو الفداء مطبوعہ مصر جلد اوّل ص ۱۷۱ میں مرقوم ہے کہ زیرِ بحث عقد ۱۷ھ میں ہوا۔ اور ہدایت السعداء مصنفہ ملک العلماء قاضی شہاب الدین بن شمس الدین بن عمر الزرانی دولت آبادی ص ۲۵۵ میں مرقوم ہے کہ امّ کلثوم کی عمر اس وقت چار سال یا ۴ اور ۵ کے درمیان تھی یعنی ۱۷ھ میں بوقتِ عقد امّ کلثوم پورے پانچ سال کی بھی نہ تھی۔ تو یقیناً ۱۲ھ میں پیدا ہوئی جبکہ حضرت فاطمہ زہراؑ کی وفات ۱۱ھ میں ہو چکی تھی۔ لہٰذا وہ امّ کلثوم حضرت فاطمہؑ کی دختر نہیں تھی۔

**دلیل ۲:** شرح مواقف مطبوعہ نولکشور لکھنؤ ص ۷۳۵ میں لکھا ہے



مطبوعہ مطبع احمدی لاہور کتاب المغازی باب الخمس پارہ نمبر ١٢ صـ ١٢، ١٨، پارہ ١٧ صـ ٢١ لیکن حضرتِ فاطمہ زہراؑ کے دعویٰ وراثت کے جواب میں یہ نہیں کہا گیا کہ "فدک تو رسولؐ کی ذاتی ملکیت ہی نہیں تھا، عوام کا مال تھا پھر آپ کیوں دعویٰ کرتی ہیں"۔ لہٰذا ثابت ہوا کہ وہ اہلِ حکومت بھی ملکیتِ پیغمبرؐ کا انکار نہ کرتے تھے۔ پھر جب قرآنِ مجید سے ثابت ہو چکا کہ قانونِ وراثتِ مال انبیاؑ میں بھی جاری رہا۔ اور روایت "لا نورث ولا نورث" موضوع ثابت ہو کر "لا وارث" ہو گئی۔ تو اس امر میں شک و شبہ کی گنجائش نہیں رہی کہ رسولِ خداؐ کی محبوب بیٹی، خاتونِ جنت سیدۂ طاہرہ فاطمہ زہرا سلام اللہ علیہا حق پر تھیں اور مخدومۂ کونین کا دعویٰ ہبہ بھی سچا تھا اور دعویٰ وراثت بھی مبنی برحق و صداقت تھا۔ خیال رہے کہ حضرتِ فاطمہؑ قرآنِ مجید کی آیۂ تطہیر کی رُو سے طاہرہ ہیں۔ لہٰذا اُن کے متعلق یہ وہم

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas



کرنا کہ معاذ اللہ اُنہوں نے جھوٹا دعویٰ کیا ایمان کے خلاف ہوگا ایسی طاہرہ
اور مقدس ہستی (کہ جس کی تعظیم میں خود رسولِ خدا کھڑے ہو جاتے تھے)
کے متعلق یہ گمان نہیں ہو سکتا کہ وہ حکمِ رسول کو تسلیم نہ کریں (معاذ اللہ)
حقیقت یہ ہے کہ حضرتِ زہراؑ نے روایتِ "لانرث ولا نورث" کو
فرمودۂ رسولؐ ہی تسلیم نہیں کیا اور اس بات پر غضب ناک ہوئیں کہ نہ تو
وثیقۂ رسولؐ کا احترام کیا گیا اور نہ ہی قرآنِ مجید کے قانون پر عمل ہوا۔
اور قرآن کے خلاف بات کو فرمودۂ پیغمبرؐ بھی کہہ دیا گیا (افسوس)

## کیا حضرتِ سیدہؑ وقتِ وفات راضی نہ تھیں؟

ثبوت کے لیے حسبِ ذیل کتبِ اہلِ سنّۃ والجماعۃ ملاحظہ فرمایئے:-
ا۔ وفاء الوفاء باخبار دار المصطفٰے مصنفہ علامہ نورالدین سمہودی شافعی



مطبوعہ مصر جلد ۲ صفحہ ۱۵۷ (۲) مشکل الآثار طحاوی مطبوعہ حیدرآباد دکن جلد
اوّل صفحہ ۴۸ (۳) تیسیر الباری ترجمہ صحیح بخاری مطبوعہ احمدی لاہور
کتاب المغازی باب الخمس پ ۱۲ صفحہ ۱۸،۱۲، پ ۱۷ صفحہ ۲۱ (۴) ترجمہ
صحیح مسلم مطبوعہ مکتبہ شعیب کراچی جلد پنجم کتاب الجہاد والسیر صفحہ ۲۵
(۵) رویائے صادقہ شمس العلماء نذیر احمد، فصل نمبر ۱۴ (۶) روضۃ الاحباب
جمال الدین محدث جلد ۱ صفحہ ۲۳۴ (۷) "الامامۃ والسیاستہ" مصنفہ ابنِ قتیبہ
دینوری مطبوعہ مصر صفحہ ۱۵ (۸) استیعاب ابن عبدالبر مطبوعہ برحاشیہ اصابہ
ابنِ حجر جلد ۴ صفحہ ۳۷۹ (۹) ازالۃ الخفاء ولی اللہ محدث (اُردو ترجمہ)
مطبوعہ سعیدی کراچی مقصدِ دوم صفحہ ۵۷ سطر ۱ تا ۶، اور سطر ۲۱ تا ۲۴۔
(۱۰) براہینِ قاطعہ فارسی ترجمہ صواعقِ محرقہ ابنِ حجر مکی مطبوعہ نولکشور
صفحہ ۲۱ (۱۱) "اشعۃ اللمعات" شیخ عبدالحق محدث دہلوی مطبوعہ نولکشور

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas



جلد ۳ صـ۴۸ باب الفئۃ (۱۲) "الزہراءؑ" مصنّفہ عمر ابوالنصر (اُردو ترجمہ محمد احمد پانی پتی) مطبوعہ مکتبہ جدید لاہور صـ۸۹ تا صـ۹۱۔

نوٹ :۔ مندرجہ بالا کُتُب دیکھنے سے معلوم ہوجائے گا کہ حضرت سیّدہ فاطمہ زہراؑ تا وفات غضب ناک ہی رہیں۔ یہاں تک کہ وصیّت فرماگئیں کہ ناراض کرنے والے میرے جنازہ پر نہ آنے پائیں۔

## عُذرِ رضامندی کا جواب

صحیح بخاری میں "حتّٰی مَاتَت" کی لفظیں اِس امر کا ثبوت ہیں کہ تا وفات غضب ناک ہی رہیں۔ راضی نہیں ہوئیں۔ جنازہ سے روکنا بھی یہی ثابت کرتا ہے۔ لہٰذا بیہقی کی روایت سے راضی ہونا ثابت نہیں ہوسکتا۔ جب کہ روایتِ ناراضگی صحیح بخاری و صحیح مسلم دونوں میں موجود ہونے کی وجہ سے اہلِ سنّۃ والجماعۃ حضرات کے اصولِ حدیث



کے مطابق "متّفق علیہ" قرار پائی۔ اور اہلِ سنّۃ والجماعۃ کے اُصُولِ حدیث کی کتاب "جامع الاصول" مصنّفہ علّامہ ابن الاثیر میں واضح طور پر لکھا ہے کہ بخاری و مسلم کے مقابلہ پر دُوسری کتاب کی روایت قابلِ قبول نہیں۔ لہٰذا بخاری و مسلم کی روایتِ غضبِ سیّدہؑ کے خلاف بیہقی کی روایتِ رضامندی قابلِ قبول نہیں۔ جب کہ بخاری میں "حتّٰی ماتت" یعنی "مرتے دم تک" کے الفاظ اور جنازہ سے منع کرنے کی وصیّت سے رضامندی کی تردید ہوتی ہے۔ لہٰذا ثابت ہُوا کہ حضرت فاطمہ زہراؑ اپنے آخری سانس تک ہرگز راضی نہیں ہوئیں! و رضامندی کی روایت موضوع اور من گھڑت ہے۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas



# مقامِ حضرتِ سیّدہؑ

حضرت محمد مصطفےٰ حبیبِ خدا ہیں اور حضورؐ مَا تَشَآءُوْنَ اِلَّآ اَنْ يَّشَآءَ اللّٰهُ؎ کے مصداقِ اوّل ہیں۔ لہٰذا حضورؐ کی خوشنودی اللہ کی خوشنودی اور آپؐ کا غضب، اللہ کا غضب ہے۔ جس پر رسولِ خداؐ غضب ناک ہوں اُس شخص سے اللہ ہرگز راضی نہیں ہو سکتا

اب غور طلب امر یہ ہے کہ صحیح بخاری کتاب فضائلِ صحابہ باب مناقبِ فاطمہؑ میں صحابیٔ رسولؐ مسور بن مخرمہ کی روایت موجود ہے

---

؎ یہ قرآن مجید کے الفاظ ہیں۔ ترجمہ یہ ہے "تم کچھ نہیں چاہتے سوائے اُس کے جو اللہ چاہتا ہے"۔

کہ رسولِ خداؐ نے فرمایا کہ "فاطمہؑ میرا ٹکڑا ہے؎ پس جس نے اِس کو غضبناک کیا تو اُس نے مجھے غضب ناک کر لیا"۔ حضرت رسالتمآبؐ کے اس فرمان وحی بیان کی رُو سے غضبِ سیّدہؑ غضبِ رسولؐ ہے۔ لہٰذا حضرتِ فاطمہؑ کو غضب ناک کرنا اللہ کو غضب ناک کرنا قرار پائے گا"۔

اِسی وجہ سے رسولِ خداؐ نے یہ بھی فرمایا کہ "فاطمہؑ کے غضب ناک ہونے سے اللہ غضب ناک ہوتا ہے"۔

حضورؐ کی یہ حدیث کنز العمال مطبوعہ حیدرآباد دکن جلد ۶ صہ ۲۱۹ میں موجود ہے۔ حدیث نمبر ۳۸۵۹۔ اور ۳۸۶۰ ملاحظہ ہو۔ ثابت ہوا

---

؎ یہ صحیح ترجمہ ہے "جگر کا ٹکڑا" غلط ترجمہ ہے کیونکہ حدیث میں "کبد" یعنی جگر کا لفظ نہیں اور نہ ہی "قلب" یعنی دل کا لفظ ہے۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas



کہ غضبِ فاطمہ زہراؑ، غضبِ خُدا و رسولؐ ہے۔

چونکہ پیغمبرِ خداؐ نے اپنی زبانِ وحی بیان سے غضبِ سیدۂ کو اپنا اور خدا کا غضب قرار دیا ہے۔ اِس لئے حضرت سیدۂ کا غضب غلط یا بِلاوجہ نہیں ہو سکتا۔

---

**نکتہ** حضرت رسولِ خداؐ نے اہلِ بیتؑ سے تمسک رکھنے کا حکم دیا ہے۔ لہٰذا بربنائے تمسک ہمارا مذہب وہی ہے جو حضرت فاطمہ زہرا سلام اللہ علیہا کا تھا۔

---

## اُن لوگوں کو مولا علیؑ نے کیسا سمجھا؟

جن لوگوں نے رسولِ خُداؐ کی پیاری بیٹی، خاتونِ جنت اور



آیۂ تطہیر کی رُو سے طاہرہ بی بی حضرت فاطمہ زہراؑ کو غضب ناک کیا اُن کو حضرت امیرالمومنین، امامُ المتقین مولائے کائنات علیؑ ابنِ ابی طالبؑ نے کیسا سمجھا؟ یہ بات حسبِ ذیل کُتب سے واضح ہو جاتی ہے:۔

۱۔ صحیح مسلم مترجم (علامہ وحید الزمان) مع شرح نووی مطبوعہ مکتبہ شعیب کراچی جلد پنجم کتاب الجہاد والسیر بابُ حکم الفئے ص۲۳، (۲) جمع الفوائد من جامع الاصول مطبوعہ میرٹھ جلد ثانی ص۱۸ (۳) فیض الباری شرح صحیح بخاری مطبوعہ مجلسِ علمی سُورت جلد ۴ ص۱۴۲ (۴) اُردو ترجمہ تاریخ ابنِ خلدون مطبوعہ قیصرِ ہند پریس الہ آباد کتاب ثانی جلد سوم ص۲۷۲ (۵) "الامامۃ والسیاسۃ" ابنِ قتیبہ دینوری مطبوعہ مصر ص۱۵

## شوریٰ میں اُن کی سیرت سے انکار

حضرت علیؑ نے اُن کی سیرت پر

jabirabbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas



عمل کرنے یعنی اُن کی اِتّباع کرنے سے شوریٰ میں صاف اِنکار کر دیا۔

ثبوت کے لئے حسب ذیل کتب دیکھئے:۔

۱۔ شرح فقہ اکبر علامہ علی قاری حنفی مطبوعہ مجتبائی دہلی صفحہ ۸۰، (۲) تاریخ الامم والملوک" ابن جریر طبری مطبوعہ مطبعۃ الحسینیہ قاہرہ مصر الجزء الخامس ۵ صفحہ ۳۷ (۳) تاریخ حبیب السیر مطبوعہ بمبئی جلد اوّل جزو چہارم ۲۷-۲۸

**عُذرِ اجتہاد** علامہ حنفی علی قاری نے یہ عُذر کیا کہ حضرت علیؑ چونکہ خود مجتہد تھے اس وجہ سے اُن دو آدمیوں کی سیرت پر عمل کرنے سے اِنکار کیا"۔ جواباً عرض ہے کہ یہاں تو محض اِنکارِ علیؑ کی اہمیت کم کرنے کیلئے حضرت علیؑ کو مجتہد مان لیا لیکن شرح وقایہ حاشیہ چلپی حنفی مطبوعہ نولکشور صفحہ ۲۳۲ میں لکھا ہے:" اِنَّ



عَلِیًّا لَمْ یَکُنْ مِّنْ اَھْلِ الْاِجْتِھَادْ" یعنی علیؑ مجتہد نہیں تھے۔ پہلے اِس تضاد کو تو رفع کیجئے۔ پھر اجتہادِ علیؑ کا عُذر پیش کرنے کا حق ہوگا۔

مذہبِ اہلِ سُنۃ والجماعۃ کی رُو سے تمام اصحابِ رسولؐ مجتہد تھے۔ عبدالرحمٰن بن عوف نے کسی اَور کی شرطیں کیوں پیش نہیں کی انہی دونوں کی سیرت کی شرط کیوں پیش کی؟ محض اِس لئے کہ عبدالرحمٰن بن عوف کی نظر میں وُہ دونوں خلیفہ تھے۔ اگر مجتہدین کو خلفاء کی اطاعت اِتّباع سے مستثنیٰ قرار دیا جائے تو تمام اصحابِ رسولؐ مذہبِ اہلِ سنۃ والجماعۃ کی رُو سے مستثنیٰ ہوں گے کیونکہ اُن کے نزدیک تمام اصحابِ پیغمبر مجتہد تھے۔ اِس کے معنے یہ ہوں گے کہ خلفاء کو اصحاب سے بیعت لینے کا حق ہی نہ رہا۔ کیونکہ محض مصافحہ کرنے کا نام بیعت نہیں ہے۔ صوفیا حضرات بھی بیعت حکومت کی وجہ سے نہیں بلکہ متابعتِ دینی کی

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas



رُوحانی کے لئے کرتے ہیں۔ لہٰذا اطاعت و اِتّباع کے عہد کو "بیعت" کہتے ہیں۔ بیعت کرنے والا مطیع و متّبع ہوتا ہے اور بیعت لینے والا اُس کا مُطاع اور لائقِ اتّباع پیشوا ہوتا ہے۔

اگر حضرت علیؑ نے وفاتِ رسُولؐ کے بعد (بقولِ غیر شیعہ حضرات) اُن دونوں کی اِتّباع و اطاعت کا عہد کیا یعنی اُن دونوں کی بیعت کی تھی اور اجتہادِ علیؑ مانع نہیں ہوا۔ پھر شوریٰ میں اُن کی اتّباع سے انکار کا سبب اجتہادِ علیؑ کو کیونکر قرار دیا جائے گا؟ بلکہ حقیقت یہ ہے کہ حضرت علیؑ نے اُن کی سیرت کی اِتّباع سے انکار کر کے ثابت کر دیا کہ مولائے کائناتؑ نے پہلے بھی اُن کی اطاعت و اِتّباع کا عہد نہیں کیا تھا یعنی کبھی اُن دونوں کی بیعت نہیں کی تھی۔ اور اُن دونوں کو کبھی لائقِ اتّباع تسلیم نہیں کیا تھا۔ ورنہ شوریٰ میں بھی انکار نہ کرتے۔ مزید یہ کہ خصائص



مرتضوی امام نسائی اور دیگر معتبر کتب میں حضرت علی مرتضیٰؑ کے متعلق حضرت رسُولِ خدا صلّی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم کی یہ حدیث موجود ہے کہ اے علیؑ تیرا جسم میرا جسم ہے اور تیرا نفس میرا نفس ہے۔ لہٰذا حضرت علیؑ کا ہاتھ رسُولؐ کا ہاتھ قرار پایا۔ پھر کوئی اُمّتی شخص رسُولؐ کے ہاتھ سے بیعت کیونکر لے سکتا تھا؟

# حکومت اور خلافتِ رسُولؐ کا فرق

ہم پیروکارانِ مذہبِ امامیہ، دُنیوی حکومت کو "خلافتِ رسُولؐ" نہیں سمجھتے یعنی ہمارے عقیدہ میں خلیفہ کے معنے مسلمان بادشاہ نہیں ہیں بلکہ مذہب اثناعشری کے عقیدہ کے مطابق خلافت "ایک رُوحانی عہدہ ہے جو رسالت کے رُوحانی منصب کی جانشینی ہے۔ لہٰذا خلیفہ کے لئے

jabirabbas@yahoo.com

Application Package available

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas



وہبی علم اور رُوحانی قوتوں کی ضرورت ہے جو عوام نہیں دے سکتے۔ بلکہ اللہ ہی عطا فرماتا ہے۔ اِسی وجہ سے مذہبِ امامیہ کا عقیدہ ہے کہ عوام کِسی کو خلیفہ نہیں بنا سکتے۔ جس طرح عوام کی بڑی سے بڑی اکثریت کِسی کو "نبی" یا "رسُول" نہیں بنا سکتی کیونکہ اگر عوام کی اکثریت کِسی کو "نبی" یا "رسول" کہنے لگے (اور اللہ نے اُسے نبی یا رسول نہ بنایا ہو) تو وہ ہرگز "نبی" یا "رسول" نہیں ہوگا کیونکہ عوام نام تو نبی یا رسول رکھ لیں گے لیکن نبوّت و رسالت کی رُوحانی قوّتیں اور وہبی علم نہ دے سکیں گے۔ اِسی طرح اگر عوام کی اکثریت کِسی کو "خلیفہ" کہنے لگے (اور اللہ نے اُسے خلیفہ نہ بنایا ہو) تو وہ نام تو "خلیفہ" رکھ سکتے ہیں لیکن خلافت کی رُوحانی قوتیں اور وہبی علم نہیں دے سکتے۔ اس کا نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ عوام کا بنایا ہوا "خلیفہ" علم نہ ہونے کی وجہ سے دُوسروں سے پُوچھتا پھرتا ہے۔ اور



بعض اوقات یہ کہنے پر مجبور ہوتا ہے کہ "اگر فلاں نہ ہوتا تو میں ہلاک ہو جاتا"۔ رسُولؐ کے بعد، خلیفہ کا کام یہ ہے کہ وُہ مسلمانوں کو ہدایت دے۔ لیکن جو خود ہی ہدایت کا محتاج ہو ایسے شخص کو "خلیفہ" تسلیم کرنے سے کیا فائدہ؟

مخفی نہیں کہ اعلانِ رسالتؐ کے بعد رسولِ خداؐ مکّہ معظّمہ میں ۱۳ سال رہے۔ اُس وقت بھی دُنیوی سلطنت نہ ہونے کے باوجود حضورؐ نبی اور رسُول تھے معلوم ہوا کہ نبوّت کے لئے "حکومت" شرط نہیں۔ اِسی طرح نبوّت و رسالت کی جانشینی یعنی خلافت کے لئے بھی شرط نہیں۔ نبی اور رسُول حکومت کے بغیر بھی نبی اور رسُول ہوتے ہیں اور اللہ کے بنائے ہوئے خلیفۂ رسُولؐ حکومت کے بغیر بھی خلیفۂ رسُولؐ ہوتے ہیں جیسے اللہ نے نبی نہ بنایا ہو اُس کے پاس حکومت آجائے تو نبی نہیں بن سکتا۔ اور

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas



جسے اللہ نے خلیفہ نہ بنایا ہو اُسے حکومت مِل جائے تو خلیفہ نہیں بن جاتا۔ خواہ عوام کی اکثریت اُسے خلیفہ کہتی رہے جس طرح یزید بن معاویہ کے پاس حکومت تھی اَور اکثریت نے اُس کو خلیفہ تسلیم کر کے بیعت کر لی تھی۔ پھر بھی خلیفۂ رسُولؐ نہیں تھا! ور امام حسینؑ کے پاس حکومت نہیں تھی پھر بھی حسینؑ ہی اللہ کے بنائے ہوئے خلیفۂ رسولؐ تھے! اسی طرح امام حسنؑ رسولؐ کے خلیفہ برحق تھے! ور اُنہوں نے مسلمانوں میں خونریزی کو ناپسند فرماتے ہوئے دُنیوی حکومت معاویہ کے سپرد کر دی لیکن مذہبِ امامیہ کی رُو سے معاویہ خلیفہ نہیں۔ بلکہ حکومت کے بغیر بھی امام حسنؑ خلافتِ رسولؐ کے رُوحانی منصب پر فائز وہی عِلم اَور رُوحانی قوتوں کے مالک، اللہ کے بنائے ہوئے خلیفہ رہے کیونکہ مذہبِ امامیہ میں "حکومت" کا نام خلافت نہیں بلکہ حکومت منصُوص



خلیفۂ رسُولؐ (یعنی فرمودۂ رسُولؐ سے اللہ کے بنائے ہوئے خلیفہ) کا حق ہے جب کہ وُہ رُوحانی پیشوا ظاہراً موجود ہو

## خِلافتِ علیؑ منصُوص ہے

دُوسری جانب سے محض عوام کے بنائے ہوئے "خلیفوں" کو حق پر ثابت کرنے کے لئے یہ دعویٰ کیا جاتا رہا ہے کہ حضرت رسُولِ خداؐ یہ بتا کر ہی نہیں گئے کہ خلیفہ کون ہو۔ بلکہ عوام ہی پر چھوڑ گئے۔ لیکن ایسا کہنے والوں کی کتابوں سے ثابت ہے کہ رسُولِ خداؐ نے اعلانِ نبوّت کے وقت سے اپنی وفات تک کئی بار حضرت علیؑ کی خلافت کا اعلان فرمایا۔ اَور مولا علیؑ کے لئے ہر وُہ لفظ ارشاد فرمایا جو مفہومِ خلافت کیلئے مناسب تھا یعنی وصی، ولی، مولیٰ، وارث اور خلیفہ۔ علاوہ ازیں اپنا ہارُون

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas



بھی قرار دیا۔ ثبوت حسب ذیل ہے:-

**دعوتِ ذوالعشیرہ**

تبلیغِ رسالت کے ابتدائی ایام میں، جب قرآن مجید، سورۃ الشعراء کی آیۂ مبارکہ "وَاَنْذِرْ عَشِیْرَتَکَ الْاَقْرَبِیْنَ"[۱] نازل ہوئی تو رسولِ خدا نے حاضرینِ دعوت کے سامنے خلافتِ علیؑ کا اعلان یوں فرمایا:- "ان هٰذا اخی ووصی وخلیفتی فیکم فاسمعوا له واطیعوا"

یعنی تحقیق یہ (علیؑ) میرا بھائی، میرا وصی اور میرا خلیفہ ہے تم لوگوں میں پس اس کا حکم سنو اور اس کی اطاعت کرو۔" رسولِ خدا کا یہ فرمانِ وحی بیان حسب ذیل کتبِ اہل سنۃ والجماعۃ[۲] میں موجود ہے:-

۱؎ ترجمہ آیہ مبارکہ یہ ہے:- "اور ڈرایئے اپنے قریبی عزیزوں کو"

۲؎ ان کے علاوہ بہت سی دیگر کتب میں بھی ہے۔



۱۔ مسندِ امام احمد حنبل مطبوعہ مصر الجزء الاوّل ص ۳۳۱ (۲) کنز العمال مطبوعہ مصر جلد ۶ حدیث نمبر ۶۰۰۸ اور حدیث ۶۰۵۶ (۳) تاریخ حبیب السیر مطبوعہ بمبئی جلد اوّل الجزء الثالث ص ۱۶ (۴) تفسیر معالم التنزیل ابوالفراء بغوی مطبوعہ مصر (برحاشیہ تفسیرِ خازن) جلد پنجم ص ۱۰۵ (۵) تاریخ "المختصر فی احوال البشر" ابوالفداء مطبوعہ مصر جلد اوّل ص ۱۱۹

**نکتہ**

بعض لوگ عذر کرتے ہیں کہ صرف "اقربین" میں خلیفہ مقرر فرمایا اس کے معنے یہ ہوں گے کہ وہ خلیفہ ہوا کریں اقربین میں الگ اور باقی اُمت میں الگ، یعنی جو باقی اُمت میں خلیفہ ہو اُسے اقربین سے بیعت لینے کا حق نہیں لیکن یہ بات عذر کرنے والوں کو بھی قبول نہ ہوگی۔ لہٰذا یہ عذر کہ صرف اقربین میں خلیفہ مقرر فرمایا درست عذر نہیں۔ علاوہ ازیں اُس وقت حاضرینِ دعوت "اقربین" میں کفار کی

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas



اکثریت بھی پھر کیا کافروں میں خلیفہ مقرر فرما رہے تھے؟ (معاذ اللہ) حقیقت یہی ہے کہ جس طرح اُن کے سامنے اپنی رسالتؐ کا اعلان فرمایا اُسی طرح خلافتِ علیؑ کا بھی اعلان فرمایا۔ نہ تو رسالتِ محمدیہؐ اُن کے اقربین تک محدود تھی اور نہ ہی خلافتِ علیؑ۔ بلکہ محض ابتدا سے تبلیغ "اقربین" سے ہوئی۔

# ہارونِ محمدیؐ

حضرت رسالتمآبؐ نے جب سفرِ تبوک پر روانہ ہونے کا ارادہ فرمایا تو حضرت علیؑ کو خلیفہ "مقرر" فرمایا۔ بعضوں نے کہا عورتوں اور بچوں میں خلیفہ بنایا ہے (جس طرح کہا "اقربین میں بنایا ہے") اُس پر حضرت علیؑ نے رسولؐ کی خدمتِ اقدس میں عرض کیا کہ لوگ یہ کہتے ہیں۔



(یعنی میری خلافت کو بچوں اور عورتوں تک محدود قرار دے رہے ہیں) تو حضورؐ نے فرمایا "تیری منزلت مجھ سے وہی ہے جو ہارونؑ کی موسٰیؑ سے تھی سوائے اِس کے کہ میرے بعد کوئی نبی نہیں"۔ اور حضرت علیؑ کی شان میں رسولؐ کا یہ فرمانِ وحی بیان اہلِ سنۃ والجماعۃ حضرات کی حسبِ ذیل کُتب میں موجود ہے:۔

۱۔ صواعقِ محرقہ امام ابنِ حجر مکی مطبوعہ مصر ص ۸۴ (۲) ازالۃ الخفا ولی اللہ محدث دہلوی (اُردو ترجمہ) مطبوعہ سعیدی کراچی مقصدِ دوم ص ۵۰۵ (۳) فیض الباری شرح صحیح بخاری مطبوعہ مجلسِ علمی سُورت، باب مناقبِ علی جلد ۴ ص ۶۸ (۴) صحیح بخاری مترجم مطبوعہ سعیدی کراچی جلد دوم باب فضائل اصحابُ النبی مناقب علی حدیث ۹۰۳ (۵) صحیح مسلم مطبوعہ مصر الجزء السابع باب من فضائل علیؑ (۶) مسندِ امام اہلِ سنۃ والجماعۃ

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas



احمد حنبل مطبوعہ مصر جلد اوّل صہ ۱۷۹ سطر ۱۶ تا ۱۸۔ صہ ۱۸۲ کی آخری دو
سطریں صہ ۱۸۴ سطر ۱۷-۱۸۔ اور صہ ۱۸۵ (۷) "زاد المعاد" حافظ ابن
قیم مطبوعہ مصر الجزء الثالث صہ ۳ سطر ۸ (۸) الاصابہ فی تمییز الصحابہ
حافظ ابن حجر عسقلانی مطبوعہ مصر جلد ۳ صہ ۲۷۰، صہ ۲۷۱ (۹) جامع ترمذی
مطبوعہ نولکشور، باب مناقب علی صہ ۶۱۸ سطر ۳، اور آخری سطر (۱۰)
شرح مواقف مطبوعہ نولکشور لکھنو صہ ۷۳۹ سطر اوّل (۱۱) منتخب
کنز العمال برحاشیہ مسند حنبل مطبوعہ مصر جلد ۵ صہ ۳۱ سطر ۲ اور صہ ۵۳
پہلی سطر (۱۲) "ریاض النضرہ فی مناقب العشرۃ" محب طبری مطبوعہ
مصر جلد صہ ۱۶۲، صہ ۱۵۳ (۱۳) تاریخ الخمیس مطبوعہ مصر الجزء الثانی صہ ۱۲۵
(۱۴) تاریخ الخلفا سیوطی (اردو ترجمہ) مطبوعہ صدیقی (مطبع زمیندار)
لاہور صہ ۹۱ (۱۵) روضۃ الصفا مطبوعہ بمبئی جلد ۲ صہ ۱۶۱ سطر ۲۵ تا ۲۷



(۱۶) روضۃ الاحباب جمال الدین محدث مطبوعہ انوارِ محمدی لکھنو (تیغ بہادر)
جلد اوّل صہ ۴۸۷ (۱۷) معارج النبوۃ معین کاشفی مطبوعہ نولکشور رکن
چہارم صہ ۲۸۱ (۱۸) مشکوٰۃ مترجم مطبوعہ سعیدی کراچی جلد سوم باب مناقب
علی صہ ۲۵۸ حدیث نمبر ۵۸۲۶ متفق علیہ۔

**نکتہ** رسولِ خدا نے اپنے فرمانِ وحی بیان میں صرف نبوت کو مستثنیٰ فرمایا
جیسا کہ فرمایا "اِلَّا اَنَّهُ لَا نَبِيَّ بَعْدِي" اور مسند احمد حنبل مطبوعہ
مصر جلد اوّل (مسند ابی اسحٰق سعد بن ابی وقاص) صہ ۱۷۰ سطر ۲۳ تا ۲۶،
حدیثِ منزلت کی روایت بالمعنیٰ موجود ہے "اِلَّا النبوۃ" کے الفاظ ہیں
لہٰذا صرف نبوت کو مستثنیٰ کیا گیا۔ تو نبوت کو چھوڑ کر حضرت ہارونؑ کی ہر
منزلت (جو انہیں موسیٰؑ سے حاصل تھی) حضرت علیؑ کو رسولؐ سے حاصل
ہوئی۔ قرآن مجید کی رُو سے حضرتِ ہارونؑ ہی حضرت موسیٰؑ کے خلیفۂ اوّل

jabir.abbas@yahoo.com
Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas



(بلا فصل) تھے۔ لہٰذا فرمانِ رسُولؐ کی رُو سے یہی منزلت حضرت علیؑ کو حاصل ہُوئی اور حضرت رسُولِ خداؐ کے خلیفۂ اوّل (بلا فصل) قرار پائے کیونکہ رسُولِ خداؐ نے نبوّت کو مستثنیٰ فرمایا ہے اوّلیتِ خلافت کو نہیں۔ اگر خداد رسُولؐ کا منشاء اس کے خلاف کچھ اور ہوتا تو علیم و حکیم خُدا، اپنے معصوم رسُولؐ کی زبانِ وحی بیان ہی سے اُسی موقع پر اوّلیتِ خلافت کو بھی مستثنیٰ کروا دیتا۔ لیکن اللہ نے ایسا نہیں کیا۔ اِس بناء پر منشاءِ الٰہی یہی قرار پایا کہ ہارُونِ محمدؐ ہونے کی وجہ سے حضرت علی مُرتضیٰ علیہ الصلوٰۃ والسّلام ہی رسُولِ خداؐ کے خلیفۂ اوّل ہیں۔ خواہ اُن کے پاس حکومت ہو یا نہ ہو کیونکہ دُنیوی حکومت کا نام خلافت نہیں بلکہ منصبِ رُوحانی جانشینیِ پیغمبرؐ کا نام خلافت ہے لیکن حکومت خلیفۂ رسُولؐ کا حق ضرور ہے۔



**نکتہ ۲** بعض لوگ کہتے ہیں کہ سفرِ تبوک پر تشریف لے جاتے ہوئے عارضی طور پر خلیفہ چھوڑ گئے تھے اُنہیں یہ غور کرنا چاہیئے کہ وقتی طور پر خلیفہ بنا کر مدینہ میں چھوڑ جانا کوئی ضروری نہ تھا جب کہ کسی جنگ اور کسی سفر پر جاتے ہُوئے پہلے کبھی مدینہ میں کسی کو خلیفہ نہیں چھوڑا تھا۔ بلکہ منشاءِ رسُولؐ یہی تھا کہ لوگوں کو آپؐ کے خلیفہ کا عِلم ہو جائے علاوہ ازیں فرمانِ وحی بیان میں لفظ "بَعْدِیْ" یعنی میرے بعد اس امر کی واضح دلیل ہے کہ مولا علیؑ کی منزلتِ ہارُونی وقتی یا عارضی نہ تھی بلکہ رسُولؐ کے بعد بھی مولا علیؑ اُسی منزلت پر رہیں گے۔ یہ منزلت سَلب نہ ہوگی۔ اِس بات کی تائید مندرجہ ذیل حدیث بھی کرتی ہے:۔

**تبلیغ سُورۂ برأت** کے موقع پر حضرت رسُولِ خداؐ نے حضرت علیؑ کی خلافت کا اعلان یُوں فرمایا:۔

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas



"علیؑ منّی وھو اخی و وصی و وارثی و خلیفتی فی اھل بیتی واُمّتی بعدی" یعنی فرمایا "علیؑ مجھ سے ہے اور وہ میرا بھائی، میرا وصی، میرا وارث اور میرا خلیفہ ہے میرے اہل بیتؑ اور میری اُمت میں میرے بعد"۔ (دیکھئے حبیب السیر مطبوعہ بمبئی جلد اوّل جزو سوم صـ۲۷ سطر ۴)

**نکتہ** | حضرت سیّد الانبیاءؐ کے فرمان میں لفظ "بعدی" یعنی "میرے بعد" اس امر کا مقتضی ہے کہ حضرت علیؑ کو رسولؐ ہی کے بعد خلیفہ تسلیم کیا جائے نہ کہ دوسرے حضرات کے بعد۔ لفظ "وصی" اور "وارثی" بھی اس امر کے مؤیّد ہیں۔

**اعلانِ ولایتِ علیؑ** | غیر شیعہ حضرات کی معتبر کُتب سے ثابت ہے کہ سرکارِ دوجہان، رسولِ خداؐ نے فرمایا:۔ "ان



علیا منّی وانا منه وھو ولی کل مومن بعدی" یعنی "علیؑ مجھ سے ہے اور میں اس سے ہوں اور وہ ہر ایمان والے کا ولی ہے میرے بعد"۔ یہ فرمانِ رسولؐ حسب ذیل کتابوں میں موجود ہے:۔

۱۔ اصابہ فی تمییز الصحابہ حافظ ابن حجر عسقلانی مطبوعہ مطبعۃ الشرفیہ مصر (۱۳۲۵ھ) الجزء الخامس ترجمہ وہب بن حمزہ صـ۳۲۵ اور الجزء الثالث صـ۲۷۰ تا صـ۲۷۱ (۲) جامع الترمذی مطبوعہ نولکشور باب مناقب علی ابن ابی طالب صـ۶۱۶ (۳) خصائص امام نسائی مطبوعہ محمدی لاہور صـ۵۲ تا صـ۵۴ (۴) صواعقِ محرقہ امام ابنِ حجر مکّی مطبوعہ مصر صـ۷۲ (۵) کنز العمال مطبوعہ حیدرآباد دکن جلد ششم صـ۱۵۴ یا منتخب کنز العمال بر حاشیہ مسند حنبل مطبوعہ مصر جلد پنجم صـ۳۰ و صـ۵۲

**لفظ "بعدی" اور ولی کا معنیٰ** | مخفی نہیں کہ حضرت علیؑ عہدِ رسالتؐ

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas
jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas



میں بھی مومنوں کے دوست و مددگار ہی تھے دشمن تو نہیں تھے اگر مقصود پیغمبرؐ "دوست" یا "مددگار" کہنا ہوتا تو حضورؐ لفظِ "بعدی" یعنی "میرے بعد" ہرگز نہ فرماتے ۔ یہ لفظ بتا رہا ہے کہ وہ ولایت مراد ہے جو حضرت علیؑ کو عہدِ رسالتؐ کے بعد حاصل ہونے والی تھی ۔ لہٰذا لفظِ "بعدی" کے ہوتے ہوئے ولی کا معنیٰ "دوست" یا "مددگار" اس حدیث میں ہرگز نہیں ہوسکتا اس بناء پر ولی کا معنیٰ "حاکم" ہی صحیح ہے یعنی رسولؐ نے فرمایا "علیؑ مجھ سے ہے اور میں اُس سے ہوں اور وہ ہر مومن کا حاکم ہے میرے بعد" کیونکہ اس معنیٰ میں حضرت علیؑ عہدِ رسالت میں ولی نہ تھے بلکہ رسولؐ حاکم تھے اور رسولؐ کے ظاہر بظاہر موجود ہوتے ہوئے "علیؑ ولی اللہ" کہہ کر علیؑ کو حاکم قرار دینا عہدِ رسالتؐ میں مناسب نہ تھا بلکہ عہدِ رسالتؐ کے بعد ہی مناسب ہے ۔ اور عہدِ رسالتؐ کے بعد "علیؑ ولی اللہ" کہہ کر



مولا علیؑ کی حاکمیت کا اقرار کرنا فرمانِ رسولؐ "ھو ولی کل مومن بعدی" کو تسلیم کرنے کا اعلان اور اپنے ایمان کا اظہار ہے ۔

## علیؑ ولی اللہ

اہلِ سنۃ والجماعۃ حضرات نے خطبۂ جمعہ میں حضرت علیؑ اور دیگر حضرات کے نام پڑھنا عہدِ رسالتؐ کے بعد ہی شروع کیا حالانکہ یہ کہیں سے بھی ثابت نہیں کہ خطبۂ جمعہ میں یہ تمام نام عہدِ رسالتؐ میں پڑھے جاتے تھے "علیؑ ولی اللہ" کہنے کو (معاذ اللہ) "بدعت" کہنے سے پہلے اچھی طرح سمجھ لینا چاہیئے کہ کسی بات کو بدعت اُسی وقت کہا جا سکتا ہے جب کہ وہ بات قرآن و حدیث سے ثابت نہ ہو ۔ لہٰذا "علیؑ ولی اللہ" پڑھنا بدعت نہیں بلکہ سنّت ہے کیونکہ حضرت رسولِ خداؐ نے "علیؑ ولی اللہ" خود اپنی زبانِ وحی بیان سے پڑھ کر سنایا ہے جیسا کہ فردوس الاخبار دیلمی میں ہے کہ رسولؐ نے فرمایا کہ میں نے

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas



شبِ معراج جنّت کے دروازہ پر سونے کے حرُوف سے یہ کلمہ لکھا ہوا دیکھا
"لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ حَبِیْبُ اللّٰہِ عَلِیٌّ وَلِیُّ اللّٰہِ الخ"
اور کلمہ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ کے ساتھ مولا علیؑ کا ذکر منتخب کنز العمال برحاشیہ مسند حنبل مطبوعہ مصر جلد ۵ صفحہ ۳۵ میں بھی موجود ہے۔

**نکتہ** جنّت کے دروازہ والے کلمہ کے مطابق "علیٌ ولی اللہ" ہم اس لئے پڑھتے ہیں کہ جنّت میں جانا چاہتے ہیں لیکن قیامت کے دن بعض لوگ دروازہ جنّت پر "علیٌ ولی اللہ" لکھا ہوا دیکھ کر شاید یہی کہتے ہوئے واپس ہو جائیں کہ یہ تو شیعوں کا امام باڑہ ہے ہم اِس میں نہیں جائیں گے"



# قرآن میں اعلانِ ولایتِ علیؑ

قرآن مجید پارہ ۶ سورۃ المائدہ کی آیۂ ولایت "اِنَّمَا وَلِیُّکُمُ اللّٰہُ وَرَسُوْلُہٗ وَالَّذِیْنَ اٰمَنُوا الَّذِیْنَ یُقِیْمُوْنَ الصَّلٰوۃَ وَیُؤْتُوْنَ الزَّکٰوۃَ وَھُمْ رَاکِعُوْنَ" مولائے کائنات حضرت علیؑ کی شان میں نازل ہوئی ہے ثبوت کے لئے حسب ذیل کُتبِ اہلِ سُنّت والجماعت ملاحظہ فرمائیے:۔

۱۔ تفسیر جامع البیان ابنِ جریر طبری مطبوعہ دارالمعارف مصر جلد ۱۰ صفحہ ۴۲۵ و ۴۲۶ (۲) تفسیر حافظ ابنِ کثیر دمشقی مطبوعہ مصر جلد ۳ صفحہ ۳۲۹ (۳) تفسیرِ خازن مطبوعہ مصر جلد اوّل صفحہ ۵۰۶ (۴) تفسیر دُرِّ منثور سیوطی مطبوعہ مصر جلد ۲ صفحہ ۲۹۳ تا ۲۹۴ (۵) تفسیر حسینی (فارسی) مطبوعہ نولکشور لکھنؤ

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas



(اُردو ترجمہ تفسیر حسینی) جلد اوّل صفحہ ۱۵۰ آخری سطر تا صفحہ ۱۵۱ سطر ۳ یا تفسیر قادری مکتبہ مصطفائی کشمیری بازار لاہور جلد اوّل ص ۲۴۵ (۲) منتخب کنز العمال بر حاشیہ مسند حنبل مطبوعہ مصر جلد ۵ ص ۳۸

## ترجمہ آیتِ ولایت

سوائے اِس کے نہیں کہ تم لوگوں کا ولی اللہ ہے اور اُس کا رسولؐ اور وُہ ایمان والے جو نماز کو قائم کرتے ہیں اور بحالتِ رکوع زکوٰۃ دیتے ہیں"۔ لیکن غیر شیعہ حضرات "وَھُمْ رَاکِعُوْنَ" کا ترجمہ "اور وُہ رکوع کرنے والے ہیں" بیان کرتے ہیں۔ قابلِ غور امر یہ ہے کہ جب یہ فرما دیا کہ نماز کو قائم کرتے ہیں "یُقِیْمُوْنَ الصَّلٰوۃَ" تو یہ ثابت ہو گیا کہ وُہ رکوع کرنے والے ہیں اُس کے بعد یہ کہنا کہ وُہ رکوع کرنے والے ہیں غیر ضروری تکرار ہوگا اور اللہ سُبحانہٗ و تعالیٰ غیر ضروری کلام فرمانے سے قطعاً پاک ہے



لہٰذا "وُہ رکوع کرنے والے ہیں" صحیح ترجمہ نہیں ہے بلکہ "نماز قائم کرتے ہیں" فرما کر ذکرِ رکوع اِس لئے فرمایا کہ مولا علیؑ نے حالتِ رکوع ہی میں زکوٰۃ دی تھی۔ لہٰذا ترجمہ "بحالتِ رکوع زکوٰۃ دیتے ہیں" صحیح ہے۔

## وَصِیُّ رَسُوْلِ اللہ

جبکہ گذشتہ صفحات میں ثابت کیا گیا کہ دعوت ذو العشیرہ اور دیگر مقامات پر خود حضرت محمد مصطفٰےؐ نے اپنی زبانِ حق بیان سے لفظِ "وصی" حضرتِ علیؑ کے لئے ارشاد فرمایا ہے اس کے بعد یہ کہنا کہ "علیؑ کو وصیِ رسولؐ کہنا عبد اللہ بن سبا نے ایجاد کیا" ضد اور تعصب کے سوا کچھ نہیں بلکہ ارشاداتِ رسولؐ کی مخالفت پر مبنی ہے حقیقت یہ ہے کہ شیعہ دشمن عناصر نے محض مخالفتِ مذہبِ امامیہ کے لئے عبد اللہ بن سبا کا فرضی قصّہ وضع کیا تھا جیسا کہ مصر کے مشہور و معروف مؤرخ ڈاکٹر طٰہٰ حسین اپنی کتاب "الفتنۃ الکبریٰ" میں یوں تحریر فرماتے ہیں:-

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas



"میرا خیال ہے کہ جو لوگ ابن سبا کے معاملے کو اِس حد تک اہمیت دیتے ہیں وُہ نہ صرف اپنے پر بلکہ تاریخ پر بھی شدید ظلم کرتے ہیں۔ اِس سلسلہ میں سب سے پہلی غور طلب چیز یہ ہے کہ اُن تمام اہم مآخذ میں جو حضرت عثمان کے خلاف رُونما ہونے والی شورش پر روشنی ڈالتے ہیں ہمیں ابن سبا کا ذکر ہی نہیں ملتا مثلاً ابنِ سعد نے جہاں خلافِ عثمان اور اُن کے خلاف بغاوت کا حال رقم کیا ہے وہاں ابن سبا کا کوئی تذکرہ نہیں کیا۔ اسی طرح بلاذری نے بھی انساب الاشراف میں اس کے بارے میں کچھ نہیں بتایا۔ حالانکہ میرے خیال میں حضرت عثمان کے خلاف بغاوت کے واقعات معلوم کرنے کے لئے انساب الاشراف اہم ترین مآخذ ہے۔" (دیکھئے اُردو ترجمہ "الفتنۃ الکبریٰ" شائع کردہ "ادارۂ طلوعِ اسلام" صفحہ ۲۸۴ آخری سطر تا صفحہ ۲۸۵)

jabir.abbas@yahoo.com



ڈاکٹر طٰہٰ حسین پھر اسی کتاب کے صفحہ ۲۸۹ (سطر ۱۰ سے) یوں تحریر فرماتے ہیں:-

اِس طرح گمان اغلب ہے کہ شیعہ دُشمن عناصر نے عہدِ اُمیّہ و عبّاسیہ میں عبداللہ بن سبا کے معاملے کو اِس لئے مبالغہ کا رنگ دے دیا کہ ایک طرف تو کچھ ایسے واقعات جو حضرت عثمان اور اُن کے والیوں سے منسوب ہیں وُہ مشکوک ہو جائیں اور دُوسری طرف حضرت علیؑ اور اُن کے حامیوں پر زد پڑے اور یہ ظاہر کیا جائے کہ شیعہ ایک یہودی کے جھانسے میں آئے ہوئے تھے۔

# حدیثِ غدیر

حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم حجۃ الوداع (سنہ ۱۰ھ

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas



سے فارغ ہو کر مدینہ واپس تشریف لاتے ہوئے جب مقامِ غدیر خُم پر پہنچے تو قرآنِ مجید کی یہ آیۂ مبارکہ و مقدسہ نازل ہوئی :-

یَآاَیُّھَا الرَّسُوْلُ بَلِّغْ مَآ اُنْزِلَ اِلَیْکَ مِنْ رَّبِّکَ وَاِنْ لَّمْ تَفْعَلْ فَمَا بَلَّغْتَ رِسَالَتَہٗ وَاللّٰہُ یَعْصِمُکَ مِنَ النَّاسِ

ترجمہ:- اے رسولؐ اُس (پیغام) کو پہنچا دیجیے جو آپؐ کی جانب آپؐ کے رب کی طرف سے نازل ہوا! اور اگر آپؐ نے ایسا نہ کیا تو رسالت کو نہیں

---

۱؎ قرآنِ مجید پارہ ۶ سورۃ المائدہ کی آیت ہے (۲) یہ حکم پہلے نازل ہو چکا تھا جس کی جانب اشارہ فرمایا۔ اور وُہ حکم سورہ الانشراح کا ہے "اِذَا فَرَغْتَ فَانْصَبْ" یعنی جب آپؐ (حج سے) فارغ ہو جائیں تو مقرر کر دیجیے۔



پہنچایا۔ اور (اُن) لوگوں[۱] سے آپ کو اللہ بچائے گا۔

قرآنِ مجید کے اِس حکمِ خُدا کی تعمیل کے لیے رسولِ خُداؐ نے ایک لاکھ بیس ہزار صحابہ[۲] کے سامنے خطبہ ارشاد فرمایا جس میں حضرت علیؑ کو اُن تمام مخلوقات کا مولا قرار دیا جن کے خود آپؐ مولا ہیں۔ جیسا کہ فرمایا: "فَمَنْ کُنْتُ مَوْلَاہُ فَھٰذَا عَلِیٌّ مَوْلَاہُ" یعنی "پس جس کسی کا میں مولا ہوں تو یہ علیؑ اُس کا مولا ہے"۔ رسولؐ کا یہ فرمانِ وحی بیان حسب ذیل کتب میں موجود ہے:- (۱) "منہج الوصول الیٰ اِصطلاح احادیث الرسولؐ" نواب صدیق حسن بھوپالی (اہلحدیث) مطبوعہ شاہجہانی صہ۱۳ سطر ۳ تا ۶ (۲) مشکوٰۃ (مترجم) مطبوعہ سعیدی کراچی جلد سوم باب مناقب علیؑ افضل

---

۱؎ معلوم ہوا کہ کچھ لوگ ایسے موجود تھے جن سے (یہ پیغام پہنچاتے ہوئے) رسولؐ کو خطرہ تھا۔ ۲؎ وُہ صحابہ حج کر کے آئے تھے یعنی حاجی بھی تھے۔

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas



دوم صفحہ ۲۵۹ حدیث نمبر ۵۸۳ (۳) جامع الترمذی مطبوعہ نولکشور باب مناقب علیؑ صفحہ ۲۱۲ (۴) "مطالب السئول" شیخ کمال الدین محمد بن طلحہ شافعی صفحہ ۵۵-۵۶ (۵) ریاض النضرہ فی مناقب العشرہ" محب طبری مطبوعہ مصر جلد اوّل صفحہ ۱۵۳ (۶) مدارج النبوۃ شیخ عبدالحق محدّث دہلوی مطبوعہ نولکشور کانپور جلد ۲ صفحہ ۵۲۱ (۷) تفسیر دُرِّ منثور سیوطی مطبوعہ مصر جلد ۲ صفحہ ۲۵۹ (۸) کنز العمال مطبوعہ حیدرآباد دکن ۱۳۱۳ھ جلد ۶ صفحہ ۳۹۷ (۹) تاریخ الخلفا سیوطی (اُردو ترجمہ) مطبوعہ صدیقی (مطبع زمیندار لاہور) صفحہ ۱۲۱ (۱۰) روضۃ الصفا مطبوعہ مبئی جلد ۲ صفحہ ۱۷۳ سطر ۱۱ تا ۱۵ (۱۱) "تذکرۃ خواص الامۃ" ابن جوزی مطبوعہ مصر صفحہ ۲۰ سطر ۴ (۱۲) "شواہد النبوۃ" مولانا جامی مطبوعہ مطبع حیدری مبئی صفحہ ۲۰۸ (۱۳) "سرّ العالمین" امام غزالی مطبوعہ مبئی مقالہ رابعہ صفحہ ۹ (۱۴) الشفا قاضی عیاض مطبوعہ مکتبہ نعیمیہ لاہور الجزء الثانی



صفحہ ۱۸۶ سطر ۵۔

نوٹ: "سرّ العالمین" تصنیف امام غزالی ہی ہے ثبوت کے لئے میزان الاعتدال علامہ ذہبی مطبوعہ مصر جلد اوّل حرف الحاء، ترجمہ حسن بن صباح صفحہ ۲۳۲ ملاحظہ ہو۔

## حدیث غدیر صحیح ہے

امام ابن حجر مکی نے "صواعق محرقہ" مطبوعہ مصر کے صفحہ ۲۵ پر حدیث مَن کُنتُ مولاہ الخ کو صحیح تسلیم کیا ہے اور مشکل الآثار طحاوی مطبوعہ دائرۃ المعارف حیدرآباد دکن طبع اولیٰ جلد اوّل صفحہ ۳۰۸ سطر ۱۸ میں حدیث غدیر کے متعلق یوں لکھا ہے:-

"فهذا الحديث صحيح الاسناد لا طعن لاحد فى رواته"

ترجمہ: پس یہ حدیث صحیح الاسناد ہے اس کے راویوں میں سے کسی پر بھی کوئی طعن نہیں ہے۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas



## لفظِ مولا کا معنیٰ

رسولِ خداؐ نے اپنے خطبہ میں حضرت علیؑ کو مولا قرار دینے سے پہلے خود ہی مولا کا مطلوب معنیٰ بھی سمجھا دیا فرمایا "الست اولیٰ بکم من انفسکم" یعنی "کیا میں تم لوگوں کی جانوں پر تم سے زیادہ اختیار نہیں رکھتا؟" ایک لاکھ بیس ہزار صحابہ نے کہا "بیشک" تو حضورؐ نے فرمایا "من کنتُ اولیٰ بہ من نفسہ فعلی اولیٰ بہ من نفسہ"[۱] یعنی جس کی جان پر اُس سے زیادہ میں صاحبِ اختیار ہوں پس علیؑ اُس کی جان پر اُس سے زیادہ صاحبِ اختیار ہے "یہ معنیٰ سمجھا کر فرمایا پس جس کا میں مولا ہوں اُس کے یہ علیؑ مولا ہیں"۔ لہٰذا ثابت ہوا کہ مقصودِ پیغمبرؐ علیؑ کو دوست "بتانا نہیں بلکہ جانوں پر اختیار رکھنے والا" حاکم قرار دینا تھا

[۱] دیکھئے "ینابیع المودۃ" مصنفہ مفتیِ اعظم قسطنطنیہ محمد سلیمان حنفی بلخی مطبوعہ اسلامبول جلد اوّل صفحہ ۱۱۵



اِس لئے حدیثِ غدیر میں لفظ مولا کا معنیٰ دوست ہرگز درست نہیں۔

۲۔ خطبہ رسولؐ سُن کر مشہور صحابی رسولؐ حسّان بن ثابت نے مولا علیؑ کی شان میں اُسی وقت حاضرین کے سامنے قصیدہ پڑھا جس کا ایک شعر یہ ہے:-

فقال لہ قم یا علیؑ فانّنی رضیتک من بعدی اماماً وھادیا[۱]

ترجمہ:- پس (رسولؐ) نے حضرت علیؑ سے فرمایا "اے علیؑ کھڑا ہو جا۔ پس تحقیق میں نے تجھے پسند کیا بعد کے لئے امام (پیشوا) اور ہادی"۔ اور اُسی قصیدہ کا ایک شعر یہ ہے :-

فخصّ بہا دون البریّۃ کلّہا علیاً وسمّاہ الوزیر المواخیا[۲]

ترجمہ:- پس (رسولؐ نے) تمام مخلوقات کو چھوڑ کر اِس (پیشوا اور ہادی

[۱و۲] یہ دو شعر قصیدہ حسّان کے "تذکرۃ خواص الامۃ" علامہ سبط الجوزی کے صفحہ ۲۰ پر دیکھئے۔

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas



کے منصب) کے لئے علیؑ کو مخصوص کیا اور انہی کا نام رکھا "وزیر" برادر۔

حدیث تین قسم کی ہوتی ہے (۱) قولی (۲) فعلی (۳) تقریرِ رسولؐ تیسری قسم یعنی تقریرِ رسولؐ "وہ کہلاتی ہے کہ رسولؐ کے سامنے کوئی بات کہی جائے یا کوئی فعل کیا جائے اور رسولؐ تردید نہ فرمائیں یعنی رسولؐ کی خاموشی اس امر کی دلیل ہے کہ وہ قول یا فعل صحیح ہے۔ اور اسے حدیث تسلیم کیا جاتا ہے جیسا کہ مقدمۂ مشکوٰۃ میں شیخ عبدالحق محدّث دہلوی نے اصولِ حدیث تحریر فرمائے اور اس تیسری قسم کا ذکر فرمایا ہے۔ لہٰذا حسّان بن ثابت صحابی رسولؐ نے مولا کے معنے "امام"، "ہادی"، "وزیر" پیغمبرؐ کے سامنے بیان کئے اور پیغمبرؐ نے تردید نہ فرمائی۔ اگر محض "دوست" کہنا مقصودِ پیغمبرؐ ہوتا تو فوراً منع فرما دیتے کہ میں نے "مولا" امام، ہادی اور وزیر کے معنوں میں نہیں کہا، محض "دوست" کہا ہے لیکن پیغمبرؐ نے منع نہیں فرمایا اور خاموش رہ کر ثابت فرما دیا کہ "مولا"، "دوست" کے معنی میں نہیں فرمایا۔

۳۔ خطبۂ رسولؐ کے بعد حضرت عمر بن خطّاب نے حضرت علیؑ کو یوں مبارکباد دی:۔ "مبارک! مبارک! آپ کو اے فرزندِ ابوطالبؑ! کہ آپ نے ایسی صبح کی اور ایسی شام کی (یعنی آج کا دن آپ کے لئے ایسا آیا) کہ آپ میرے مولا ہوئے اور تمام مومن مردوں اور تمام مومن عورتوں کے مولا ہو گئے۔" حضرت عمر کے یہ الفاظ مشکوٰۃ (عربی) مطبوعہ محمدی دہلی باب مناقب علیؑ اور سِرّ العالمین امام غزالی مطبوعہ بمبئی مقالہ رابعہ صفحہ ۹ میں موجود ہیں حضرت عمر کے الفاظ کی رُو سے "مولا" کا مقام حضرت علیؑ کو اُسی روز حاصل ہوا تھا پہلے حاصل نہیں تھا جب کہ مومنین و مومنات کے دوست حضرت علیؑ پہلے بھی تھے۔ لہٰذا اس حدیثِ غدیر میں "مولا" کا معنی دوست نہیں بلکہ "جانوں پر صاحبِ اختیار حاکم" ہے یعنی رسولؐ کے بعد منصبِ ہدایت پر

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas



فائز مخلوقات کا امام اور پیغمبرؐ کا وزیر۔

۴۔ علامہ سبط ابن جوزی نے "خواص الامۃ" کے صفحہ ۲۰ پر "مولا" کے معنے "دوست" لکھنے کی بجائے یہ لکھتے ہیں "ھذا نص صریح فی اثبات امامته وقبول طاعته" یعنی "یہ (حدیث پیغمبرؐ میں لفظِ مولا) حضرت علیؑ کی امامت کے اثبات اور آپؑ کی اطاعت قبول کرنے کے بارے میں نصِ صریح ہے۔"

۵۔ امام غزالی نے "بخٍ بخٍ" کہہ کر مبارک باد دینے کو "تسلیم و رضا و تحکیم" تحریر فرمایا ہے دیکھئے "سِرّ العالمین و کشف ما فی الدارین" مطبوعہ بمبئی مقالہ رابعہ صفحہ ۹

## دستارِ ولیعہدی

اگر صرف "دوست" کہنا مقصودِ فرمانِ پیغمبرؐ ہوتا تو حضورؐ کو حضرت علیؑ کی دستار بندی کی کیا ضرورت تھی، حالانکہ غدیرِ خُم کے مقام پر حضرت علیؑ کے سرِ مبارک پر خود رسولؐ نے دستار باندھی۔ ثبوت کے لئے دیکھئے "ریاض النضرہ فی مناقب العشرہ"



مطبوعہ مصر جلد دوم صفحہ ۲۱۷ اور کنز العمال مطبوعہ حیدر آباد دکن جلد ۸ صفحہ ۶۰

## ★ ۶۔ حرث فہری کا واقعہ

تفسیر ثعلبی میں قرآن مجید کے پارہ ۲۹ کی سورۃ المعارج کی تفسیر میں بروایتِ امام محمد باقرؑ اور تفسیر فتح البیان علامۃ الحدیث نواب صدیق حسن قنوجی بھوپالی جلد عاشر (۱۰) مطبوعہ مصر صفحہ ۴۸ سطر ۲۰ میں یہ واقعہ موجود ہے کہ حدیث "من کنت مولاہ" جب تمام اطراف اور چھوٹے بڑے شہروں میں پہنچ گئی تو حرث بن نعمان فہری، خدمتِ رسولؐ میں حاضر ہوا۔ اپنی اونٹنی کو بٹھا کر آیا اور حضورؐ سے کہنے لگا "یا محمدؐ! آپؐ نے ہم لوگوں کو لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ کی شہادت دینے کا حکم دیا ہم نے مان لیا۔ پھر آپ نے نمازِ پنجگانہ کا حکم دیا ہم نے مان لیا پھر آپ نے ماہِ رمضان کے روزے رکھنے کا حکم دیا وہ بھی ہم نے قبول کیا۔ پھر آپ نے حج اور اپنے اموال کی زکوٰۃ دینے کا حکم

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas



دیں وہ بھی ہم نے قبول کر لیا۔ اس پر بھی آپ راضی نہ ہوئے حتیٰ کہ آپ نے اپنے چچا کے بیٹے (علیؑ) کے بازو کو بلند کر کے اُس (علیؑ) کو تمام اِنسانوں پر فضیلت دے دی اور آپ نے کہہ دیا کہ جس کا میں مولا ہوں اُس کا علیؑ (بھی) مولا ہے"۔ یہ حکم آپ کی جانب سے ہے یا اللہ کی جانب سے ہے؟"

حرث کی یہ گفتگو سُن کر حضرت رسُولِ خدا کی آنکھیں غضب سے سُرخ ہو گئیں اور حضورؐ نے فرمایا۔ "قسم ہے اللہ کی، جس کے سوائے کوئی معبود نہیں ہے۔ یہ حکم اللہ کی جانب سے ہے۔ میری جانب سے نہیں" حضورؐ نے تین مرتبہ یہی ارشاد فرمایا۔ تو حرث کھڑا ہو گیا اور یہ کہتا ہوا اپنی اونٹنی کی جانب (چلا کہ "جو کچھ محمدؐ کہتے ہیں اگر یہ حق ہے تو اے اللہ ہم پر آسمان سے پتھر بھیج یا کوئی اور دردناک عذاب پہنچا"۔ راوی کا بیان ہے کہ پس قسم خدا کی، حرث اپنی اُونٹنی تک نہیں پہنچا تھا کہ اللہ نے



اُسے آسمان سے پتھر مارا جو اُس کے سر پر لگا اور دُبر سے نکل گیا۔ حرث وہیں مر گیا۔ تو اللہ نے یہ آیت نازل فرمائی:۔

"سَئَلَ سائل بعذاب واقع للکفرین لیس له دافع"

ترجمۂ آیت:۔ ایک مانگنے والے نے عذاب مانگا جو منکروں کے لئے واقع ہونے والا ہے کوئی شخص اُس کو روکنے والا نہیں (نوٹ: یہ آیہ مقدسہ قرآن مجید پارہ ۲۹، رکوع ۶، سورۃ المعارج کی ہے)

**نکتہ** حرث بن نعمان فہری توحید و رسالت کا قائل، نماز پڑھنے والا، روزے رکھنے والا مسلمان تھا جس نے رسُولِ خدا کی صحبت بھی پائی۔ لہٰذا وہ صحابی تھا اور عرب کا رہنے والا تھا، عربی زبان سے واقف تھا اُس نے مولا کا معنیٰ "دوست" نہیں سمجھا۔ اسی لئے کہا کہ آپؐ نے علیؑ کو تمام اِنسانوں پر فضیلت دے دی" اور حضرت رسُولِ خدا

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas



نے بھی اُس کے سمجھے ہوئے معنوں کی تردید نہیں فرمائی بلکہ اللہ کی قسم کھا کر فرما دیا کہ یہ حکم اللہ کی جانب سے ہے" اور تین مرتبہ فرما کر تاکید فرما دی اگر لفظ "مولا" سے مقصودِ پیغمبرؐ محض "دوست" کہنا ہوتا، تو حضورؐ فرما دیتے کہ اے حارث! تو نے مولا کا مفہوم غلط سمجھا، میں نے تو صرف "دوست" کہا تھا لیکن حضورؐ نے ایسا نہیں کیا۔ لہٰذا حدیثِ غدیر میں مولا کا معنی "دوست" ہرگز درست نہیں بلکہ وہی معنٰی درست ہے جس کے مطابق علیؑ کو مولا تسلیم کرنے پر حرث تیار نہ تھا۔ اور منکر ہو کر مبتلائے عذاب ہوا اور ہلاک ہو گیا۔ اللہ ہمیں اس بات سے محفوظ رکھے کہ ہم اُس معنٰی میں علیؑ کو اپنا مولا تسلیم کرنے سے انکار کریں ہم تو صدقِ دل سے اپنے مولا علیؑ کو رسولؐ کے بعد تمام مخلوقات سے افضل، رسولؐ کے وزیر اور خلیفہ اور اپنے امام و ہادی تسلیم کرتے ہیں۔



# خطبۂ غدیر میں الفاظِ "وصی" اور "خلیفہ"

مفتیٔ اعظم اہلِ سنۃ والجماعۃ علّامہ محمد سلیمان حنفی نقشبندی قندوزی بلخی نے اپنی تصنیف ینابیع المودّۃ مطبوعہ اسلامبول جلد اوّل ص۱۱۵ میں لکھا ہے کہ جب رسولِ خدا نے "من کنت مولاہ فھذا علی مولاہ" ارشاد فرمایا تو قرآن مجید کی آیۂ مبارکہ[1] الیوم اکملت لکم دینکم واتممت علیکم نعمتی ورضیت لکم الاسلام دینا[2] نازل ہوئی تب تکمیلِ دین اور اتمامِ نعمت پر خوش

[1] یہ آیت پارہ ۶ سورۃ المائدہ کی ہے [2] ترجمہ آیۂ مبارکہ: "آج میں نے مکمل کر دیا تمہارے لئے تمہارا دین اور تم پر پورا کر دیا اپنی نعمت کو۔ اور میں راضی ہوا کہ اسلام تمہارا دین مانا جائے"

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas



ہوکر، رسولِ خُدا نے "اللہ اکبر" فرمایا۔ تو حضرت سلمان فارسیؓ (صحابیِ رسولؐ) نے کھڑے ہوکر عرض کیا۔ "یا رسول اللہؐ! کیا یہ آیت علیؑ کی شان میں نازل ہوئی ہے؟" حضورؐ نے فرمایا "بیشک علیؑ اور میرے روزِ قیامت تک کے اوصیاءؑ کی شان میں نازل ہوئی ہے۔" (یعنی آیت "الیوم اکملت لکم دینکم" کے مخاطب صرف حضورؐ اور آپ کے اوصیاء ہیں۔ جن پر نعمت کو پورا کیا۔ تو معلوم ہوگیا کہ "صراط الذین انعمت علیہم" سے کون مُراد ہیں) پس حضرت سلمان فارسیؓ نے عرض کیا کہ آپؐ ہمارے لئے انہیں بیان فرما دیجئے (کہ وہ اوصیاء کون ہیں؟) حضورؐ نے فرمایا کہ اُن کا اوّل علیؑ ہے اور وہ میرا بھائی، میرا وصی، میرا وارث اور میرا خلیفہ ہے پھر حسنؑ، پھر حسینؑ اور پھر حسینؑ کی اولاد میں سے نو (اوصیاءؑ) ہوں گے۔"

لفظ وصی کا مزید ثبوت مروج الذہب مسعودی برحاشیہ تاریخ کامل



مطبوعہ مصر جلد ۶ صفحہ ۷۵ اور شواہد النبوۃ مولانا جامی مطبوعہ نولکشور صفحہ ۱۶۴ پر ملاحظہ فرمائیے۔

مندرجہ بالا تمام حوالوں سے ثابت ہوا کہ مقامِ غدیرِ خُم پر رسولؐ نے حضرت علیؑ کو دوست کے معنیٰ میں نہیں بلکہ وصی و خلیفہ کے معنیٰ میں مَولاَ فرما کر دستارِ ولیعہدی باندھی تھی۔ اور حضرت علیؑ سے امام مہدیؑ تک بارہ اوصیاءؑ کی خبر دے دی تھی۔

## اثنا عشر (یعنی ۱۲) خلفاءؑ

حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے اپنے بارہ ۱۲ خلفا کا ذکر کئی مرتبہ فرمایا اور اُنہی کو "ائمہ"، "اُمراء"، "اوصیاء" ارشاد فرمایا جیسا کہ قرآن مجید مع ترجمہ و تفسیر شاہ عبدالقادر محدث دہلوی مطبوعہ تاج کمپنی لمیٹڈ پارہ

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas



۶۔ سُورۃ المائدہ میں ارشادِ پروردگار "وَبَعَثْنَا مِنْهُمُ اثْنَيْ عَشَرَ نَقِيبًا" کی تفسیر حاشیہ پر یُوں مرقوم ہے :۔ ایک عہد اُس اُمّت سے تھا کہ رسُول جو بعد پیدا ہوں اُن کی مدد کرو۔ اُس کے بدل ہم سے یہ ہے کہ خلفاء کی اطاعت کرو۔ یہ مذکورہ بارہ سرداروں کا یہاں فرمایا اسی اشارہ کو کہ حضرتؐ نے بتایا ہے کہ میری اُمّت میں بارہ خلیفہ ہوں گے قوم قریش سے"

عبدالقادر محدّث دہلوی کی تفسیر "موضح القرآن" کی مندرجہ بالا عبارت سے نہ صرف یہ ثابت ہوا کہ رسُولؐ نے خلفاء کی تعداد بارہ بتائی تھی بلکہ یہ بھی ثابت ہو گیا کہ اُن بارہ خلفاء کی اطاعت فرض ہے۔ بارہ خلفاؑ کے متعلق احادیث حسبِ ذیل کُتب میں ملاحظہ فرمائیے :۔

۱۔ تاریخ الخلفاء امام جلال الدین سیُوطی (اُردو) مطبوعہ صدیقی (مطبع



زمیندار) لاہور ص۵ (۲) صحیح بُخاری مترجم مطبُوعہ سعیدی کراچی۔ جلد ۳، کتاب الاحکام ص۶۹۰ حدیث نمبر ۲۰۸۶ باب ۱۱۸۶ (۳) صحیح مُسلم مع شرح نووی (عربی) مطبُوعہ مصر الجزء الثالث کتاب الإمارۃ ص ۱۴۵۲ / ۱۴۵۳ (۴) مشکوٰۃ مترجم مطبوعہ سعیدی کراچی جلد سوم باب مناقب قریش و ذکر القبائل ص۲۲۹ حدیث نمبر ۵۷۲۹ (۵) ترمذی (نور محمد اصح المطابع کراچی والی) مطبُوعہ ایجوکیشنل پریس کراچی جلد دوم ص۱۹ حدیث ۹۰۔

اب فیصلہ طلب امر یہ ہے کہ وُہ بارہ ۱۲ واجب الاطاعت خلفاؑ کونسے ہیں؟ مذہبِ امامیہ کے مطابق وُہ بارہ ۱۲ واجب الاطاعت خلفائے رسُولؐ یہ ہیں :۔

۱۔ حضرت علیؑ ابن ابی طالبؑ (۲) حضرت امام حسنؑ (۳) حضرت امام حسینؑ (۴) حضرت امام زین العابدین علیؑ (۵) حضرت امام محمد باقرؑ۔

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas



(۶) حضرت امام جعفر صادقؑ (۷) حضرت امام موسیٰ کاظمؑ (۸) حضرت امام علی رضاؑ (۹) حضرت امام محمد تقیؑ (۱۰) حضرت امام علی نقیؑ (۱۱) حضرت امام حسن عسکریؑ (۱۲) حضرت امام مہدیؑ۔

مذہب اثنا عشری کا یہ عقیدہ ارشاداتِ رسولؐ کے مطابق ہے جیسا کہ مفتیٔ اعظم اہلِ سنۃ والجماعۃ علامہ محمد سلیمان حنفی کی کتاب ینابیع المودۃ مطبوعہ اسلامبول جلد ۱ صفحہ ۱۱۵ سے حدیثِ غدیر نقل ہوئی لیکن شرح فقہ اکبر علامہ علی قاری حنفی مطبوعہ مجتبائی دہلی کے صفحہ ۸۴ پر "بارہ خلفاء" کی دوسری فہرست لکھی ہوئی ہے جس میں یزید بن معاویہ کو چھٹا "خلیفہ" شمار کیا گیا ہے۔ اسی سلسلہ میں حافظ ابن حجر عسقلانی کی کتاب فتح الباری شرح صحیح بخاری پارہ ۲۹ صفحہ ۷۲ بھی ملاحظہ ہو علاوہ ازیں صحیح بخاری مترجم مطبوعہ سعیدی کراچی جلد ۳ کتاب الفتن صفحہ ۶۲۸ حدیث نمبر ۱۹۸۴ کی مندرجہ ذیل عبارت بھی قابلِ غور ہے:-



"سلیمان بن حرب، حماد بن زید، ایوب، نافع سے روایت کرتے ہیں کہ جب اہلِ مدینہ نے یزید بن معاویہ کی بیعت فسخ کر دی تو ابنِ عمرؓ نے اپنے ساتھیوں اور بچوں کو اکٹھا کیا اور کہا کہ میں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا ہے کہ ہر عہد شکنی کرنے والے کے لئے قیامت کے دن ایک جھنڈا نصب کیا جائے گا، اور ہم اس شخص[1] کی بیعت، خدا اور اس کے رسول کے موافق[2] کر چکے ہیں میں نہیں جانتا کہ اس سے بھی بڑھ کر کوئی بے وفائی ہو سکتی ہے کہ ایک شخص کی بیعت خدا اور اس کے رسول کے موافق کی جائے پھر اس سے جنگ کی جائے میں نہیں جانتا کہ تم میں سے جو شخص اس[3] کو تختِ خلافت سے معزول کرے گا اور اس کی اطاعت سے روگردانی کرے گا

۱؎ یعنی یزید کی ۲؎ معاذ اللہ یعنی یزید کی اطاعت کو، خدا و رسول کی اطاعت سمجھا ۳؎ یعنی یزید کو

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas



توہمارے اور اس کے درمیان جُدائی کا پردہ حائل ہوگا۔

صحیح بخاری کی مندرجہ بالا عبارت اس امر کا واضح ثبوت ہے کہ عبداللہ ابن عُمر نے یزید کی بیعت کی تھی اور عبداللہ مذکور کی نظر میں یزید خلیفۂ برحق تھا (معاذ اللہ) بلکہ وُہ یزید کی بیعت کو خدا و رسول کی بیعت سمجھتے تھے (نعوذ باللہ)

مہتمم دارالعلوم دیوبند حافظ قاری محمد طیب صاحب اپنی کتاب "شہید کربلا اور یزید" مطبوعہ کراچی کے صـ۸۸ پر مقدمۂ ابن خلدون کی عبارت کا ترجمہ یُوں لکھتے ہیں:-

"کہیں تم اِس غلطی میں مت پڑجانا کہ تم اُن لوگوں کو جو حضرت حسینؑ کی رائے کے مخالف تھے اور ان کی مدد کے لئے (عملاً) کھڑے نہیں ہوئے گنہگار کہنے لگو۔ اِس لئے کہ وُہ صحابہ کی اکثریت ہے جو یزید کے ساتھ تھے



اور اس پر خروج جائز نہیں سمجھتے تھے۔"

اور "شہید کربلا اور یزید" کے صـ۸۲ پر یُوں لکھتے ہیں:-

"حضرت حُسینؑ کو باغی کہنے کا منصوبہ اِس خیال پر مبنی ہے کہ یزید خلیفۂ برحق تھا اور اس کی حقانیت کی سب سے بڑی دلیل یہ ظاہر کی گئی ہے کہ صحابہ کی اکثریت نے اس کے ہاتھ پر بیعت کر لی تھی۔"

لیکن شرح فقہ اکبر علامہ علی قاری حنفی کی فہرست میں سے، سوائے حضرت علیؑ کے کسی کو بھی مذہب امامیہ میں خلیفہ تسلیم نہیں کیا جاتا یزید کا تو ذکر ہی کیا؟ لیکن عام طور پر محض بُغض و تعصب کی وجہ سے، مذہب امامیہ کے پیروکاروں کو قاتلانِ حسینؑ کہا جاتا ہے (نعوذ باللہ)

## قاتلانِ حُسینؑ کا مذہب

کوئی جاہل بھی اِس کا انکار نہ کرے گا کہ امام حسینؑ اور اصحاب حسینؑ نے

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas



یزید کی بیعت نہیں کی اور یزید کو ہرگز خلیفہ تسلیم نہیں کیا جب کہ اس کے بالکل برعکس قاتلانِ حسینؑ یزید کو خلیفۂ برحق تسلیم کرتے تھے اور اُس کی بیعت کر چکے تھے۔ یہی وجہ ہے کہ امام حسینؑ کے قاتلوں نے حضرت امام حسینؑ اور اُن کے اصحابِ باوفا کو، بھوکا پیاسا رکھ کر نہایت ظالمانہ طریقوں سے شہید کیا۔ کیونکہ قاتلانِ حسینؑ کی نظر میں امام علیہ السّلام اور ان کے اصحابِ باوفاؑ، معاذ اللہ، خلیفۂ برحق کے باغی تھے لہٰذا قاتلانِ حسینؑ اُسی مذہب کے پیروکار تھے جس میں یزید کو خلیفہ اور امیر المومنین تسلیم کیا جاتا رہا۔ قاتلانِ حسین علیہ السلام کو مذہب امامیہ کے پیروکار کہنا مبنی بر تعصّب و جہالت ہے کیونکہ مذہب امامیہ میں یزید کو خلیفہ تو کجا، مومن ہی تسلیم نہیں کیا جاتا۔ البتّہ علاّمہ علی قاری حنفی نے شرح فقہ اکبر مطبوعہ مجتبائی دہلی صـ۸۸ سطر ۲۲ میں یزید کو ایمان والا تحریر کیا ہے۔



۲۔ یزید کے والد کی فوج حضرت علی مرتضٰیؑ کے خلاف جنگِ صفّین میں ایک مقتول کے قصاص کا مطالبہ کرتی ہوئی لڑی تھی۔ اُس فوج کا مذہب، مذہب امامیہ کے بالکل برعکس تھا کیونکہ وُہ مقتول مذہب امامیہ کا پیشوا نہیں تھا۔ اور نہ ہی اُس "مطالبۂ قصاص" سے مذہب امامیہ کا کوئی تعلق ہے۔ یزید کو تخت نشین ہونے کے بعد اپنے والد کی وُہی صفّین والی فوج ورثہ میں ملی کیونکہ کوئی عقل مند انسان یہ تسلیم نہیں کرے گا کہ یزید کے والد کی وفات کے ساتھ ہی ساری فوج بھی مرگئی تھی۔ لہٰذا یہ ایک ناقابلِ انکار حقیقت ہے کہ یزید اپنے والد کے اُسی لشکرِ صفّین کا وارث ہُوا جس کا مذہب "مطالبۂ قصاص" تھا۔ اُسی فوج نے میدانِ کربلا میں نواسۂ رسولؐ کا خون بہایا۔ اُس فوج کا مذہب ظاہر ہے۔

۳۔ لشکرِ یزید کا مذہب "مطالبۂ قصاص" کے عین مطابق تھا جیسا کہ تاریخ ...

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas



والملوک ابن جریر طبری مع فرانسیسی ترجمہ (مطبوعہ ای ۔ جے برل) جلد ۲ (ا) صفحہ ۳۴۲ سطر ۵ تا ۸ میں ہے کہ اصحابِ حسینؑ میں سے نافع بن ہلال ؓ میدانِ جنگ میں نکلے اور یہ رجز پڑھا "میں جملی ہوں اور میں علیؑ کے دین پر ہوں" تو اُن کا مقابلہ کرنے کے لئے لشکرِ یزید سے مزاحم بن حریث نکلا۔ اُس نے کہا کہ میں ...۳... کے دین پر ہوں"۔ یہ سن کر حضرت نافع بن ہلال ؓ نے فرمایا۔ "تو شیطان کے دین پر ہے"۔ پھر مزاحم پر حملہ کیا اور اُسے قتل کر دیا۔

نوٹ طبری کی اِس عبارت سے بھی لشکرِ یزید کا مذہب نمایاں ہو جاتا ہے

۱؎ اختصار کے پیشِ نظر طبری کی عربی عبارت چھوڑ کر مفہوم لکھا گیا۔ ۲؎ رجز کے الفاظ "انا الجملی وانا علیٰ دین علیؑ" ہیں۔ ۳؎ یہاں طبری کی عبارت میں ایک ایسے شخص کا نام ہے جس کا عقیدت مند شخص مذہب امامیہ کا پیروکار ہرگز نہیں ہو سکتا میں نام نہیں لکھ سکتا طبری دیکھیے (محمد علی)



بلکہ مزاحم بن حریث کے پیشوائے دین کے خلاف اصحابِ حسینؑ کا مذہب بھی معلوم ہو جاتا ہے۔

## عبید اللہ بن زیاد کا مذہب

تاریخ الرسل والملوک ابن جریر طبری مع فرانسیسی ترجمہ[1] جلد ۲ (ا) صفحہ ۳۱۱ سطر ۱۸ تا صفحہ ۳۱۲ سطر ۲ کی عبارت یُوں ہے:۔

"جاء من عبید اللہ بن زیاد کتاب الی عمر بن سعد اما بعد فحل بین الحسین واصحابہ وبین الماء ولا یذوقوا منہ قطرۃ کما صنع بالتقی الزکی المظلوم امیر المومنین ...۲... بن ...۳...

۱؎ مطبوعہ ای جے برل ۔ ۲؎ ، ۳؎ ۔ یہاں طبری کی عبارت میں ایک شخص کا نام اور اُس کے والد کا نام حقیقین کے "مطالبۂ قصاص" کے مطابق ہے طبری ہی میں دیکھیے ۔ رواداری ملحوظ ہے اس لئے میں نہیں لکھ سکتا (محمد علی)

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas
jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas



ترجمہ:۔ "عبیداللہ بن زیاد کی جانب سے عمر بن سعد کے پاس تحریری حکم پہنچا کہ "اما بعد حسینؑ و اصحابِ حسینؑ، اور پانی کے درمیان حائل ہو اور وہ اُس میں سے ایک قطرہ بھی پینے نہ پائیں جیسا کہ تقی، زکی، مظلوم امیر المومنین... ...بن...... سے کیا گیا تھا۔"

نوٹ:۔ عبیداللہ بن زیاد اُس کا عقیدتمند تھا جس کو "تقی، زکی، مظلوم، امیر المومنین" کہا لیکن مذہبِ امامیہ کی رُو سے وہ شخص تقی، زکی، مظلوم اور امیر المومنین ہرگز نہیں بلکہ ایسا شخص تھا کہ اُس کا عقیدتمند مذہبِ امامیہ کا پیرو کار ہرگز نہیں ہو سکتا۔ یہ بات طبری میں نام پڑھ کر معلوم ہو جاتی ہے۔

## شمر کا مذہب

جب لشکرِ یزید، سرِ امام حسینؑ لے کر دمشق پہنچا تو یزید کے سامنے شمر نے جو تقریر کی اُسے علامہ دمیری نے حیات الحیوان جلد اوّل صفحہ ۱۰۶ میں یوں لکھا ہے:۔



"ثم تکلم شمر ابن ذی الجوشن فقال یا امیر المومنین ورد علینا ھذا یعنی الحسینؑ فی ثمانیہ عشر رجلاً فی اھلبیتہ و ستین رجلا من شیعتہ فسرنا الیھم و سئلنا ھم النزول علیٰ حکم امیرنا عبیداللہ بن زیاد او القتال فاختار و القتال"۔

یعنی "پھر شمر بولا، پس کہنے لگا: "اے امیر المومنین[1] یہ یعنی حسینؑ ہم پر وارد ہوا اس کے ہمراہ اٹھارہ ۱۸ مرد اس کے گھر والوں میں سے اور ساٹھ مرد اس کے شیعہ تھے پس ہم ان کی طرف پہنچے اور ہم نے اُن سے کہا کہ یا تو ہمارے امیر عبیداللہ بن زیاد کے حکم پر جھک جائیں یعنی بیعت کرلیں یا جنگ کرلیں۔ پس انہوں نے جنگ کو اختیار کیا۔"

---

۱؎ شمر نے یزید کو امیر المومنین کہا (معاذ اللہ)

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas



**نکتہ ۱** مذہبِ امامیہ کی رُو سے حضرت علیؑ کے سوائے کوئی بھی امیرالمؤمنین نہیں۔ یہاں تک کہ ائمۂ اہلبیتؑ میں سے کوئی اَور امام بھی امیرالمؤمنین نہیں ہے لیکن شمر تو یزید کو "امیرالمؤمنین" تسلیم کرتا تھا۔ لہٰذا شمر کا مذہبِ امامیہ سے کوئی تعلق نہ تھا بلکہ وُہ اس مذہب کا پیروکار تھا، جس میں یزید کو خلیفہ اَور امیرالمؤمنین، مانا جاتا رہا ہے۔ مذہبِ امامیہ کی رُو سے تو یزید مومن ہی نہیں تھا البتہ علّامہ علی قاری حنفی کی کتاب شرح فقہ اکبر مطبوعہ مجتبائی دہلی ص۸۸ سطر ۲۲ میں اُسے ایمان والا تسلیم کیا گیا ہے دیکھیئے الفاظ "ولا یخفی انّ ایمان یزید محقق" شرح فقہ اکبر میں موجود ہیں۔

**نکتہ ۲** شمر کی تقریر میں "ستین رجلاً من شیعتنا" کے الفاظ اِس امر کی دلیل ہیں کہ اصحابِ حسینؑ، اِمامِ مظلومؑ کے شیعہ تھے۔



## عُمر بن سعد کون تھا

غیر شیعہ حضرات کی روایت کے مُطابق حضورؐ نے دس آدمیوں کو جنّت کی بشارت دی تھی۔ اُن دس صحابیوں کو غیر شیعہ حضرات "عشرۂ مبشّرہ" کہتے ہیں۔ اِس "عشرۂ مبشّرہ" میں سے ایک صحابی سعد بن ابی وقاص تھے۔ اُنہی کا بیٹا عُمر بن سعد تھا۔ جو واقعۂ کربلا میں لشکرِ یزید کا کمانڈر اِن چیف تھا۔

شمس العلماء علّامہ شبلی نعمانی نے "الفارُوق" مطبوعہ تاج کمپنی لمیٹڈ حِصّۂ دوم کے ص۳۲-۳۳ پر گورنروں کی فہرست لکھی ہے [1] اُس میں حمص کا گورنر عمر بن سعد کو لکھا ہے۔ اَور کیفیّت کے خانے میں اِس بات کی وضاحت بھی کی ہے کہ حضرت ..... [2] اُنکی بہت عزّت کرتے تھے۔

---

[1] "الفارُوق" شبلی نعمانی دیکھیے۔ [2] "الفارُوق" میں اِس جگہ ایک نام لکھا ہوا ہے۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas



(نوٹ:۔ علامہ شبلی نعمانی نے انکی "لفظ غالباً احتراماً ہی لکھا ہے)

**نکتہ** عمر بن سعد جن کا مقرر کردہ گورنر تھا اُنہیں خلیفہ بھی تسلیم کرتا تھا اور وُہ بھی عمر بن سعد کی عزت کرتے تھے۔ لہٰذا عمر بن سعد کا مذہب ظاہر ہے کیونکہ عمر بن سعد کے "خلیفہ" کا مذہب امامیہ سے کوئی تعلق نہیں۔

# شِمر کس مذہب کا راوی ہے

۱۔ علامہ عبد الغنی البحرانی الشافعی کی کتاب "قرۃ العینین فی ضبط اسماء رجال الصحیحین" مطبوعہ دائرۃ المعارف حیدرآباد دکن صہ۲ میں مقصد کتاب یہ لکھا ہے کہ صحیح بُخاری و مُسلم کے راویوں کے ناموں کی توضیح کی جائے۔ پھر صہ۳۵ پر ایک راوی کے نام کی توضیح یُوں کی ہے:۔

"شمر بکسر الشین وسکون المیم آخرہ راء وزنہ شبر"



یعنی شِمْر (یُوں پڑھا جائے گا) شین کے نیچے زیر اور میم ساکن اور آخر میں رے (ر) وزن اُس کا شِبر ہے۔

شاید کوئی شخص شبہ کرے کہ "یہ قاتلِ امامؑ نہیں بلکہ کوئی اور شمر ہے" اِس لئے شبہ رفع کرنے کے لئے حسب ذیل ثبوت پیش کئے جاتے ہیں:۔

۲۔ تجرید اسماء الصحابہ مصنفہ ابن الاثیر الجزری مطبوعہ دائرۃ المعارف حیدرآباد دکن جلد اوّل صہ۱۸۰ ترجمہ نمبر ۱۶۴۳ میں شِمر کے باپ ذوالجوشن کے متعلق یُوں لکھا ہے "ولہ حدیث فی کتاب الحیل روی عنہ ابنہ شمر" یعنی ذوالجوشن کی ایک حدیث کتاب الحیل[1] میں ہے۔ جسے اُس کے بیٹے شِمر نے روایت کیا ہے۔

۳۔ "میزان الاعتدال فی نقد الرجال" علامہ ذہبی مطبوعہ مطبعۃ السعادہ مصر

[1] کتاب الحیل، یہ صحیح بُخاری ہی میں ہے۔

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas



جلد اوّل حرف الشین ص۴۴۹ ترجمہ نمبر ۳۶۸۶ میں یُوں لکھا ہے :۔

"شمر بن ذی الجوشن أبو السابقة الضبابي عن ابیه و عنه ابو اسحاق السبيعي ليس بأهل للرواية فانه احد قتلة الحسين وقد قتله أعوان المختار" یعنی شمر بن ذی الجوشن ابوسابقہ (کنیت) ضبابی اپنے باپ سے روایت کرتا ہے اور شمر سے ابُو اسحاق سبیعی روایت کرتا ہے (حالانکہ شمر) روایت کا اہل نہیں تھا پس تحقیق وُہ قاتلانِ حسینؑ میں سے تھا اور اُس کو مختار کے مددگاروں نے قتل کیا۔

نوٹ :۔ اگرچہ علاّمہ ذہبی کے نزدیک شمر اِس قابل نہیں تھا کہ روایت کرے لیکن غیر شیعہ حضرات جس کتاب کو قرآن مجید کے بعد سب سے زیادہ صحیح کتاب سمجھتے ہیں۔ وُہ صحیح بخاری ہے جس میں محمد بن اسمٰعیل بخاری



نے شمر کی روایت کو صحیح تسلیم کر کے نقل کیا۔

بہرحال اِن حوالوں کو تحریر کرنے کا مقصد محض یہ ہے کہ امام حسینؑ کے قاتل یزیدیوں کا مذہب ہرگز امامیہ نہ تھا بلکہ قاتلانِ حسینؑ، مذہب امامیہ کے برعکس "مطالبۂ قصاص" کے موافق مذہب رکھتے ہوئے اُن لوگوں کو خلیفہ سمجھتے تھے جنہیں مذہبِ امامیہ میں ہرگز خلیفہ تسلیم نہیں کیا جاتا۔ یہاں تک کہ قاتلانِ حسینؑ کی نظر میں یزید بھی خلیفہ اور امیر المومنین تھا (معاذ اللہ)

## مذہبِ اہلِ کوفہ

بعض لوگ اہلِ کوفہ کی اکثریت کو مذہبِ امامیہ کی پیروکار قرار دینے کے لئے محض یہ دلیل پیش کر دیتے ہیں کہ کوفہ کو حضرت علیؑ نے دارالسلطنت بنا کر وہاں کافی عرصہ قیام فرمایا لیکن ہم پوچھتے ہیں کہ کیا حضرت علیؑ کوفہ میں

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas



مذہب امامیہ کی تبلیغ فرماتے تھے؟ اگر کہا جائے "ہاں"۔ تو مذہبِ امامیہ کی حقانیت ثابت ہو جائے گی۔ اور اگر کہا جائے "نہیں"، تو یہ بات کیونکر تسلیم کی جا سکتی ہے کہ حضرت علیؑ کوفہ میں تبلیغ تو دوسرے مذہب کی فرمائیں، اور پھیلایا جائے مذہبِ امامیہ؟ آخر حضرت علیؑ کے قیامِ کوفہ کی وجہ سے اکثریتِ اہلِ کوفہ کا مذہب امامیہ کیسے قرار دیا جائے گا؟

کوفہ کی بنیاد حضرت ...[۱]... نے رکھی دیکھئے "الفاروق" شبلی نعمانی شائع کردہ سجاد پبلیکیشنز لاہور ص۳۲۴۔ اور بانیٔ کوفہ حضرت ...[۲]... نے ہی کوفہ کی تعریف کی اور اسے "راسِ اسلام" (یعنی اسلام کا سر) کہا۔ دیکھئے "الفاروق" (سجاد پبلیکیشنز والی) ص۳۲۶۔ جس شہر کی بنیاد رکھنے والے کا مذہبِ امامیہ سے کوئی تعلق نہ ہو اور اس کی تعریف کرنے والے

---

۱ نام "الفاروق" میں دیکھئے ۲ وہی نام



گالی دیتے تھے اور یہ فعل منبروں پر اور اس کے علاوہ بھی علانیہ کرتے تھے"

یعنی ایک شیعہ تو وہ تھے جنہوں نے حضرت علیؑ کو خلیفۂ بلافصل تو کجا، چوتھا خلیفہ بھی تسلیم نہیں کیا تھا وہ ایک مقتول کے شیعہ کہلاتے تھے۔ اور حضرت علیؑ کو گالیاں دیتے تھے۔

دوسری طرف، حضرت علیؑ کو خلیفہ تسلیم کر کے شامی حکومت کے خلاف لڑنے والے لوگ تھے جو اُس مقتول کے شامی شیعوں کے مقابلہ پر شیعانِ علیؑ کہلاتے تھے لیکن اُن میں دو مختلف عقیدوں کے لوگ تھے۔ ایک وہ تھے جو حضرت علیؑ کو چوتھے غیر معصوم خلیفہ سمجھتے تھے۔ دوسرے وہ تھے جو حضرت علیؑ کو رسولؐ کے معصوم خلیفۂ اوّل تسلیم کرتے تھے۔ اِن دونوں میں سے پہلی قسم کے لوگ اگرچہ شامی حکومت کے خلاف ہونے کی وجہ سے شیعانِ علیؑ کہلاتے تھے لیکن اُن کا مذہب

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas



اِمامیہ نہیں تھا کیونکہ وُہ حضرت علیؑ کو غیر معصوم چوتھا خلیفہ تسلیم کرتے اور حضرت علیؑ سے (معاذ اللہ) غلطی صادر ہونے کو ممکن سمجھتے تھے اَور یہی لوگ اکثریّت میں تھے جس کا ثبوت یہ ہے کہ جب لشکرِ شام نے جنگِ صفّین میں خوفناک شکست سے بچنے کے لئے قرآن مجید کو بلند کیا اَور حضرت علیؑ نے اپنے لشکروالوں کو حکم دیا کہ جنگ بند نہ کریں۔ تو حضرت علیؑ کو معصوم اِمام تسلیم کرنے والے کم تعداد کے لوگ لڑتے رہے لیکن حضرت علیؑ کو غیر معصوم سمجھنے والوں نے حکمِ امام علیہ السّلام کو (معاذ اللہ) غیر صحیح سمجھا اَور لڑائی بند کر کے حضرت علیؑ پر زور دیا کہ جو لوگ لڑ رہے ہیں اُنہیں واپس بُلا لیا جائے۔ ظاہر ہے کہ اُن کا مذہب امامیہ ہرگز نہ تھا! اَور وہی اکثریّت میں تھے ورنہ حضرت علیؑ لڑائی بند کرنے پر مجبور نہ ہوتے۔ مذہبِ شیعہ کی بعض کتابوں میں حضرت علیؑ



اور امام حسنؑ نے اُنہی لوگوں کی نافرمانی پر اظہارِ افسوس کیا ہے۔ اگرچہ یہ لوگ شامیوں کے برخلاف امتیاز کے لئے شیعیانِ علیؑ تو کہلاتے تھے۔ لیکن اعتقاداً یہ لوگ اُس مقتول کے معتقدین تھے جس کے شیعہ حکومتِ شام کی متابعت کرنے والے لوگ تھے۔ پھر جب امام حسنؑ نے حکومت چھوڑ دی۔ تو یہی حضرت علیؑ کو غیر معصوم خلیفہ سمجھنے والے کوفہ کے لوگ اور اہلِ شام ایک جماعت ہو گئے اِسی لئے حاکمِ شام نے اُس برس کا نام "عام الجماعۃ" رکھا۔ دیکھئے تاریخ الخلفاء جلال الدین سیوطی (عربی) مطبوعہ مطبع سرکاری لاہور ۱۸۷۰ء ص ۱۹۴ سطر ۲۱ اور منہاج السنۃ النبویہ ابن تیمیہ مطبوعہ مطبعۃ الکبریٰ الامیریہ بولاق مصر الجزء الثانی ص ۲۲۵ سطر ۲۴۔ اور اس کے بعد شیعیانِ علیؑ کہلانے والے وہی لوگ رہ گئے جو مذہبِ امامیہ کے مطابق علیؑ کو رسولؐ کے خلیفہ بلافصل اور امام معصوم

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas



تسلیم کرتے تھے اُن کو زیاد بن سمیّہ نے قتل کر دیا۔ نتیجہ یہ کہ واقعۂ کربلا سے پہلے ہی شیعیانِ علیؑ بہت کم رہ گئے تھے۔ پھر یہ کہنا کہ واقعۂ کربلا کے وقت کُوفہ میں شیعیانِ علیؑ کی اکثریت تھی۔ قطعاً غلط ہے۔

# ایمانِ حضرتِ ابُوطالبؑ

ہمارا دعویٰ ہے کہ کسی بھی معتبر کتاب سے ثابت نہیں ہے کہ حضرت ابُوطالبؑ نے (معاذ اللہ) کبھی بُت پرستی کی ہو۔ کسی شخص نے کبھی ابُوطالبؑ کو بُت پُوجتے ہوئے دیکھنے کی گواہی نہیں دی۔ بلکہ حضرت ابُوطالبؑ نے کبھی کسی بُت کی تعریف نہیں کی۔ پھر یہ خیال کرنا کہ رسولؐ کے اعلانِ نبوّت سے پہلے حضرت ابُوطالبؑ (معاذ اللہ) بُت پرستی والے مذہب پر تھے، قطعاً غلط ہے جب کہ حضرت ابُوطالبؑ نے رسُولِ خداؐ

jabir.abbas@yahoo.com



ایسے لوگ ہوں۔ اور پھر کُوفہ میں نہ تو خود بانیٔ کُوفہ نے مذہبِ امامیہ کی تبلیغ کروائی۔ نہ ہی حضرت علیؑ سے پہلے والی حکومت نے کُوفہ میں مذہبِ امامیہ کی تبلیغ کی۔ اور نہ ہی غیر شیعہ حضرات اس بات کو قبول کر سکتے ہیں کہ کوفہ میں حضرت علیؑ مذہبِ امامیہ ہی کی تبلیغ فرماتے تھے۔ پھر یہ کہنا کہ شہادتِ حسینؑ کے وقت کُوفہ میں مذہبِ شیعہ امامیہ کے پیروکاروں کی "اکثریت تھی" کیونکر درست ہوگا؟

حقیقت یہ ہے کہ کُوفہ میں مذہبِ امامیہ کے پیروکار عہدِ حکومتِ مولا علیؑ میں بھی بہت کم تھے۔ پھر جب امام حسنؑ نے خونریزی سے نفرت فرماتے ہوئے حکومت چھوڑ دی تو کُوفہ پر شامی حکومت قابض ہوگئی۔ اور شرائطِ صُلح میں مُحبّانِ علیؑ کی حفاظت کا وعدہ کیا گیا تھا لیکن شامی حکومت کے گورنر کُوفہ زیاد بن سمیّہ نے شیعیانِ علیؑ کو چُن چُن کر قتل کیا۔ یہاں تک کہ

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas



کوفہ میں گنتی کے چند افراد مذہبِ امامیہ کے پیروکاروں میں سے باقی رہ گئے جیسا کہ تاریخ الرسل والملوک طبری مطبوعہ مع فرانسیسی ترجمہ (ای ۔ جے برل) جلد ۲ (۱) صفحہ ۲۴۵ میں ہے کہ جب عبیداللہ ابن زیاد کو حضرت مُسلم ابنِ عقیل کے متعلق یہ معلوم ہوا کہ حضرتِ ہانی بن عروہؓ کے گھر میں پناہ گزین ہیں تو ابنِ زیاد نے ہانیؓ کو بُلا کر یوں گفتگو کی :-

"فقال عبیداللہ یاھانیؑ أما تعلم ان ابی قدم ھذا البلد فلم یترک أحداً من ھذہ الشیعۃ الاّ قتلہ غیرا بیک وغیر حُجرٍ وکان من حُجرٍ ما قد علمت"۔

ترجمہ :- پس عبیداللہ (ابن زیاد) نے کہا "اَے ہانی کیا تُو نہیں جانتا کہ میرا باپ اِس شہر میں وارد ہوا تو اُس نے اِن شیعوں میں سے کِسی کو بھی قتل کئے بغیر نہیں چھوڑا تھا سوائے تیرے باپ (یعنی عُروہ) اَور حُجر



(ابنِ عدی ابن حاتم طائی) کے اَور حُجر کا جو حال ہوا وہ بھی تُو جانتا ہے"۔

ظاہر ہے کہ زیاد بن سمیّہ کے اِن مظالم اَور قتل و غارت کے بعد کوفہ میں مذہبِ شیعہ امامیہ کے پیروکار چند افراد ہی رہ گئے تھے اور اُس کے بعد واقعۂ کربلا تک کُوفہ پر بنوامیّہ ہی کی سلطنت رہی لہٰذا یہ قطعاً ممکن ہی نہیں کہ واقعۂ کربلا کے وقت کُوفہ میں مذہبِ امامیہ کے پیروکاروں کی اکثریّت ثابت ہو سکے۔

## تین قِسم کے شیعہ

آج کل تو صِرف اُنہی لوگوں کو "شیعہ" کہا جاتا ہے جو حضرت علیؑ کو رسُولؐ کے خلیفۂ بلافصل تسلیم کرتے ہیں لیکن حضرت علیؑ کی حکومت کے زمانہ میں تین قسم کے شیعہ تھے یعنی جب گورنرِ شام نے مرکز سے علیحدہ ہو کر شام

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas



میں الگ حکومت قائم کرلی اَور "مطالبۂ قصاص" اُٹھایا۔ تو جنگِ صفّین ہوئی
پس جن لوگوں نے حکومتِ شام کی متابعت میں حضرت علیؑ کے خلاف جنگِ
صفّین لڑی اَور "مطالبۂ قصاص" کیا اُنہوں نے حضرت علیؑ کی بیعت کی
ہی نہیں یعنی خلیفہ تسلیم ہی نہیں کیا۔ وُہ شامی گروہ کے لوگ ایک
مقتول کے شیعہ کہلاتے تھے جیسا کہ اِمامِ اہلِ سنّۃ والجماعۃ ابنِ تیمیہ اپنی
کتاب منہاج السنۃ مطبوعہ مصر جلد ۲ ص۱۷۸ میں لکھتے ہیں:۔

"وقد کان من شیعۃ ...۱... من یسبّ علیاً و یجہر
بذالک علی المنابر و غیرھا"

ترجمہ:۔ "اَور ...۲... کے شیعہ تھے جو حضرت علیؑ کو (معاذ اللہ)

---

۱؎ منہاج السنۃ کی عبارت میں اِس مقام پر ایک نام موجود ہے وہیں دیکھ لیا جائے۔ ۲؎ یہاں ترجمہ میں بھی وہی نام سمجھ لیا جائے۔



"در روایتِ ابنِ اسحٰق آمدہ کہ وی اِسلام آورد نزدیک بوقتِ موت
و گفتہ کہ چون قریب شد موت وی نظر کرد بسوی وی و دید کہ می جنبانید لبہائے
خود را پس گوش نہاد عبّاس بسوی او و گفت با نحضرتؐ یا ابن اخی واللہ تحقیق
گفت برادرِ من کلمہ را کہ امر کردی تو او را بدان کلمہ"

ترجمہ:۔ روایتِ ابنِ اسحاق میں آیا ہے کہ وُہ (یعنی حضرت ابوطالبؑ)
وقتِ وفات کے نزدیک اِسلام لائے، اَور (ابنِ اسحٰق نے) کہا کہ جب
اُن کی (یعنی ابوطالبؑ کی) موت قریب ہوئی تو عبّاسؓ نے ان کی طرف نظر کی
اَور دیکھا کہ اپنے ہونٹوں کو ہلاتے ہیں۔ پس عبّاسؓ نے اپنا کان حضرت
ابوطالبؑ کے نزدیک کیا اَور آنحضرتؐ سے کہنے لگے "اَے بھتیجے! قسم خدا کی
بتحقیق میرے بھائی نے وُہی کلمہ کہا جس کلمہ کا آپؐ نے اُن کو حکم دیا تھا"

۱؎۔ شرح نہج البلاغہ ابن ابی الحدید معتزلی مطبوعہ دار الکتب العربیۃ الکبریٰ

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas



مصر المجلد الثالث ص ۲۳ سطر ۲ میں یوں مرقوم ہے:-

"عن أبي بكر بن أبي قحافة ان أبا طالب ما مات حتى قال لا اله الا الله محمد رسول الله" یعنی حضرت ابوبکر بن ابو قحافہ سے روایت ہے کہ ابوطالبؑ نے کلمہ لا اِلٰہ الا اللہ محمدؐ رسول اللہ پڑھے بغیر وفات نہیں پائی۔

نوٹ:- شیخ عبدالحق محدث دہلوی اہل سنت والجماعت کے ایسے عالم و محدث تھے کہ اُن کو علامہ احمد رضا خان بریلوی نے "شیخ الشیوخ علماء الہند، شیخِ محقق اور رسولِ خدا کی برکت" قرار دیا ہے۔ دیکھئے کتاب ہذا ثبوتِ ماتم میں عنوان "مقامِ شیخ عبدالحق محدث دہلوی" ہے۔ علامہ ابن ابی الحدید معتزلی تو اُن کا عقیدہ خلافت وہی تھا جو حضرات اہل سنت والجماعت کا ہے۔ علامہ معتزلی کا مذہب امامیہ سے کوئی تعلق نہ تھا۔ لہٰذا مذہب اہل سنت والجماعت کی رُو



سے بھی حضرت ابوطالبؑ مسلمان تھے۔

**نکتہ** سچے مسلمان کی یہ خواہش ہوتی ہے کہ مرتے وقت میری زبان پر کلمہ شہادت ہو۔ اگر کوئی مسلمان بوقتِ وفات کلمہ شہادت پڑھے تو اس کا یہ مطلب نہیں ہوتا کہ وہ اُسی وقت مسلمان ہوا ہے حضرت ابوطالبؑ پہلے ہی سے مسلم مومن تھے۔ انہوں نے بھی وقتِ وفات اسی طرح کلمہ شہادت پڑھا جس طرح مومن مسلمان مرتے وقت پڑھتے ہیں۔ وقتِ وفات حضرت ابوطالبؑ نے کلمہ پہلی مرتبہ نہیں پڑھا تھا لیکن عباسؓ کو اسلامِ ابوطالبؑ کا علم اُسی وقت ہوا تھا اس لئے وہ یہ سمجھے کہ اب اسلام لائے لیکن حضورؐ کو بخوبی علم تھا کہ حضرت ابوطالبؑ پہلے بھی مومن ہی تھے۔ پھر حضورؐ نے کلمہ پڑھنے کو جو کہا تھا اُس کا مقصد محض یہ تھا کہ آخری وقت کلمہ شہادت کا ذکر چاہیئے جس طرح ہم لوگ بھی اپنے قریب المرگ عزیزوں کو کلمہ

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas



پڑھنے کے لئے کہتے ہیں۔

# اقرارِ نبوّت ورسالت

حضرت ابُوطالبؑ دینِ ابراہیمیؑ پر ہونے کی وجہ سے، اعلانِ نبوّتِ رسالتمآبؐ سے پہلے بھی لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰه کے قائل یعنی موحّد تو تھے ہی، پھر اعلانِ نبوّت کے بعد اقرارِ نبوّت و رسالتؐ بھی فرمالیا جس کو اشعار کے ذریعے بھی ظاہر کیا۔

۴ "السیرۃ النبویۃ" (یعنی سیرۃ ابنِ ہشام) مطبوعہ مطبعۃ مصطفیٰ البابی الحلبی واولادہ مصر الجزء الاوّل ص۳۷۷ سطر ۵ میں ہے کہ حضرت ابُوطالبؑ نے قریش کو مخاطب کرکے یہ شعر پڑھا:-

أَلَمْ تَعْلَمُوا أَنَّا وَجَدْنَا مُحَمَّدًا ... نَبِيًّا كَمُوسَىٰ خُطَّ فِي أَوَّلِ الْكُتُبِ

اور حضرتِ خدیجہؑ کے نکاح کا خطبہ پڑھا اور اُس خطبۂ نکاح میں حضرت ابراہیمؑ اور حضرت اسمٰعیلؑ کا ذکرِ خیر نمایاں طور سے کیا۔ ثبوت کے لئے سیرۃ حلبیہ مطبوعہ مطبعۃ الازہریہ مصر ۱۳۲۰ھ الجزء الاوّل ص۱۵۴ ملاحظہ فرمائیے۔ اگر معاذ اللّٰہ بُت پرست ہوتے تو بُتوں کا ذکر کرتے۔

حضرت رسولِ خداؐ کے والدِ ماجد حضرتِ عبداللّٰہؑ اور حضرت علیؑ کے والد حضرت ابُوطالبؑ دونوں لائقِ صد احترام بزرگ نورِ محمّدیؐ کے حامل تھے کیونکہ اللّٰہ نے جو نورِ محمّدیؐ سب سے پہلے پیدا کیا تھا حضرت علیؑ بھی

۱ نورِ محمّدیؐ کا ثبوت اہلِ حدیث کے علّامہ وحید الزمان حیدرآبادی کی کتاب ہدیۃ المہدی مطبوعہ میور پریس دہلی ص۵۶، اور دیوبندیوں کے علّامہ اشرف علی تھانوی کی کتاب نشر الطیب فی ذکر النبی الحبیبؐ ص۱۶ میں دیکھئے (۲) حدیث "اوّل ماخلق اللّٰہ نوری" مدارج النبوۃ مصنفہ شیخ عبدالحق محدث دہلوی کے ص۲ پر موجود ہے۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ب طبری

کہ

یں ہوں اور

ں الامۃ" مصنفہ علامہ سبط ابن

علامہ سلیمان حنفی میں بھی موجود ہے۔ ظاہر ہے کہ

ایک جز صُلبِ حضرتِ عبداللہؑ میں رہا۔ اور اُسی نُور کا دوسرا
جز صُلبِ حضرتِ ابُوطالبؑ میں رہا۔ لہٰذا حضرتِ عبداللہؑ اور حضرت ابُوطالبؑ
دونوں کو حاملانِ نُورِ محمدیؐ ہونے کی وجہ سے، اللہ نے کفر و شرک و غیرہ سے
پاک و منزہ رکھا۔ کیونکہ اللہ کی مخلوقات میں سے نُورِ محمدیؐ سب سے افضل اور
سب سے زیادہ طاہر مخلوق ہے اِس لئے اللہ نے اُس پاک نُور کو کبھی کسی



مُشرِک و کافر کے نجس صُلب میں منتقل نہیں کیا بلکہ ہمیشہ پاک صُلبوں اور ارحامِ
طاہرہ میں منتقل فرماتا رہا۔ دیکھئے "شمُولِ اسلام" مصنفہ علامہ احمد رضا خاں
بریلوی شائع کردہ نُوری کُتب خانہ بازار داتا صاحبؒ لاہور اور "مدارج النبوۃ"
مصنفہ شیخ عبدالحق محدّث دہلوی مطبوعہ ناصری شاہدرہ (نزد دہلی) جلد دوم
صـ۶۲۔ لہٰذا جس طرح حضرتِ عبداللہؑ حامل نورِ محمدیؐ (والدِ رسُولؐ) ہونے
کی وجہ سے کفر و شرک وغیرہ سے قطعاً پاک و منزہ رہے اور دینِ ابراہیمؑ پر
تھے، اُسی طرح حضرتِ ابُوطالبؑ حاملِ نُورِ محمدیؐ (والدِ علیؑ) ہونے کی وجہ
سے بت پرستی کفر و شرک سے قطعاً محفوظ و منزہ رہے یعنی رسُولؐ کے اعلانِ
نبوّت سے پہلے حضرت ابُوطالبؑ دینِ ابراہیمؑ و اسمٰعیلؑ پر قائم، ابراہیمی
مسلمان اور موحّد تھے یعنی شروع سے ہی "لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہ" کے قائل تھے
پھر جب اعلانِ رسالتؐ ہوا تو حضرت ابُوطالبؑ نے نبوّت و رسالتِ مصطفٰےؐ

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas



کا اقرار بھی کر لیا۔ لیکن غیر شیعہ حضرات کہتے ہیں کہ اُنہوں نے (معاذ اللہ) مرتے وقت بھی کلمہ نہیں پڑھا۔ حالانکہ اُنہی کی کتابوں سے اِس غلط دعویٰ کی تردید ہوتی ہے جیسا کہ "مدارج النبوۃ" مطبوعہ ناصری جلد دوم صہ۳۲ سطر ۱۹-۲۰ میں شیخ عبدالحق محدث حنفی دہلوی یُوں لکھتے ہیں:- "و نیز می آرند کہ عباس سرِ خود را نزد او برد و شنید از وی کلمۂ شہادت و بحضرت رسانید پس گفت اسلم عمک یا رسول اللہ پس خوشحال شد آنحضرتؐ" یعنی "یہ بھی روایت ہے کہ عباسؓ اپنے سر کو اُن (ابُوطالبؑ) کے نزدیک لے گئے اور اُن سے کلمۂ شہادت سُنا اور حضورؐ تک پہنچا دیا۔ پھر کہنے لگے "آپؐ کے چچا مُسلمان ہُوئے یا رسُول اللہؐ!" تو حضورؐ خوش ہوئے۔"

۲۔ "مدارج النبوۃ" مطبوعہ مذکورہ جلد دوم صہ۴۲ سطر ۲ تا ۵ میں حضرت ابُوطالبؑ کے متعلق یُوں مرقوم ہے:-



کیا "الرسول"، "رسول الملیک" اور "رسول الالٰہ" کے الفاظ اقرارِ رسالت نہیں؟ ثابت ہُوا کہ حضرت ابُوطالبؑ، محمد مصطفٰےؐ کو نبی اور رسُولِ خُدا تسلیم کرتے تھے اور پہلے ہی مسلمان مومن تھے اِسی لئے محنت کے ساتھ اشعار تیار کر کے نبوّت و رسالتِ محمدیہؐ کی تبلیغ فرماتے تھے۔

۹۔ شرح نہج البلاغہ المجلّد الثالث صہ۳۱۵ سطر ۳ میں یُوں مرقوم ہے:-

"ومن شعر أبي طالب يخاطب أخاه حمزة وكان يكنى أبا يعلى

| | |
|---|---|
| نصبراً أبا يعلى على دين أحمد | وكن مظهراً للدين وقفت صابرا |
| وحط من أتى بالحق من عند ربه | بصدق وعزم لا تكن حمز كافرا |
| فقد سرني اذ قلت انك مومن | فكن لرسول الله في الله ناصرا |
| وباد قريشا بالذي قد أتيته | جهارا وقل ما كان أحمد ساحرا |

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas
jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas



ترجمہ:- اور یہ اشعار ابُو طالبؑ کے ہیں جو اُنہوں نے اپنے بھائی حمزہؑ کو مخاطب کر کے کہے تھے۔ اور حمزہؑ کی کنیت ابو یعلی تھی:-

ترجمۂ اشعار:- اے اَبا یعلی (حمزہ) دینِ احمدؐ پر قائم رہ، اور ثابت قدمی کے ساتھ دین کا مددگار بن، اور اے حمزہؑ کافر مت ہونا (بلکہ) صدق و عزم کے ساتھ، آنحضرتؐ کی حفاظت کر جو اپنے رب کی طرف سے حق لے کر آئے ہیں۔ مجھے یہ بات بھلی معلوم ہوئی جب تو نے کہا کہ تو مومن ہے پس اللہ کے رسُولؐ کا ناصر بن جا۔ برائے خُدا، اور تو جو (اسلام) لایا ہے اُس کا کُھلم کُھلا اعلان قریش میں کر دے۔ اور (اُن کو) بتا دے کہ احمدؐ کوئی جادوگر نہیں ہیں۔

نوٹ: حضرت ابُو طالبؑ نے مندرجہ بالا اشعار میں حضرت محمد مصطفےٰؐ کو واضح طور پر رسُول اللہؐ تسلیم کرنے کے ساتھ ساتھ حضرت حمزہؑ کو رسُولؐ



کی نُصرت کی تلقین و ترغیب دی، اِن اشعار سے ثابت ہے کہ حضرت ابُو طالبؑ نے اپنے شعر کہنے کی قوّت کو اِسلام کی تبلیغ و اشاعت اور محمد مُصطفےٰؐ کی حمایت و نُصرت و نعت کے لئے وقف کر رکھا تھا۔ لہٰذا یہ کہنا قطعاً غلط ہے کہ ابُو طالبؑ مُسلمان نہ تھے (معاذ اللہ) اور اسی طرح یہ بات بھی صحیح نہیں کہ "وفات کے نزدیک مُسلمان ہوئے تھے" بلکہ حقیقت یہی ہے کہ شروع ہی سے مؤمن تھے۔

## ۱۰۔ جعفرؑ کو نماز کا حکم

"انسان العیون" یعنی سیرۃ حلبیہ مصنفہ علی برہان الدین حلبی شافعی مطبوعہ مطبعۃ الازہریہ مصر الجزء الاوّل ص۲۹۴ سطر ۵ میں یُوں مرقوم ہے:-

"(وفی اسد الغابۃ) ان أبا طالب رأی النبی صلی اللہ علیہ وسلم وعلیاً یصلیان وعلی علی یمینہ فقال لجعفر

Contact : jabir.abbas@yahoo.com - http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas



رضی اللہ تعالیٰ عنہ صل جناح ابن عمک فصل عن یسارہ"

ترجمہ:"(اور اسد الغابہ میں ہے) کہ ابوطالبؑ نے نبیؐ اور علیؑ دونوں کو نماز پڑھتے دیکھا اور علیؑ آنحضرتؐ کے دہنی جانب تھے۔ پس حضرت ابوطالبؑ نے جعفرؑ سے فرمایا "اپنے چچا کے بیٹے (یعنی رسولؐ) کے (ہمراہ) ایک جانب تو (بھی) نماز پڑھ" پس جعفرؑ نے آنحضرتؐ کے بائیں جانب نماز پڑھی۔"

نوٹ: حضرت جعفرؑ کا یہ واقعہ، حافظِ حدیثِ اہل سنۃ والجماعۃ، ابن حجر عسقلانی نے اپنی تصنیف "الاصابہ فی تمییز الصحابہ" مطبوعہ مطبعۃ الشرفیہ جلد ۴، الجزء السابع (۷) صفحہ ۱۱۳ سطر ۲۲ میں لکھا ہے اور "السیرۃ النبویہ" مصنفہ احمد زینی شافعی (المشہور دحلان) مفتی شافعیہ، مکہ معظمہ، مطبوعہ مطبعۃ الازہر مصر (جو سیرۃ حلبیہ کے حاشیہ پر طبع شدہ ہے) الجزء الاول صفحہ ۲۰۲ میں بھی موجود ہے۔



ترجمہ: "کیا تمہیں معلوم نہیں ہے کہ ہم نے محمدؐ کو موسیٰؑ کی مانند نبی پایا (آنحضرتؐ کا) ذکر پہلی کتابوں میں (بھی) موجود ہے" حضرت ابوطالبؑ نے قریش کے سامنے یہ شعر پڑھ کر نبوتِ محمدیہؐ کا کھلم کھلا اعلان فرمایا اور بغرضِ تبلیغِ اسلام قریش کے روبرو نبوتِ محمدیہؐ کی یہ دلیل بھی پیش کی کہ پہلی کتابوں میں بھی حضورؐ کا ذکر ہے۔ اس واضح اقرارِ نبوت سے ثابت ہے کہ ابوطالبؑ وقتِ وفات مسلمان نہیں ہوئے تھے بلکہ پہلے ہی سے مومن تھے۔

۵۔ شرح نہج البلاغہ ابن ابی الحدید معتزلی مطبوعہ مطبعۃ دار الکتب العربیۃ الکبریٰ مصر جلد ثالث صفحہ ۳۱۵ میں ہے کہ حضرت ابوطالبؑ نے رسولِ خدا کو مخاطب کرکے یہ نعتیہ شعر پڑھا:

انت النبی محمد — قرم اعز مسود

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas
jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas



ترجمہ:۔ آپ تو نبی محمدؐ ہیں، روشن پیشانی والے بزرگ سردار۔"

**نکتہ** اگر ابوطالبؑ (معاذ اللہ) غیر مسلم ہوتے تو حضورؐ کو نبی کیونکر تسلیم کر سکتے تھے؟ اور (معاذ اللہ) اگر غیر مسلم ہوتے ہوئے یہ شعر کہا ہوتا تو حضورؐ ضرور دریافت فرماتے کہ آپ مجھے نبی تسلیم کرتے ہوئے بھی کلمہ کیوں نہیں پڑھتے؟ لیکن حضورؐ نے نہیں پوچھا کیونکہ حضرت رسولِ خدا بخوبی جانتے تھے کہ ابوطالبؑ محض مسلمان نہیں بلکہ مبلّغِ اسلام مومن ہیں۔

۶۔ شرح نہج البلاغہ المجلد الثالث ص ۳۱۳ میں حضرت ابوطالبؑ کے جو اشعار منقول ہیں اُن میں حضرت رسالتمآبؐ کے متعلق یہ مصرعہ، ایمانِ ابوطالبؑ کا واضح ثبوت ہے:۔

"نبی اتاہ الوحی من عند ربہ"، یعنی (حضورؐ) نبی ہیں آپ کے



پاس آپ کے رب کی جانب سے وحی آتی ہے" کیا یہ مصرعہ اقرارِ رسالت نہیں؟

۷۔ شرح نہج البلاغہ المجلد الثالث ص ۳۱۴ میں حضرت ابوطالبؑ کے وہ اشعار منقول ہیں جو آپ نے بادشاہِ حبشہ نجاشی کے پاس لکھ کر بھیجے تھے۔ اُن اشعار میں سے ایک شعر یہ ہے:۔

الا لیت شعری کیف فی النّاس جعفر
وعمرو واعداء النبی الاقارب

یعنی اللہ جانے کہ جعفر و عمر کا اُن لوگوں میں کیا حال ہے۔ اور دشمنانِ نبی کس حال میں ہیں۔

نوٹ: مسلمان ہجرت کر کے حبشہ گئے تو کفارِ قریش کے بعض آدمی اُن کے پیچھے حبشہ گئے تاکہ شاہِ حبشہ کو مسلمانوں کے خلاف بھڑکا کر مسلمانوں

jabirabbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

کو حبشہ سے نکلوادیں حضرت ابوطالبؑ نے اُنھی کو نبیؐ کے دُشمن کہا ہے لیکن قابلِ غور بات یہ ہے کہ جُملہ "اعلان النّبی" میں حضورؐ کی نبوت کا اقرار ہے بلکہ بادشاہ نجّاشی کو نبوّتِ رسالتمآبؐ کی تبلیغ بھی۔ ظاہر ہے کہ حضرت ابوطالبؑ شروع ہی سے مومن تھے۔

۸۔ شرح نہج البلاغہ جلد ثالث ص۳۱۴ میں حضرت ابوطالبؑ کے یہ اشعار موجود ہیں:-

نصرت الرسول رسول الملیک　　ببیض تلألأ کلمع البروق

أذب واحمی رسول الاله　　حمایة حام علیه شفیق

ترجمہ:- میں نے بجلیوں کی مانند چمکتی ہوئی شمشیروں کے ذریعہ رسُولِ خُداؐ کی مدد کی ہیں جو معبود کے رسُولؐ کی حمایت و حفاظت کرتا ہُوں (یہ) ایک شفیق حمایت کرنے والے کی حمایت ہے۔



کی عظیم الشان دلیل یعنی وصیّتِ ابوطالبؑ پر پردہ ڈالنے کے لیئے روایت وصیّت کے ساتھ یہ اضافہ کر دیا کہ رسُولؐ نے کلمہ پڑھنے کو کہا لیکن (معاذاللہ) حضرت ابوطالبؑ نے انکار کر دیا کہ لوگ یہ کہیں گے کہ ابوطالبؑ نے موت کے خوف سے کلمہ پڑھا تاہم کہتے ہیں کہ جو ابوطالبؑ، اپنے بھائی حمزہؑ کو اعلانِ ایمان کی یُوں ترغیب دیں کہ قریش کے سامنے کُھلم کُھلّا اعلان کر دے، اور خود بھی قریش کے رُوبرو صاف لفظوں میں اعلان کریں کہ ہم نے محمدؐ کو موسٰیؑ کی مانند نبی پایا" اور وُہی ابوطالبؑ قریش کے بار بار مطالبہ کرنے پر بھی حمایتِ رسُولؐ سے دستکش نہ ہوں، اور اسی حمایتِ اسلام کی وجہ سے شعبِ ابی طالبؑ میں محصُور ہو کر فاقے کرنا گوارا کریں اور پھر بسترِ وفات پر بھی بنی ہاشمؑ کو تصدیقِ رسالتؐ اور اطاعت و اتباعِ پیغمبرؐ کی وصیّت فرماتے ہُوئے قریش کی پرواہ نہ کریں پھر اُنہیں

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com　http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas



کی عظیم الشان دلیل یعنی وصیتِ ابُوطالبؑ پر پردہ ڈالنے کے لئے روایت
وصیت کے ساتھ یہ اضافہ کر دیا کہ رسُولؐ نے کلمہ پڑھنے کو کہا لیکن (معاذ اللہ)
حضرت ابُوطالبؑ نے انکار کر دیا کہ لوگ یہ کہیں گے کہ ابُوطالبؑ نے موت
کے خوف سے کلمہ پڑھا تھا ہم کہتے ہیں کہ جو ابُوطالبؑ، اپنے بھائی حمزہؓ کو
اعلانِ ایمان کی یُوں ترغیب دیں کہ قریش کے سامنے کھُلم کھُلا اعلان
کر دے، اور خود بھی قریش کے رُوبرو صاف لفظوں میں اعلان کریں
کہ ہم نے محمدؐ کو مُوسیٰؑ کی مانند نبی پایا" اور وہی ابُوطالبؑ قریش کے بار بار
مطالبہ کرنے پر بھی حمایتِ رسُولؐ سے دست کش نہ ہوں، اور اسی حمایتِ
اسلام کی وجہ سے شعبِ ابی طالبؑ میں محصُور ہو کر فاقے کرنا گوارا کر لیں اور
پھر بسترِ وفات پر بھی بنی ہاشمؑ کو تصدیقِ رسالتؐ اور اطاعت و اتباعِ
پیغمبرؐ کی وصیت فرماتے ہُوئے قریش کی پرواہ نہ کریں پھر انُہیں



کو حبشہ سے نکلوا دیں حضرت ابُوطالبؑ نے اُنہی کو نبیؐ کے دُشمن کہا ہے
لیکن قابلِ غور بات یہ ہے کہ جُملہ "اعلا النّبیؐ" میں حضورؐ کی نبوت کا اقرار
ہے بلکہ بادشاہ نجاشی کو نبوتِ رسالتمآبؐ کی تبلیغ بھی ظاہر ہے کہ
حضرت ابُوطالبؑ شروع ہی سے مومن تھے۔

۸۔ شرح نہج البلاغہ جلد ثالث صـ ۳۱۲ میں حضرت ابُوطالبؑ کے یہ
اشعار موجود ہیں:۔

نصرت الرسول رسول الملیک ببیض تلألأ کلمع البروق
أذب واحمی رسول الالہ حمایة حام علیه شفیق

ترجمہ: "میں نے بجلیوں کی مانند چمکتی ہوئی شمشیروں کے ذریعہ رسُولِ
خُداؐ کی مدد کی ہیں جو معبُود کے رسُولؐ کی حمایت و حفاظت کرتا ہُوں (یہ)
ایک شفیق حمایت کرنے والے کی حمایت ہے۔

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas



بھی اسلام کی تبلیغ فرمائی۔ ثبوت حسب ذیل ہے:-

۱۱۔ "انسان العیون فی سیرۃ الامین والمامون" (یعنی سیرۃ حلبیہ) مطبوعہ مطبعۃ الازہریہ مصر الجزء الاوّل ص۳۸۳ سطر ۲۵-۲۶-۲۷ اور "الطبقات الکبیر" مصنفہ محمد بن سعد کاتب الواقدی (یعنی "طبقات ابن سعد") مطبوعہ بریل لیڈن الجزء الاوّل ص۷۸ میں ہے کہ حضرت ابوطالبؑ نے اپنی وفات کے وقت یہ وصیت فرمائی:-

فقال لن تزالوا بخیر ما سمعتم من محمد وما اتبعتم امرہ فاتبعوہ وأعینوہ ترشدوا۔" یعنی حضرت ابوطالبؑ نے فرمایا "تم لوگوں نے جو محمدؐ سے سنا ہے اور جو کچھ تم نے آنحضرتؐ کی پیروی کی ہے اس خیر کو زائل نہ کرنا پس تم حضورؐ کی پیروی کرو اور حضورؐ کی مدد کرو، ہدایت پاؤ گے۔"



حضرت ابوطالبؑ کی یہ وصیت ایمان ابوطالبؑ کی واضح دلیل ہے کیونکہ یہ بات غیر مسلم سے عمل میں نہیں آسکتی کہ وہ بستر مرگ پر بھی اتباع رسولؐ کی تلقین کرے اور تعلیماتِ رسولؐ کو خیر قرار دے کر ہدایت کو اتباعِ رسولؐ پر منحصر قرار دے۔ ثابت ہوا کہ حضرت ابوطالبؑ اسلام کے مایۂ ناز مبلغ اور مومن کامل تھے جنہوں نے اپنے آخری سانس تک اسلام کی تبلیغ فرمائی۔

۱۲۔ سیرۃ حلبیہ مطبوعہ مطبعۃ الازہریہ مصر الجزء الاوّل ص۳۸۱ سطر ۱-۲ اور سیرۃ حلبیہ کے حاشیہ پر سیرۃ النبویہ دحلان شافعی الجزء الاوّل ص۹۹ میں ہے کہ حضرت ابوطالبؑ نے اپنی وفات کے وقت بنی ہاشم کو یوں وصیت فرمائی:-

"ان اباطالب قال عند موتہ یا معشر بنی ہاشم

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas



لوگوں کا خوف ہو، یہ ناممکن ہے لیکن افسوسناک امر تو یہ ہے کہ صحیح مسلم میں حضرت عبداللہ (والدِ رسولؐ) کے متعلق یہ روایت ہے :-

| | |
|---|---|
| عَنْ اَنَسٍ اَنَّ رَجُلًا قَالَ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ اَیْنَ اَبِیْ قَالَ فِی النَّارِ قَالَ فَلَمَّا قَفَّا الرَّجُلُ دَعَاہُ فَقَالَ اِنَّ اَبِیْ وَاَبَاکَ فِی النَّارِ | ترجمہ: انسؓ سے روایت ہے کہ ایک شخص نے پوچھا یا رسول اللہ میرا باپ کہاں ہے؟ آپ نے فرمایا دوزخ میں جب وہ پیٹھ موڑ کر چلا تو آپ نے اس کو بلایا اور فرمایا کہ میرا باپ اور تیرا باپ دونوں جہنم میں ہیں۔ |

(نعوذ باللہ من ذالک) یہ روایت صحیح مسلم مترجم مع نووی مطبوعہ مکتبہ سعودیہ کراچی جلد اول صفحہ ۴۰۹ میں ہے۔ باب کا عنوان یہ ہے



"جو شخص کفر پر مرے وہ جہنم میں جائے گا اور اس کی شفاعت نہ ہوگی۔ اور بزرگوں کی عزیزداری کچھ کام نہ آوے گی" (نعوذ باللہ)

## مذہب آلِ محمدؐ

ائمہ اہلبیتؑ کا اس پر اجماع ہے کہ حضرت آدمؑ سے حضرت عبداللہؓ اور حضرتِ ابوطالبؑ تک، رسولِ خدا اور مولا علیؑ کے تمام آباؤ اجداد پاک ہیں۔ اور حضرت عبداللہؓ و ابوطالبؑ دونوں مومن اور جنتی ہیں خیال رہے کہ آزر حضرت خلیلؑ کا چچا تھا، والد نہیں حضرت ابراہیمؑ کے والد "تارخ" تھے دیکھئے شمولِ اسلام مصنفہ علامہ احمد رضا خاں بریلوی شائع کردہ نوری کتبخانہ بازار داتا صاحب لاہور۔

یہ امر کس قدر افسوسناک ہے کہ حاملانِ نورِ محمدیؐ (حضرت عبداللہؓ اور ابوطالبؑ) کو تو معاذاللہ مومن تسلیم نہ کیا جائے اور یزید جیسے دشمن اہلبیتؑ کو

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas



کو شرح فقہ اکبر ملا علی قاری حنفی مطبوعہ مجتبائی دہلی صفحہ ۸۸ میں "ایمان" لا تحریر کیا جائے، بھلا اس پر دیتے کو "محبت اہلبیتؑ" پر مبنی کیونکر سمجھا جائے؟ ہمارے غیر شیعہ مسلمان بھائیوں کو اس بات پر ہمدردی سے غور فرمانا چاہیئے اور حضرت عبداللہ و ابوطالبؑ دونوں کو مومن اور جنتی تسلیم کرنا چاہیئے تاکہ رسول خداؐ کو اذیت دینے سے بچے رہیں جب کہ مفتی احمد یار خاں صاحب بدایونی، مفتی اہل سنۃ والجماعۃ، جامعہ غوثیہ گجرات اپنی کتاب تفسیر نعیمی جلد دوم صفحہ ۱۰۶ سطر ۷ میں تسلیم کرتے ہیں کہ حضرت ابوطالبؑ کے کفر پر مرنے کی کوئی یقینی دلیل نہیں ہے۔ لہٰذا حضرت ابوطالبؑ کے متعلق معاذ اللہ کلمہ نہ پڑھنے کی یا معاذ اللہ عذاب کی تمام روایات غیر یقینی ہیں جو دشمنان علیؑ کی وضع کردہ ہیں حضرت ابوطالبؑ یقیناً مومن کامل و مبلغ اسلام تھے۔ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الْمُنْعِمِ ط (محمد علی پٹیالوی)

حصہ اول تمام شد



**نکتہ:** حضرت عمرانؑ (یعنی ابوطالبؑ) کی جاں نثاریوں کو "محض بھتیجے کی محبت" پر مبنی قرار دے دیا جائے تو بھی حضرت ابوطالبؑ کا اپنے بیٹے کو خود نماز کی ترغیب دینا اور خود کہہ کر نماز پڑھوانا، ایسا امر بالمعروف ہے جسے "محض بھتیجے کی محبت پر مبنی غیر مسلم کا فعل" تسلیم نہیں کیا جا سکتا کیونکہ اپنے بیٹے کو نماز پڑھنے کا حکم دینا، فی الحقیقت اسلام کی تعلیم دینا ہے بھلا کسی غیر مسلم سے یہ بات کہاں وقوع میں آسکتی ہے کہ وہ اپنے بھائیوں، اپنے عزیزوں اور اپنے بیٹوں کو اسلام پر ثابت قدم رہنے کی تبلیغ بھی کرے اور خود کہہ کر نمازیں بھی پڑھوائے۔ حضرت ابوطالبؑ کا اپنے بیٹے جعفر کو خود کہہ کر نماز پڑھوانا، ایمان ابوطالبؑ کی ناقابل تردید برہان ہے جو اس بات کا بھی ثبوت ہے کہ حضرت ابوطالبؑ اسلام کے مبلغ تھے حقیقت تو یہ ہے کہ حضرت ابوطالبؑ نے بستر وفات پر

jabir.abbas@yahoo.com
Contact: jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas



لوگوں کا خوف ہو، یہ ناممکن ہے لیکن افسوسناک امر تو یہ ہے کہ صحیح مسلم میں حضرت عبداللہ (والدِ رسولؐ) کے متعلق یہ روایت ہے:-

عَنْ اَنَسٍ اَنَّ رَجُلًا قَالَ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ اَیْنَ اَبِیْ قَالَ فِی النَّارِ قَالَ فَلَمَّا قَفّٰی دَعَاہُ فَقَالَ اِنَّ اَبِیْ وَاَبَاکَ فِی النَّارِ

ترجمہ: انسؓ سے روایت ہے کہ ایک شخص نے پوچھا یا رسول اللہ میرا باپ کہاں ہے؟ آپ نے فرمایا دوزخ میں جب وہ پیٹھ موڑ کر چلا تو آپ نے اس کو بلایا اور فرمایا کہ میرا باپ اور تیرا باپ دونوں جہنم میں ہیں۔

(نعوذ باللہ من ذالک) یہ روایت صحیح مسلم مترجم مع نووی مطبوعہ مکتبہ سعودیہ کراچی جلد اوّل صفحہ ۴۰۹ میں ہے۔ باب کا عنوان یہ ہے



"جو شخص کفر پر مرے وہ جہنم میں جائے گا اور اس کی شفاعت نہ ہو گی اور بزرگوں کی عزیزداری کچھ کام نہ آوے گی" (نعوذ باللہ)

## مذہبِ آلِ محمدؐ

ائمہ اہلبیتؑ کا اس پر اجماع ہے کہ حضرت آدمؑ سے حضرت عبداللہؑ اور حضرت ابوطالبؑ تک، رسولِ خداؐ اور مولا علیؑ کے تمام آباؤ اجداد پاک ہیں۔ اور حضرت عبداللہؑ و ابوطالبؑ دونوں مومن اور جنتی ہیں۔ خیال رہے کہ آزر حضرت خلیلؑ کا چچا تھا، والد نہیں۔ حضرت ابراہیمؑ کے والد "تارخ" تھے۔ دیکھئے شمولِ اسلام مصنفہ علامہ احمد رضا خان بریلوی شائع کردہ نوری کتبخانہ بازار داتا صاحب لاہور۔

یہ امر کس قدر افسوسناک ہے کہ حاملانِ نورِ محمدیؐ (حضرت عبداللہؑ اور ابوطالبؑ) کو تو معاذ اللہ مومن تسلیم نہ کیا جائے اور یزید جیسے دشمنِ اہلبیتؑ کو

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas



اطیعوا محمدا وصدقوہ تفلحوا وترشدوا۔" ترجمہ: ابو
نے اپنی وفات کے نزدیک فرمایا: "اے گروہِ بنی ہاشمؑ، محمدؐ کی اط
کرو، اور آنحضرتؐ کی تصدیق کرو، تم فلاح اور ہدایت پاؤ گے
**نکتہ** حضورؐ کی تصدیق و اطاعت ہی تو اسلام ہے جس کی تلقین ابو
نے بنی ہاشمؑ کو بسترِ وفات پر بھی فرمائی پھر بھلا یہ بات کیس
معقول سمجھی جائے کہ جو ابوطالبؑ بوقتِ وفات بھی اطاعت
تصدیقِ رسالتؐ کو راہِ فلاح اور ہدایت قرار دے کر اسلام کی تبل
وہ خود ہی غیر مسلم تصور کیے جائیں؟ (معاذ اللہ) یقیناً ابوطالبؑ
اور مبلغِ اسلام تھے جو اپنی اولاد ہی کو نہیں بلکہ تمام تر ہاشم کو مسلم
چاہتے تھے۔

لیکن بنی امیہ کی شامی حکومت کے ہمنواؤں نے ایمانِ ابو

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas